

پوشیدہ خزانے
حکیم محمد اشرف


پوشیدہ خزانے
حکیم محمد اشرف

یا ایھا الناس قد جائتکم موعظة من ربکم و شفاء
لما فی الصد ور ھو للذین آمنوا ھدی و شفاء

"اے دنیا بھر کے انسانوں آچکی ہے تمہارے پاس رب کے پاس سے نصیحت اور سینوں میں جو تکلیف بیماری ہے اس سے شفاء کا سامان اور یہ ایمان والوں کے لئے راستہ بتانے والی اور بیماریوں سے شفاء بخشنے والی ہے"

پوشیدہ خزانے

جادو، جنات، آسیب، نظر بند روحانی جسمانی ہوائی ہر قسم کی بیماریوں کے
مجرب ومفید علاج وعملیات اجازت کے ساتھ درج ہیں

مؤلف وناشر
محمد اشرف امروہوی

رشید پبلیکیشنز

نام کتاب	:	پوشیدہ خزانے
مصنف	:	حکیم محمد اشرف
تصحیح و تزئین	:	
ناشر	:	
صفحات	:	۱۹۲
قیمت	:	۶۵ روپے
طباعت	:	۲۰۱۰ء

ناشر

رشید پبلیکیشنز

۴/۱۲۷- بی للیتا پارک لکشمی نگر، دہلی ۱۱۰۰۹۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِیْم. یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ. حمد وصلوٰۃ کے بعد محمد اشرف علی امت محمدیہ ﷺ کے سامنے یہ چند منتخب عملیات اللہ سبحانہ وتعالیٰ اور ان کے فضل عظیم کی توفیق سے پیش کررہا ہے۔ ہر قسم کی تعریف اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ کے لئے ہے اور بے پناہ درود وسلام نازل ہوں اور ہوتے رہیں اللہ کے برگزیدہ نبی ورسول ﷺ کی روحِ پاک پر اور آپ ﷺ کی اولاد پر۔

اس کو پیش کرنے کی وجہ یہ ہے کہ خادم طالب علمی کے زمانے میں یہ سوچتا تھا کہ ہمارے ملک کے عوام وخواص اور چھوٹے، بڑے یہاں تک کہ مسلم اور غیر مسلم ہر قوم، ہر جماعت ہر طرح کا ذہن رکھنے والا یہ ذہن رکھتا ہے کہ مولویت کے اندر مدرسوں اور دینی درسگاہوں اور ہر دار العلوم میں عملیات اور تعویذات، گنڈے، ٹونے ٹوٹکے اور جادو منتر، جنات وآسیب کے اتار چڑھاؤ کے یہ سب طریقے پڑھائے جاتے ہیں، اور بعض تو یہ بھی سمجھتے ہیں کہ حدیثوں میں سوائے تعویذ، گنڈوں کے اور کچھ نہیں ہے۔ جیسا کہ مجھ سے بھی زمانہ طالب علمی میں سوالات کئے گئے تھے۔ کسی نے معلوم کیا کہ یہاں تک سبق آیا یا نہیں کہ کسی پر جادو یا کالا عمل کرایا جائے اور کسی کو آباد کیا جائے اور کسی کو برباد کیا جائے؟ تو کچھ لوگوں کا ذہن ایسا بنا ہوا ہے کہ جو جتنا بڑا مولوی عالم ومفتی ہوگا، اتنے ہی تعویذ گنڈوں میں مہارت رکھتا ہوگا۔ جب طالب علمی کے زمانے سے اللہ تعالیٰ نے اس سے آگے بڑھایا (پڑھنے کے بعد) تو بھوپال شہر میں جامن والی مسجد فتح گڈھ محلہ میں امامت کرتا تھا اور میرا حال یہ تھا اس زمانے میں اس کو سیکھنے کا بڑا شوق تھا۔ مغرب کی نماز واوابین کی نماز سے فراغت پر ایک نیک سیرت ونیک صورت صاحب میرے حجرے

میں تشریف لائے اور آکر فرمانے لگے کہ میں کچھ خزانہ آپ کو دینا چاہتا ہوں میں نے خوشی کا اظہار کیا تو انہوں نے حجرے کے دروازے بند کروائے اور اس کتاب کے اندر جو جو عملیات آپ کی خدمت میں پیش ہیں وہ تمام نقوش وتعویذات انہوں نے لکھوائے اور ساتھ ہی ساتھ انہوں نے فرمایا کہ تمام عملیات مجربات وآزمودہ ہیں۔ آپ ان عملیات سے خالق کی مخلوق کو فیض پہنچائیں میں غلام وخادم یہ سمجھا کہ آج اللہ تعالیٰ نے میری دلی مراد کو پورا فرمادیا، علمی فراغت کے بعد بھوپال سے اپنے وطن گیا تو لوگ اس سلسلہ سے متعلق زیادہ تعداد میں آنے لگے یہاں تک کہ پاکستان، بمبئی، بنگلور، کرناٹک مختلف مقامات سے آنے لگے۔ چند دن تو اس سلسلہ کو جاری رکھا، جس میں میرا وقت کا بہت بڑا نقصان ہوا کہ علمی مطالعہ سے محروم ہونے لگا۔ ادھر میرے شیخ پیرومرشد نمونۂ صحابہؓ عارف باللہ بقیۃ السلف قطبِ وقت فانی فی اللہ فی الرسول ﷺ حضرت مولانا ڈاکٹر محمد زاہد صاحب زاد اللہ مجدہم نے مجھ سے اُن ایام میں منع فرمایا کہ ان تعویذات وعملیات میں انہماک اچھا نہیں ہے۔ ادھر میں نے غور کیا کہ شہروں کے اندر دو قسم کے ڈاکو لٹیرے نظر آئے ایک یہ لاٹری ٹکٹ فروخت کرنے والا اور دوسرے یہ غلط تعویذ کرنے والے کہ حال یہ کرتے ہیں کہ مریض کا آدھا خون اپنے سامنے بٹھا کر پی جاتے ہیں۔ کسی کو کچھ بھی نہیں ہوتا صرف بدنی کمزوری ہوتی ہے۔ اس کو جنات یا آسیب یا کسی پڑوسی کا کچھ کرایا ہوا سحر جادو بولتے ہیں اور جھوٹ بولتے ہیں جس کی وجہ سے کمزور بدن والا یا جسمانی بیمار والا شخص اپنے پڑوسی سے بدگمانی کر کے دشمنی کرنے لگتا ہے اور دور دور تک نااتفاقیاں پھیلنے لگتی ہیں صرف اس لٹیرے تعویذ گنڈے کرنے والے غنڈے کے جھوٹ بولنے کی وجہ سے ہمیشہ دیکھا گیا ہے کہ اس تعویذ گنڈے کرنے والے عامل کا حشر خراب اور برا ہوتا ہے اور آخر والی زندگی بے کار ہو جاتی ہے اور جو کچھ لوگوں سے جنات وآسیب وجادو بتا کر

ٹھگا ہوتا ہے اس میں برکت نہیں ہوتی۔ اب تو اس زمانہ میں ان تعویذ گنڈوں کو بزنس و کاروباری دھندہ بنالیا ہے، اللہ کی پناہ وحفاظت۔

واقعہ: ہمارے پڑوس میں ایک لٹیرا عامل اسی قسم کا تھا آنے والے مریضوں سے بارہ روٹیاں اور مرغ لے کر کہ اس کے خون سے تعویذ لکھا جائے گا۔ کنڈے (گوبر کے اُپلے) کچھ گوشت اور باقی نقدی روپے لیتا تھا پھر تعویذ دیا کرتا تھا۔ دوسرے دن! اس کے عمل کو دیکھا کہ وہ روٹیاں تو خود کھالیتا تھا۔ خون کے حیلہ بہانے سے مرغ کا گوشت کھالیتا تھا اور وہ اپلے آگ کے واسطے استعمال کرتا تھا اور حقہ پیتا تھا۔ ساتھ میں کتا رکھتا تھا گوشت کتوں کو کھلا دیتا تھا۔ بہت سے واقعات اس قسم کے ہیں کہ اگر ان عامل دھوکہ باز مکاروں کے واقعات کو تحریر کیا جائے تو ایک کتاب بن جائے۔

دوسری طرف ان تعویذ گنڈے لینے والے مریضوں کا حال ہے کہ ان کے عقائد اس قدر بگڑ گئے ہیں کہ ان کا مکمل اعتقاد واعتماد تعویذوں پر ہی ہوتا ہے۔ نعوذ باللہ نعوذ باللہ نعوذ باللہ وَنَتَوَکَّلُ عَلی اللّٰہ بعض کا اس قدر برا اعتقاد ہوگیا ہے کہ وہ تعویذ گنڈوں کی طاقت کو اللہ کی طاقت سے زیادہ سمجھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائے۔ چند ایام قبل میرے ایک پڑوسی کہہ رہے تھے کہ مجھے ایک پاگل دیوانے مجذوب شخصیت نے تعویذ دیا تھا اس تعویذ نے بہت سے کام کئے یہاں تک کہ تقدیر کو ہی پلٹ ڈالا اور اُن صاحب کا حال یہ تھا کہ نماز روزہ خدا کے ذکر وفکر سے کوئی تعلق ہی نہیں تھا۔

اور بعض تعویذ لینے والے مریضوں کا حال یہ ہے کہ وہ سمجھتے ہیں اور کہتے بھی ہیں کہ جادو گندہ وغلیظ عمل ہے۔ اس گندے عمل کی کاٹ کرنے کے لئے گندہ ہی عمل یعنی کفریہ وشرکیہ عمل ہونا چاہئے۔ پاک عمل یعنی قرآن وحدیث کے عملوں سے گندہ عمل یعنی جادو ختم نہیں ہوتا، خوب سمجھ لینا چاہئے کہ یہ خیال لوگوں کا فاسد اور باطل ہے حالانکہ

ناپاک چیز ناپاکی کو کیسے پاک کر سکتی ہے۔ پاک پانی ہی ناپاکی کو دور کر سکتا ہے۔ پاک پانی سے مراد قرآن کریم اور ناپاکی سے مراد جادو وغیرہ۔ اب دونوں کا حال تعویذ لینے اور دینے والے ایک سے ہو گئے۔ برسوں ہو جاتے ہیں کوئی فائدہ مریض کو نہیں ہوتا ہے پھر لوگ کھلم کھلا کفر و شرک پر آ جاتے ہیں اور پنڈتوں اور نجومیوں اور جوگیوں کے پاس ایمان واسلام کو تباہ و خراب کرنے والے دین پر ڈاکہ ڈالنے والے لوگوں کے پاس جاتے ہیں اور وہاں اپنے ایمان کو برباد کراتے ہیں اور کرتے ہیں اور اپنے صحیح عقیدوں کا جنازہ نکال دیتے ہیں اب جب میں نے یہ دیکھا کہ لوگ اس درجہ پر جارہے ہیں اور میرا ان عملیات اور تعویذات دینے سے علمی و عملی نقصان ہو رہا ہے تو میں نے یہ کتاب لکھی اور اپنے بزرگوار استادِ محترم کے بتائے ہوئے نسخے جوان کے زندگی بھر کے مجربات وآزمودہ ہیں تحریر کر دیئے ہیں، تاکہ اس زمین پر اور اس نیلے آسمان کے نیچے رہنے والا ہر مسلمان شخص خود بھی فائدہ اٹھائے اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائے۔ میں نے اس پوشیدہ خزانوں کی کتاب کی عملوں ونقوش وتعویذات کی اجازت صاحب کتاب کو دے دی ہے تاکہ اتنا تو تعلق باقی رہے۔ اسی بنا پر کسی نے کہا ہے حلوا کبھی تنہا نہیں کھانا چاہئے۔ خود بھی کھاؤ اور دوسروں کو بھی کھلاؤ جبکہ اس کے کھلانے سے اپنے کھانے میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی بلکہ کھلانے سے برکت ہوتی ہے۔ اگر صرف خالص اللہ تعالیٰ کی بے چین اور بے قرار مخلوق کے لئے اس کا کام کر دیا جاوے تو اس کے دل سے خود بخود دعائیں نکلیں گی۔ دنیا بننے کے ساتھ آخرت بھی بنے گی۔ پہلے کے بزرگوں نے ان تعویذات ونقوش کو اس لئے بھی دیا کرتے تھے تاکہ بگڑا ہوا آدمی صحیح دین پر آجائے۔ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں یہ بات ڈالی کہ میں اس کتاب کے تمام عملوں کی اجازت عام کر دوں۔ لہٰذا میں کھلے لفظوں میں اس کتاب کے تمام عملوں کی اجازت ہر مسلمان مرد وعورت کو دیتا ہوں۔ اس کتاب

سے فائدہ اٹھانے والوں کے لئے نہ کوئی ہلدی، گوشت، پیاز، لہسن، ہینگ، گھی، دودھ، روٹی، مچھلی، انڈا، شہد، سرکہ، مشک، کھجور کسی چیز کو چھوڑنے کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ بس پرہیز ہے تو گناہوں کے چھوڑنے کا ہے۔ جو جتنا گناہوں سے بچنے والا ہوگا اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا متقی پرہیزگار ہوگا، رسول اللہ ﷺ کی سنتوں کا عاشق و دیوانہ ہوگا اور صحیح علم پر عمل کرتا ہوگا اس کے تعویذات میں بھی اثر ہوگا۔ زبان میں سچائی ہو، کھانے میں حلال رزق ہو، اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی بے چینی کو اپنی بے چینی سمجھتا ہو، تو اس کے عطا کئے ہوئے تعویذات میں اثر ہوگا۔ میں غلام و خادم اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس سے قوی امید کر کے کہتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ہوتے ہوئے پھر کوئی دوسری کتاب یا دوسری جگہ جانے کی ضرورت نہیں۔ اس کتاب میں اکثر نسخے و عملیات قرآن و حدیث شریف سے نکالے ہوئے ہیں۔ جیسا کہ آپ اس کتاب کے اندر دیکھیں گے بھی اور کچھ حوالے بھی لکھ دیئے ہیں اور کچھ باقی استاذِ محترم بھوپال کے آزمودہ ہیں اور اپنے ذاتی بھی، جن کو مفید پایا اور استعمال کر لینے کے بعد آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اس حیثیت سے کہ اس کے نقش اور تعویذات جو اس کتاب میں لکھے ہیں فائدہ اٹھانے کے اعتبار سے بالکل صحیح ہیں۔ لوگوں میں ان سے غفلت تھی اس بنا پر اس کتاب کا نام (پوشیدہ خزانے) رکھا۔ بس اب آپ کسی عامل کے پاس نہ جائیں۔ کامل کے پاس جائیں جو کہ اللہ تعالیٰ کی پہچان کرائے۔ الرحمن فسئل به خبیر الرحمن کی شان کو تو کسی باخبر سے ہی معلوم کیجئے۔ اس کتاب میں جادو و جنات و آسیب کی علامتیں لکھی ہیں اس کے ساتھ ساتھ ہاتھ میں دینے والا تعویذ بھی ہے کہ اس کے ذریعہ سے بھی مرض کی شناخت مکمل طریقے سے معلوم ہو جاتی ہے لہٰذا پہلے صاحب کتاب (عامل) کو مرض کی شناخت کرنی ضروری ہے۔ پھر بعد کو علاج کریں پھر اس کے بعد اس کتاب میں کئی کئی علاج جو کہ سب

مستند و مجرب علاج ہیں تحریر کئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر اور اسی پر بھروسہ کر کے علاج اختیار کرنا چاہئے۔

ایک ضروری ہدایت: ایک بہت ضروری ہدایت یہ ہے کہ عامل کسی مریض کا علاج کرتے وقت اپنے گلے میں حفاظت کا تعویذ ڈال لیا کریں جس میں آیاتِ حفاظت قرآنی اور نقش علیؓ ہو۔ جنات کو جلاتا جب کہ وہ شرکشی پر اتر آئے تو اس کے فلیتے میں نیچے یہ عبارت لکھ دیں (اگر نہ جاویں تو جل جاویں) یہ عبارت لکھ دینے سے اگر جن جل جاوے گا تو آخرت کی پکڑ سے بھی بچ جائے گا اور ایک خوبی اس کتاب میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ دیکھیں گے کہ اس کے عملیات قرآن و حدیث کے موافق و مطابق ہوں گے۔ شریعت کے خلاف اس سے ہٹ کر نہیں ہوں گے۔ کیوں کہ رسول اللہ ﷺ نے امت کی ہر قدم پر، ہر موڑ پر، ہر لمحہ، ہر سانس پر رہنمائی فرمائی ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت وصورت میں تلاش کرنے والے کو سب کچھ مل جاتا ہے۔ خواہ وہ جنات یا جادو یا آسیب یا مصیبتوں اور پریشانیوں سے متعلق ہو۔ بعض لوگوں کا کچھ ایسا ذہن بن چکا ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام کے سامنے یہ سب چیزیں آئیں جیسا کہ آپ اس کتاب کے اندر بھی کچھ دیکھیں گے اور جناب رسول اللہ ﷺ نے اس کا علاج فرمایا۔ اس کو بھی آپ اس کتاب کے اندر مطالعہ فرمائیں گے۔ اب وہ چیز جو رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ کو بتائی ہو ہم بھی اگر ضرورت کے وقت اختیار کریں تو ہمیں اس پر عمل کرنے کی وجہ سے ثواب بھی ملے گا اور ضرورت بھی پوری ہوگی۔

شک کا ازالہ: سہارنپور نانوتہ کے رہنے والے ایک مسلمان مجھ سے ملے اور فرمانے لگے کہ میں عملیات و جنات وغیرہ کو ہی نہیں مانتا، میں نے جواب دیا عملیات کو مانو یا نہ مانو مگر جنات کو ماننا پڑے گا۔ اس لئے اس کا ثبوت قرآن شریف سے ثابت ہے

گویا کہ جنات و جادو کو نہ ماننا قرآن کریم کی آیتوں کو نہ ماننا ہے اور قرآن کریم کی آیتوں کو نہ ماننا کفر ہے، بلکہ اس میں شک کرنا بھی کفر ہے۔ مستقل ایک سورۃ سورۃ جن پ:۲۹ میں اللہ تعالیٰ نے اتار چھوڑی ہے۔ خود رسول اللہ ﷺ پر جادو کیا گیا اور مستقل دو سورتیں جادو سے متعلق آپ ﷺ پر اتاری گئیں۔ جیسا کہ آپ قرآن کریم کی تفسیروں میں دیکھیں گے۔ جنات نے خود رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ آپ اپنی امت سے فرمادیں کہ وہ لید، گوبر اور ہڈی سے استنجا نہ کیا کریں، یہ ہماری اور ہمارے جانوروں کی غذا ہے۔ آپ ﷺ نے اس کا اعلان بھی فرمایا کہ اس سے استنجاء نہ کیا کرو۔ میرے شیخ میرے پیرو مرشد قطب وقت شیخ وقت طبیب جسمانی اور روحانی امروہی مدظلہٗ العالی فرماتے ہیں کہ جنات نے خود بتایا کہ ہم عام طور پر اس کو زیادہ پریشان کرتے ہیں جو ننگے سر بیت الخلا (لیٹرین) میں جاتے ہیں۔ تو جنات کا انکار ہو یا جادو کا انکار ہو گویا کہ آیاتِ قرآنی کا انکار ہے۔ جنات یا جادو سے متعلق بہت سی قرآن کریم کی آیتیں اور بہت سی حدیثیں اور چودہ سو سال سے زیادہ کے گزرے ہوئے اولیاء اللہ کے واقعات ہیں جن کا جمع کرنا بھی ایک مستقل کتاب کی شکل اختیار کرسکتا ہے اور جنات کا ستانا برحق ہے اور جادو کا اثر ہونا بھی حق ہے، یہ بات اس لئے عرض کی گئی ہے کہ کئی مسلمان کا تعلق زندگی میں پڑا جو اس کا انکار کرتے تھے اور انہوں نے اپنی اولاد کو یہی سمجھا رکھا تھا کہ جنات و جادو کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ سب بکواس ہے حالانکہ جیسے اتنی لمبی تفصیل سے ہم نے اس کو ظاہر کیا اور ثابت کیا ہے تو پھر اس کتاب کے عملیات کو ذریعہ بناتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی پناہ و مدد حاصل کیجئے اور اپنا علاج اپنے متعلقین حضرات کا علاج خود کیجئے۔ اللہ تعالیٰ ہی توفیق عطا فرمانے والا ہے اور وہی تمام بے چینوں کی بے چینی ختم کرنے والا ہے اور وہ حفاظت فرمانے سے تھکتا نہیں۔ **ولا یؤدہ حفظھما حسبنا اللہ ونعم الوکیل**

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقه محمد واٰلہ واصحابہ اجمعین اولا واخر وظاھرا وباطنا۔

اس کتاب کے عملیات وتعویذات ونقوش کے عامل بننے کا طریقہ:

صاحب کتاب اگراس کتاب کے عملیات کا عامل بننا چاہیں تو اس کو اس کتاب کے عملوں سے فائدہ اٹھانے کے لئے عامل بننا ضروری ہے تاکہ وہ ان پوشیدہ خزانوں سے بھر پور فائدہ خود بھی اٹھائیں اور دوسروں کو بھی اس کا فائدہ پہنچائیں عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ آخری شب میں تہجد کی نماز کے بعد فجر کے وقت شروع ہونے سے پہلے اکیاون ۵۱ مرتبہ سورہ فاتحه ،الحمد شریف بسم الله الرحمن الرحیم کے ساتھ ساتھ پڑھیں اور اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، تمام درود شریفوں میں سب سے افضل درود شریف درودِ ابراہیمی ہے جو کہ نماز کے اخیر میں پڑھا جاتا ہے۔ تہجد کی نماز ۴ سے ۱۲ بارہ رکعت جتنی توفیق ہوسکے پڑھنے کے بعد اس عمل کو پڑھے۔ اس عمل کو چالیس ۴۰ دن تک مسلسل پابندی کے ساتھ بلا ناغہ پڑھے۔ اگر ناغہ ہوگیا یا عمل پڑھتے پڑھتے فجر کا وقت شروع ہوگیا تو دوبارہ عمل شروع کرنا پڑے گا۔ چالیس دن آپ نے اس عمل کو کرلیا تو آپ اس کتاب کے عامل بن گئے۔ اب خود بھی فائدہ اٹھائیں اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

نوٹ: بہتر ہے کہ اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔ نوچندی جمعرات اس کو کہتے ہیں۔ چاند کے مہینے کے شروع ہونے کی پہلی جمعرات مثلاً چاند نظر آیا منگل کے دن تو نوچندی جمعرات چہار شنبہ بعد بدھ کا دن چھوڑ کر جو جمعرات آئے گی۔ یعنی ہر مہینہ کے چاند دیکھنے کے بعد جو جمعرات آئے گی وہ جمعرات نوچندی جمعرات کہلائے گی۔

نوٹ: اگر عامل تہجد کی نماز پڑھنے کا ہمیشہ سے عادی ہو تو اس کے عملوں میں جان واثر بہت زیادہ ہوگا۔

عامل حضرات کے لئے ضروری ہدایت:

ہر عامل ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کرے، خاص کر تعویذ و نقش لکھتے وقت باوضو رہے۔ اکل حلال، حلال غذا ہو، صدق مقال سچ بولنا، تقویٰ، نمازوں کا اہتمام ہو، منکرات یعنی برائیوں سے بچنا ہو، تنہائی پسند ہو، فضول گفتگو اور بدلوگوں سے الگ تھلگ رہے۔ اگر محبت کا عمل کرے تو اشراق کی نماز کے بعد، یا مغرب کی نماز کے بعد کرے اور جمعرات، جمعہ، پیر یہ تین دن افضل ہیں اور محبت کا عمل کرتے وقت یعنی تعویذات وغیرہ لکھتے وقت منہ میں میٹھی چیز رکھے اور اگر دشمنی کا عمل کرے تو زوال آفتاب کے وقت (عام طور پر بارہ (۱۲) بجے کرے۔ منگل اور اتوار کا دن ضروری ہے اور دشمنی کا عمل کرتے وقت منہ میں نمکین یا ترش کھٹی چیز رکھے۔

تنبیہ: ناجائز محبت کا عمل یا ناجائز طور پر دشمنی کا عمل ہرگز نہ کرے ورنہ اس کی زندگی کے تباہ ہونے کا خوف ہے۔ اس طور پر کہ اس سے اس عمل کی راحت و چین و سکون والی زندگی نہیں رہتی اور بری موت مرجاتا ہے۔ یہ خاص طور پر یاد رکھنے والی چیز ہے۔ ہر عامل کو عورتوں کے علاج کے سلسلہ میں پرہیز ضروری ہے۔ یعنی پردہ کا اہتمام ہو اور کسی محرم مرد کو ساتھ ہونا چاہئے۔ تنہائیوں میں عورتوں سے بات نہ کریں۔ ان تمام نقش و تعویذ کو دنیا کمانے کا ذریعہ نہ بنائے۔ بلکہ للہ فی اللہ کرے تو بہتر ہے خدا کی مخلوق کو فائدہ پہنچانے کی نیت ہو اور اپنی محنت کا کچھ لینا بھی جائز ہے۔ غریبوں سے نہ لیں تو بہتر ہے۔ مالداروں سے لئے بغیر نہ کریں۔

اجازت عملیات: اگر کوئی شخص پریشان ہو اور اعانت چاہے تو اللہ تعالیٰ پر

اعتماد و بھروسہ کر کے نقش دے دیا کریں اپنی محنت پر اعتماد و بھروسہ نہ ہو بلکہ اللہ تعالیٰ ہی نفع نقصان کا مالک ہے۔ دل سے سمجھائیے اور مریض کو بتائیے ہر مریض سے یوں کہنا ضروری ہے کہ نمازوں کا اہتمام کرے نمازوں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے مدد مانگے۔ علاج کے درمیان صدقہ کرے۔ اس لئے کہ صدقہ بلاؤں کو ٹالتا ہے اور بلاؤں کے ستر دروازوں کو بند کرتا ہے۔ صدقہ سے صحت ملتی ہے۔ مریضوں کو نفع پہنچتا ہے۔ اسی لئے ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ صدقہ کے ذریعہ اپنے مریضوں کا علاج کیا کرو۔

ایک نصیحت والا واقعہ: ایک مسلمان شخص کا حال عجیب تھا کہ جب وہ کبھی بیمار ہوتے تھے حکیم وطبیب کے پاس جاتے تھے اور مرض کی تشخیص کرانے کے بعد دوا لکھواتے تھے اور پھر یہ معلوم کرتے کہ یہ دوا کتنی رقم کی ہے، اتنی ہی رقم نکال کر صدقہ کردیتے تھے اور دوا کا پرچہ پھاڑ کر پھینک دیتے تھے۔ اسی سے اللہ تعالیٰ ان کو شفاء عطا فرماتے اور وہ صدقہ کے ذریعہ سے اپنا علاج خود کرلیا کرتے تھے، لہٰذا ہر مریض کے لئے ضروری ہے کہ ایک چلہ کم از کم صدقہ نکالے۔

صدقہ نکالنے کا طریقہ: صدقہ نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ کچھ نہ کچھ جو اوقات ہو روپیہ پیسہ نکال کر ایک ڈبہ میں جمع کر کے اور بلا ناغہ اور مسلسل جمع کرے اور پھر چالیس دن کے بعد کسی مستحق کو دے دیوے۔

ہر عامل پر ضروری ہے کہ ہر مسلمان کو یہ باتیں بتائیں:

اگر مریض مسلمان ہے تو نمازوں کا اہتمام کرے اور اپنی گھر کی عورتوں کو یہ بتائے کہ شام کو اور دوپہر کو مکان کا دروازہ بند رکھیں اور رات کو سونے سے پہلے دروازہ اور کھڑکی بسم اللہ پڑھ کر بند کریں اور جھوٹا برتن دھو کر رکھیں یا پھر الٹا کر کے رکھیں اور پانی کا برتن اور کھانے پینے والی چیزیں ڈھانک کر رکھیں، کیوں کہ رات کو آسیب و جنات و

شیاطین کا حملہ ہوتا ہے۔ اس عمل سے شیطانی حملہ سے بچ جاتا ہے۔ مریض کو یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ ہر کھانے پینے کی چیز پر یہ پڑھیں۔ ایاك نعبد و ایاك نستعین اور دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اے اللہ میری پریشانیوں کو دور کردے اور صحت عطا فرما۔

نقش حضرت علیؓ: یہ نقش حضرت علیؓ کے نام سے جانا تا ہے یہ نقش ہر طرح کے جادو اور آسیب اور جنات اور نظر بد اور بیماری کے لئے مجرب ہے۔

نقش یہ ہے کہ پہلے بسم اللہ لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



الله الله ربی لا اشرك بك شیئا اعوذ بکلمات الله التامات من غضبه وعقابه وشر عباده ومن همزات الشیاطین وان یحضرون الله شافی الله کافی برحمتك یا ارحم الله الراحمین.

بہت ضروری ہدایت: اس نقش علیؓ میں اتنی عبارت لکھ کر پھر آخر میں اس طرح کھینچیں گے //// جیسے آپ اوپر دیکھ رہے ہیں جہاں پر ہم نے یہ ××× بنایا ہے تو اس نقش میں یہ //// لکیریں مکمل تعویذ لکھنے کے بعد لکھیں گے اگر شروع میں یہ //// تین لکیریں بنا دیں تو تعویذ بے کار ہو جائے گا۔ کام نہیں کریگا۔

ہر عامل کے لئے ضروری کام کی باتیں: اگر مریض سحر زدہ یعنی جادو کیا ہوا ہے تو اس نقشِ علیؓ کے ساتھ پانی اور تیل بھی مریض کو استعمال کرنا ہے چالیس دن تک منزل پڑھ کر پانی اور سرسوں کے تیل پر دم کریں اور تیل کو روزانہ ایک متعین وقت ٹانگیں چھوڑ کر کمر اور کمر سے اوپر لگائیں اور یہ پڑھا ہوا منزل کا پانی صبح وشام پیا کریں۔

نوٹ: منزل کتاب کا تعارف آگے چل کر بیان کریں گے۔ یہ قرآن کریم کی مختلف آیات وسورتیں ہیں۔ جو خواب میں بشارت ہوئی ہیں جس کی تفصیل آنے والی ہے انشاءاللہ تعالیٰ اگر مریض زیادہ پرانا ہے تو یہ علاج پھر تین چلہ کرنا چاہئے اور اسی کے ساتھ ساتھ مریض اس تعویذ کے پانی سے ہر چھٹے دن غسل کرے۔ غسل کا تعویذ یہ ہے۔

غسل کا نقش

۷۸۶ ۷۸۶ ۷۸۶
۷۸۶ ۷۸۶ ۷۸۶
۷۸۶ ۷۸۶ ۷۸۶

لالالالالالالالالالالالالالالا

ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح ح

ب ب ب ب ب ب ب

غ غ غ غ غ غ غ

ث ث ث ث ث ث ث

ح ح ح ح ح ح ح

یاناصر یاناصر یاناصر

یہ نقش ہر سحر زدہ وآسیب زدہ جن ونظرِ بد وغیرہ کے علاج میں مجرب ہے اور پرانی بیماریوں کے علاج میں بھی آزمودہ ہے۔ اس غسل کے نقش کو لکھ کر نہانے والے پانی میں ملا دیں اور ذکر کیا ہو تیل لگا کر اس نقش کے پانی سے غسل کر لیں۔ اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمانے والے ہیں۔

علامات سحر یعنی جادو کی شناخت:

سحر یعنی جادو کی پہچان یہ ہے کہ مریض دن بدن سوکھتا جاتا ہے کہتے ہیں کہ کھاتا ہے بکری کی طرح سوکھتا ہے لکڑی کی طرح اور جادو والے کا چہرہ روز بروز پیلا پڑتا رہتا ہے اور جو تیل ہم نے اوپر ذکر کیا ہے یعنی منزل کا دم کیا ہوا اس تیل کی مالش کرنے سے

بدن میں سے اکثر کانچ، بال، چونا، ریت اور کوڑا کچرا نکلتے ہیں ایسا بھی ہوتا ہے کہ بہت دنوں سے بیمار ہے اور اس کا علاج مشکل پڑتا ہے کوئی دوا سے فائدہ نہیں ہوتا ہے اور یہ بھی علامت ہے کہ جادو والے مریض کے بدن میں سوئیاں اور کانٹے سے چبھتے ہیں اور یہ بھی علامت ہے کہ اس کے بدن کے کسی حصے میں یا پورے بدن میں درد ہوتا ہے اور جادو کی یہ بھی علامت ہے کہ مریض کے دائیں ہاتھ میں اس نقش نمبر ا کو دیگر پانچ منٹ تک پکڑوائے رکھیں۔ اس طریقہ پر کہ ہاتھ کسی چیز پر نہ ٹکے بالکل سامنے کی جانب پورا ہاتھ اٹھائے رکھیں۔ اس نمبر ا نقش سے ہاتھ میں وزن ہو جائے گا اور بھاری پن معلوم ہوگا جیسے کہ اٹھارہ ۱۸ کلو کا پتھر ہوتا ہے تو سمجھ لینا چاہئے کہ سحر جادو ہے اور اگر وزن معلوم نہ ہو تو مریض کو بیماری ہے۔ نمبر ا کا ہاتھ میں دینے والا نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۳۲۴	۳۲۷	۳۳۰	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۸
۳۱۹	۳۳۲	۳۲۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۱

مرض کا علاج: اگر یہ اوپر والا نمبر کا تعویذ ہاتھ میں وزن معلوم نہ ہو مرض و بیماری ہے۔ اس کے لئے یہ بیماری والا نقش زعفران سے لکھ کر چالیس ۴۰ دن تک مریض کو صبح خالی پیٹ پلائیں۔

علامات جنات: جنات کی علامات یہ ہیں کہ اگر مریض زیادہ انگڑائیاں لیتا ہے اور جمائیاں لیتا ہے تو یہ علامت جنات کی ہے اور ایک علامت جنات والے مریض کی یہ ہے کہ اس کی آنکھ سرخ گلابی ہوگی جیسے کہ لال آنکھیں شرابی کی ہوتی ہیں، اور ایک

علامت یہ ہے کہ اس کا منھ ہونٹ خشک ہوں گے جس کی وجہ سے پانی بھی زیادہ استعمال کرے گا۔ جنات والے مریض کی شناخت کے لئے یہ بھی کر کے دیکھیں کہ نمبرا جو اوپر لکھا گیا ہے سیدھے ہاتھ میں دیں پانچ ۵ منٹ تک، پانچ ۵ منٹ کے اندر اندر جن حاضر ہو جائے گا اور اگر پانچ ۵ منٹ کے بعد بھی جن حاضر نہ ہو تو پانچ منٹ کے بعد نمبر ۲ کہ اس کی تاثیر زیادہ ہے نمبرا سے بعض مرتبہ نمبر ۲ کے نقش سے بھی جن حاضر نہیں ہوتا صرف ہاتھ میں لرزہ و کپکپی ہوتی ہے تو بھی سمجھ لینا چاہئے کہ جن کا اثر ہے۔ نمبر ۲ کا نقش یہ ہے۔

۳۲۶	۳۲۹	۳۳۳	۳۱۹
۳۳۱	۳۲۰	۳۲۵	۳۳۰
۳۲۱	۳۳۵	۳۲۸	۳۲۴
۳۲۹	۳۲۳	۳۲۲	۳۳۴

جنات والے مریض کا علاج: اگر مریض پر جن کا اثر ہے تو اس مریض کو پانی اور تیل جو کہ منزل کا دم کیا ہوا ہو دیویں مذکورہ سحر زدہ کے علاج کے طریقہ پر استعمال کرائیں اور غسل کے نقش کے علاوہ چالیس دن کے لئے فلیتہ دیویں اور نقش علیؑ جو پہلے گزر چکا ہے موم جامہ کر کے یا تانبے کے خول میں ڈال کر کالے رنگ کے تاگہ (دھاگہ) سے گلے میں ڈال دیں۔

حقیقت آسیب: آسیب جسے ہمزاد بھی کہتے ہیں انسان کے مرجانے کے بعد جب اسے قبر میں دفن کرتے ہیں اور دفن کرتے وقت آیت قرآنی **منها خلقنا کم وفیها نعید کم ومنها نخرجکم تارة اخری** نہ پڑھیں تو ہمزاد دفن ہونے سے رہ جاتا ہے اور پھر وہ ایسے لوگوں کے بدن میں گھسبتا ہے جن کا خون اس کے موافق ہوتا ہے اور گھس کر پریشان کرتا ہے اور انسان کے اوپر اپنا تسلط جمالیتا ہے۔ پھر انسان وہی بولتا

ہے جو وہ چاہتا ہے۔ بعض مرتبہ غیبی خبریں بھی بیان کرتا ہے، اور جھوٹ بولنا اس کا مخصوص وظیفہ ہوتا ہے، اور غلط سلط خبریں بیان کرتے ہیں، اور بعض مرتبہ لوگ آسیب زدہ سے اپنے اور اپنے متعلقین کے حالات معلوم کرتے ہیں کہ کس کو کیا ہے اور کیا مرض و بیماری ہے وہ آسیب زدہ انسان جو جھوٹ موٹ بہت کچھ بتاتا ہے۔

آسیب کی علامات: آسیب زدہ مریض کی آنکھیں نیچی رہیں گی کہ وہ نظر سے نظر ملا کر نہیں دیکھے گا بلکہ آنکھیں نیچی رکھے گا، جیسے کہ کوئی مجرم عدالت میں حاکم کے سامنے شرمندہ ہوتا ہے۔ آسیب کی علامت یہ بھی ہے کہ کوئی دوا اثر نہیں کرتی اور مرض کی شکل اختیار کر لے گا۔

بہت ضروری ہدایت: بہت ضروری ہدایت یہ ہے کہ آسیب زدہ اور سحر زدہ اور جنات والے مریضوں کے لئے کم سے کم ایک ہفتہ نمک، بالکل بند کرا دیں نمکین چیز کوئی استعمال نہ کریں۔ جب تک علاج چلتا رہے تو بہتر ہے کہ نمک بند ہی رکھیں۔ ورنہ تو ایک ہفتہ ضرور بند رکھیں۔ یہ خاص طور پر خیال رکھنے کی بات ہے اور مریض کو علاج کے دنوں میں روزانہ صبح نہار منہ ایک مرتبہ درود ابراہیمی ایک مرتبہ سورۃ فلق ایک مرتبہ سورۃ ناس پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں۔ یہی پانی صبح کو سب سے پہلی غذا ہوگی۔

بغیر حاضر کئے جنات کو جلانا: میرے استادِ محترم نے بتایا کہ اس فلیتہ سے بغیر حاضر کئے جنات جل جاتے ہیں اور آسیب بھی جل جاتے ہیں۔ اس فلیتہ کو نئے مٹی کے چراغ میں تل کے تیل کے ساتھ بھگو کر جلائیں۔ یعنی سلگائیں۔ ۲۱ر دن تک نقش مکرم یہ ہے۔

ضروری نوٹ: نقش کے نیچے یہ عبارت ضرور لکھنی چاہئے۔
(اگر نہ جاوے تو جل جاوے)

نقش صفحہ 21

فلیتہ کے استعمال کا طریقہ: فلیتہ کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ فلیتہ کو روئی سے لپیٹ کر اوپر سے کالا دھاگہ لپیٹ دیں پھر مٹی کے برتن میں تیل لے کر اور اس فلیتے کو تیل میں بھگو کر سلگائیں اور مریض کو دکھائیں۔

ضروری ہدایت: ہمیشہ یہ بات یاد رکھیں کہ فلیتہ سورج چھپنے کے بعد روشن کیا جاتا ہے۔ فلیتے کئی قسم کے ہیں۔ نمبر ۱ کا فلیتہ عام طور پر استعمال بعد روشن کیا جاتا ہے۔ نمبر ۲ کا فلیتہ زیادہ اثر رکھتا ہے، نمبر ۳ کا فلیتہ سب سے زیادہ تیز اثر رکھتا ہے۔ ترتیب وار لکھتے ہیں غور سے دیکھیں:

نمبر ۱ کا فلیتہ: یا مھلائیل یا ثمنائیل یا میکائیل یا جبرئیل ×

نمبر ۲ کا فلیتہ: یا مھلائیل یا ثمنائیل یا میکائیل یا جبرئیل
شیطان فرعون ہامان شداد ×

نمبر ۳ کا فلیتہ: یا مھلائیل یا ثمنائیل یا میکائیل یا جبرئیل
شیطان فرعون ہامان ابلیس یا مھلائیل
یا ثمنائیل یا میکائیل یا جبرائیل ×

ایک بہت تیز اثر فلیتہ: یہ فلیتہ اُن سب فلیتوں میں سے بھی زیادہ اثر رکھتا ہے کبھی اس کو بھی ضرورت کے وقت استعمال میں لائیں۔ اس فلیتہ کو اوپر کئے ہوئے طریقہ کے مطابق ۲۱ ردن متواتر مسلسل استعمال کرائیں۔

۸	۱	۶	دجال
۳	۵	۷	نمرود
۴	۹	۲	ابلیس
فرعون	ہامان	قارون	شداد

اگر نہ جاویں تو جل جاویں

نمبر ا، نمبر ۲، نمبر ۳ کے فلیتے سحر جادو آسیب اور جنات والے مریض کے لئے عام ہیں اوران فلیتوں کوسرسوں کے تیل میں روشن کریں۔ ۴۰ چالیس دن تک روزانہ رات کو مریض کوسامنے بٹھا کرتا کہ مریض اس چراغ کو دیکھتا رہے جب تک وہ چراغ دھواں دیتا رہے انشاء اللہ مریض کا ہمیشہ کے لئے جنات وآسیب سے چھٹکارہ ونجات مل جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہی نفع نقصان کے مالک ہیں اور سب کچھ انہیں کے قبضہ میں ہے۔

مریض کے لئے علاج کے درمیان کی ہدایت:

مریض علاج کے درمیان اپنے شہر یا گاؤں، قریہ سے باہر نہ جائے بلکہ بہتر ہے کہ علاج کے درمیان اپنے گھر سے ہی نہ نکلے اور مریض اس گھر میں تو بالکل ہی نہ جائے جس میں بچہ کی پیدائش ہوئی ہو۔ ایک ہفتہ تک کم سے کم دوسری ہدایت یہ ہے کہ مریض اپنے گلے کے تعویذ کو اس قدر چھوٹا اور تنگ کر کے باندھے کہ اگر مریض اس کو توڑنا چاہے تو توڑ نہ سکے یعنی دھاگہ بھی مضبوط ہو تیسرے یہ کہ جنات و جادو و آسیب والے مریض کسی وقت بھی اپنے گلے سے تعویذ باہر نہ نکالیں ان باتوں پر عمل کرنا بہت ضروری ہے۔ عامل کے لئے بتانا ضروری ہے اور مریض کے لئے عمل کرنا بہت ضروری ہے۔

تمام قسم کے نظر بد اور آسیب اور جادو وغیرہ سے حفاظت کے لئے:

یہ تعویذ ایک زبردست پائے کے عالم وعامل کہ جن کے نام سے جنات خوف کھاتے تھے ان کی جانب سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے لئے ہدیہ ہے اور اس تعویذ میں اصحاب کہف کے نام ہیں۔ تعویذ کے ساتھ ساتھ نقش کو لکھا جاوے۔ اور موم جامہ کر کے کالے دھاگے سے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بے انتہا مفید پائیں گے وہ تعویذ اور نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. الھی بحرمة یملیخا مکسلمینا

كشفوطط طيونس كشا فطيونس اذا فطيونس يوانس بوس و كلبهم قطيمرو على الله قصد السبيل ومنها جائر ولو شاء لهدٰ كم اجمعين وصلى الله تعالىٰ على سيدنا محمد واله واصحابه وبارك وسلم ان الله خير حافظا وهو ارحم الراحمين ولا يؤده حفظهما وهو العلى العظيم۔

٨	٦	٤	٢
٢	٤	٦	٨
٦	٨	٢	٤
٤	٢	٨	٦

بہت ضروری نوٹ و یاد داشت: یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہئے کہ نقش بھرنے کے لئے سب سے اول چھوٹے عدد کو پہلے لکھا جاوے پھر اس کے بعد جو اس سے بڑا ہو پھر اس کے بعد جو اس عدد سے بڑا ہو اسی طرح پورا مکمل نقش بھرنا چاہئے۔ یہ قاعدہ ہر قسم کے نقش کو پُر کرنے کا ہے۔ یہ اصول ہرگز نہ بھولیں غور کر کے دیکھ لیں۔

جنات وشیاطین کے حملوں سے محفوظ رہنے کا بے مثال قلعہ:

حضرت عبدالرحمٰن ابن خلیش رضی اللہ عنہ سے معلوم کیا گیا (جبکہ یہ بہت بوڑھے عمر رسیدہ ہو چکے تھے) کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تھا۔ ان صحابیؓ نے جواب دیا کہ بار دیکھا تھا۔ پھر ان سے معلوم کیا گیا اُس رات میں جس میں شیاطین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ فریب کرنا چاہتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا؟ عبدالرحمٰن ابن خلیش رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ شیطان پہاڑوں کے دروں اور نالوں سے نکل نکل کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ ان شیطانوں میں ایک شیطان تھا جس کے پاس آگ کا ایک شعلہ تھا۔ جس سے وہ بد بخت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک بال جلانا چاہتا تھا۔ اسی درمیان میں جبرئیل علیہ

السلام تشریف لائے اور کہا اے محمد ﷺ پڑھئے آپ ﷺ نے فرمایا کیا پڑھوں؟ جبرئیل علیہ السلام نے کہا یہ دعا پڑھئے: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيهَا وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنَ الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ فِيهِ وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ. آپ ﷺ نے یہ دعا پڑھی پڑھتے ہی شیطانوں کی آگ بجھ گئی اور اللہ تعالیٰ نے ان سب جناتوں اور شیطانوں کو شکست دی اور ناکام بنادیا۔ (اسد الغابہ ج ۴، ص ۹۰)

شیطانوں اور جناتوں کے گھراؤ میں آکر بچنے کا قلعہ:

اگر کسی کو راستوں اور جنگلوں یا کسی بھی جگہ شیاطین اور جنات اور آسیب وغیرہ گھیر لیں اور چاروں طرف سے حملہ کرنے کے لئے آمادہ ہو جائیں تو اس کو چاہئے کہ بلند آواز سے اذان دیوے اور بلند آواز سے ہی آیۃ الکرسی پڑھے اس عمل سے ایک بھی جن اور شیطان نہیں آئے گا۔ سب کے سب بغیر تکلیف دئے بھاگ جائیں گے۔ یہ عمل عجیب اور مجرب ہے۔

جب جنات وشیاطین کی سرکشی سے پریشان ہو جائے۔

خصائص کبریٰ میں بیہقی سے بروایت حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ منقول ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں شکایت کی اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ جس وقت میں بستر پر لیٹتا ہوں تو اپنے گھر میں اچانک چکی کی سی اور شہد کی مکھی کی سی بھنبھناہٹ سنتا ہوں اور بجلی کی سی چمک دیکھتا ہوں میں نے رات کو جب گھبرا کر اپنا سر ڈرتے ہوئے اٹھایا تو اچانک مجھ کو ایک کالا سایہ اونچا لٹکتا ہوا نظر آیا وہ میرے گھر کے صحن میں لمبا ہوتا جاتا تھا۔ میں نے اس کو پکڑنے کا ارادہ کیا اور اس کی کھال کو ہاتھ لگایا۔ اس

نے میرے منہ پر آگ کا شعلہ پھینکا جس سے مجھے گمان ہوا کہ اس نے مجھے پھونک دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابو دجانہ تیرے گھر کا رہنے والا جن بُرا ہے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو حکم دیا قلم دوات کاغذ میرے پاس لاؤ اور فرمایا کہ لکھو یہ دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. هٰذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ وَالسَّائِحِيْنَ اِلَّا طَارِقاً يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ اَمَّا بَعْدُ! فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْفَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْدَاعِيًا حَقًّا بَاطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَاكُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ تَنْصُرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

حضرت ابو دجانہؓ فرماتے ہیں کہ اس مبارک خط کو اپنے گھر لے گیا اور میں اس کو اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو گیا اور جب میں نیند سے بیدار ہوا تو ایک چلانے والے کی آواز اور وہ یوں کہہ رہا تھا اے ابو دجانہ قسم ہے لات وعزیٰ کی (بتوں کے نام ہیں) ہم کو ان کلمات نے پھونک دیا۔ اگر اس تعویذ والے کے طفیل سے تو ہم پر سے یہ تعویذ ہٹا لے تو ہم تیرے گھر میں کبھی نہ آئیں اور نہ تیرے پڑوس میں اور نہ اس جگہ جہاں یہ نقش ہوگا۔ ابو دجانہؓ فرماتے ہیں جب صبح ہوئی میں نے فجر کی نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پڑھی اور جو کچھ میں نے جنات سے سنا تھا اس کی آپ کو اطلاع دی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے

ابو دجانہؓ ہٹالے عذاب کو ان لوگوں پر سے، قسم اس ذات کی جس نے مجھے حق پر بھیجا ہے
کہ وہ اس کا رنج و عذاب قیامت تک پائیں گے (اگر نہ ہٹاوے گا تو)۔

نوٹ: اس نقش کو تعویذ بنا کر اس انسان کو گلے میں ڈالنا چاہئے جو جنات کے ستانے سے تنگ آ گیا ہو اور اس نقش کو گھر میں بھی لگانا چاہئے جس گھر میں جنات نے اپنا گھر بنا لیا ہو اور پریشان کرتے ہوں نکلتے نہ ہوں۔

جنات و آسیب و جادو اور موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے:

جملہ قسم کے آفات و بلیات جادو، جن، آسیب و تکلیف دہ جانوروں سے حفاظت کے لئے مستند و مدلل و مجرب عمل ہے کہ صبح و شام ایک مرتبہ منزل کا پڑھنا بہت زیادہ مفید ہے۔ یہ منزل قرآنِ کریم کی تینتیس ۳۳ آیتیں ہیں جو ایک کتاب کی شکل میں کتب خانوں میں ملتی ہیں۔ منزل کے نام سے ہی ملتی ہیں۔

فائدہ اٹھائیں اور ہر عامل کو اس کا پاس رکھنا بہت ضروری ہے۔

جس مکان میں آسیب و جنات کا خطرہ ہو اس کی حفاظت کے لئے:

جس مکان یا دوکان وغیرہ میں جنات و آسیب کا خطرہ ہو یا پتھر، اینٹیں، بال، خون گوشت کی ہنڈیاں وغیرہ گرتی ہوں تو اس کی روک تھام کے لئے اس نقش کو لکھ کر لٹکا دیں۔
اس نقش کو کئی مرتبہ آزمایا ہے۔ مفید ہی ثابت ہوا اور انشاءاللہ مفید ہی پائیں گے۔

نقش معظم یہ ہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۹۰۹	۹۹۲۲	۹۹۱۹	۹۹۱۶
۹۹۲۰	۹۹۱۵	۹۹۱۰	۹۹۲۱
۹۹۱۴	۹۹۱۷	۹۹۲۴	۹۹۱۱
۹۹۲۳	۹۹۱۲	۹۹۱۳	۹۹۱۸

جنات وآسیب ونظر بد سے حفاظت کے لئے:

یہ نقش آیت الکرسی کا ہے اس کو بھی ضرورت کے وقت استعمال فرمائیں اور فائدہ اٹھائیں آیت الکرسی کی خاصیت آگے دیکھیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۵۴۵	۱۵۳۰	۱۵۴۳
۱۵۴۰	۱۵۴۲	۱۵۴۴
۱۵۴۱	۱۵۴۶	۱۵۳۹

جس انسان کو جنات وشیاطین نے اُلّو بنادیا ہو:

جس انسان کو جنات وشیاطین وآسیب نے ستاتے ستاتے اُلّو (گھگو) بنادیا ہو اس کے الٹے بائیں کان میں یہ آیت سات مرتبہ پڑھیں اور سات مرتبہ ہی اذاں دیں، اور سات مرتبہ فاتحہ چاروقل آیۃ الکرسی سورۃ طارق سورۃ حشر کی آخری تین آیتیں اور سورۃ والصافات پوری پڑھیں اوپر والی آیت یہ ہے وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمٰنَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّہٖ جَسَدًا ثم انا بانشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے فوراً شیطان پیچھا چھوڑ دیتا ہے ورنہ جل کر راکھ ہو جاتا ہے۔ مجربات میں سے ہے۔

اپنی اور گھر کی حفاظت کے لئے حصار:

رات کو سوتے وقت بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے مکان کے چاروں طرف انگلی کے اشارے سے حصار کر لیا جاتا ہے۔ اس عمل سے ہر طرح کے ہونے والے ٹونے ٹوٹکے جان ومال وغیرہ کی حفاظت رہتی ہے۔ باذن اللہ تعالیٰ وعونہ)


اگر کسی مکان یا دوکان و محل فیکٹری کارخانہ میں آسیب کا اثر ہو یا جناتوں اور شیطانوں نے اس کو اپنا ڈیرہ بنالیا ہو اس کو کھولنے کا عمل:

اگر کسی مکان دوکان یا کسی بھی مقام پر جناتوں وغیرہ نے اپنا قبضہ کرلیا ہو اور صاحب مکان وغیرہ کو تنگ و پریشان کرتے ہوں یا اس میں رہنے والے کو جان سے مار ڈالتے ہوں یا اس مکان میں جادو کر دیا گیا ہو کہ خون کی ہنڈیاں آتی ہوں یا اس مکان میں بالوں کی چٹیاں گرتی ہوں یا اینٹ پتھر اس مکان وغیرہ میں گرتے ہوں یا گوشت وغیرہ آتے ہوں تو چاہئے ایسے مکان و دوکان وقلعہ وغیرہ کو کیل دیں اور حصار کر دیں اس عمل کے ذریعہ سے یہ عمل وہ عمل ہے جس پر میرے استاذ محترم مالداروں سے پانچ پانچ ہزار روپے لیتے ہیں۔ اس بنا پر یہ عمل میں اپنی اللہ تعالیٰ کی جانب سے ملنے والی نعمت پر پوری سخاوت کرتے ہوئے تحریر کر رہا ہوں لوگوں کو چاہئے کہ اس عمل سے فائدہ اٹھائیں اور اس کتاب والوں کو اس عمل کی اور مزید اجازت دیتا ہوں اور دعا بھی کرتا ہوں۔

خوشخبری: یہ عمل صاحب کتاب وغیر مسلموں کے لئے بھی کر سکتے ہیں سبھی کو اس سے فائدہ ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ، یقین کے ساتھ کریں اللہ تعالیٰ فائدہ ضرور عطا فرمائیں گے لیکن اس عمل کی قدر و اہمیت بٹھانے کے لئے عامل کو چاہئے کہ جس کے لئے یہ عمل کرے اس سے کچھ نہ کچھ اپنے عمل اور محنت کا صلہ ضرور لے دے۔ اب اس عمل کا طریقہ دیکھیں۔

نقش حفاظت: جو آگے دیکھیں گے چار عدد لکھ کر مٹی کی چار کلیوں میں رکھ دیں اور مٹی کے ہی چار ڈھکنوں سے ان کلیوں کو بند کر دیں ان مٹی کے ڈھکنوں کو اڑد (ماش) کی دال پیس کر یعنی اس کے آٹے سے لیپ کر دیں اور مکان وغیرہ کے چاروں کونوں میں ایک ہاتھ برابر گڈھا گھڈا کر کے دفن کر دیں۔ جیسے مکان کا نقشہ یہ ہے۔ اس

نقشے میں چھ کونے ہیں صرف چار کونوں میں ان کلیوں کو دفن کرنا ہے یا تو بیت الخلاء کے برابر والے کونے میں کلیہ دفن کریں یا حمام کی برابر میں دفن کریں جیسا کہ اس نقشہ میں چار جڑتے بنی ہوئی ہیں۔ انہیں جڑتیوں کی جگہ پر کلیہ دفن کریں گے اگر مکان دوکان وغیرہ میں فرش سنگِ مرمر کا




ہوگا تو وہ بھی توڑنا پڑے گا۔ کلیوں میں رکھنے والا نقشِ حفاظت یہ ہے اس نقش میں چاروں خلفاء کے نام ہیں۔ غور سے دیکھ لیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ کہیعص قل ھو اللہ دکھنی ابراھیم خلیل اللہ، پوربی امیر حمزہ

اتری حضرت علی کرم اللہ وجہہ



اور چار عدد لوہے کی کیلیں لے کر اور ہر ایک کیل پر ۲۵۔۲۵ مرتبہ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ

كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا. فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ اَمْهِلْ هُمْ رُوَيْدًا. پڑھ کر دم کر کے مکان وغیرہ کے اوپر کونے میں جہاں پر کہ کلیاں نیچے دفن کی ہیں بالکل اس کی سیدھے میں اوپر تھونک دیں اور منزل پڑھ کر پانی پر دم کر کے بوتل میں رکھ لیں اور اس پانی کو روازنہ مغرب کی نماز کے بعد (سورج چھپنے کے بعد) کسی برتن میں لے کر ناخنوں کے ذریعہ مکان کی دیواروں پر چھڑک دیں عمل پورا ہو گیا اگر آسانی ہو تو مکان کی چھت پر سات دن تک برابر رات کو مغرب کے بعد اذان دیں اتنی آواز سے کہ صرف گھر گھر میں ہی آواز رہے۔ نیز رات کو آیت الکرسی ایک مرتبہ زور سے پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے پورے بدن پر پھیر لیں اس عمل سے شیاطین و جنات دفع ہو جاتے ہیں۔

جنات وشیطانوں سے حفاظت کے لئے:

میرے پیر و مرشد طبیب روحانی و جسمانی مرے مربی حضرت شیخ مدظلہٗ العالی وزاد فیوضہم العالی نے فرمایا کہ جب بیت الخلاء (لیٹرن) میں جاؤ تو سر کو ڈھانک کر جاؤ کیوں کہ جناتوں نے خود بتایا ہے کہ ہم اس پر سوار ہوتے ہیں اور ایذا تکلیف پہنچاتے ہیں جو ننگے سر بیت الخلاء میں جاتا ہے اور فرمایا کہ اس دعا کو ضرور پڑھے کبھی بھی ترک نہ کرے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبْثِ وَالْخَبَائِثِ. اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں خبیث جنات مردوں اور خبیث جنات عورتوں سے۔

آیت الکرسی کی تاثیروں میں سے ایک تاثیر:

حضرت ابو ہریرہؓ کو رسول اللہ ﷺ نے صدقۃ الفطر کے غلہ کی نگرانی کے لئے مقرر فرمایا ایک دن رات کو ایک شخص آیا اور اس غلہ میں سے چرا کر لے جانے لگا۔ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کو پکڑ لیا اور کہا کہ تجھ کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لے کر جاؤں گا اس شخص نے کہا کہ میں بہت زیادہ غریب آدمی ہوں اور بے انتہا تنگ دست

ہوں۔ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کی معذرت پر رحم کرتے ہوئے چھوڑ دیا صبح کو میں نے یہ واقعہ حضور پاک ﷺ کو جا کر سنایا۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس چور نے کیا کہا؟ میں نے جواب سنایا کہ اس نے بال بچوں کے پالنے کی اور اپنی شدید حاجت کی شکایت کی یہ جواب سننے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وہ چور جھوٹا ہے اور فرمایا کہ وہ چور پھر آئے گا تو پھر میں رات کو اس کے انتظار میں بیٹھ گیا کیوں کہ مجھے یقین ہو گیا کہ جب آپ ﷺ کی معصوم ذات فرما رہی تو ضرور آئے گا۔ پھر وہی چور رات کو آیا اور اس نے غلہ چرایا میں نے پھر اس کو پکڑ لیا اور کہا کہ میں تجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے کر جاؤں گا پھر اس چور نے سخت عذر پیش کیا اور کہا کہ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں بہت غریب و ناتواں ہوں حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ پھر میں نے اس کے حال پر رحم کھاتے ہوئے چھوڑ دیا اور اس چور نے یہ بھی کہا کہ اب پھر نہیں آؤں گا۔ جب صبح ہوئی تو میں نے دربار رسالت ﷺ میں جا کر رات کا واقعہ بیان کیا بلکہ حضور ﷺ نے خود معلوم کیا کہ رات میں آنے والے چور کا کیا حال ہے۔ میں نے تمام قصہ بیان کیا پھر حضور ﷺ نے فرمایا کہ اے ابو ہریرہؓ اس چور نے جھوٹ کہا اور وہ پھر آئے گا۔ ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ پھر تیسری رات کو میں اس چور کی تاک میں بیٹھ گیا وہ پھر آیا اور اس نے غلہ چرایا ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے پھر اس کو پکڑ لیا اور میں نے کہا کہ تجھے ابھی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے کر جاؤں گا تو جھوٹ بولتا ہے اور وعدہ کرتا ہے کہ پھر نہیں آؤں گا اس نے کہا بس اب اور چھوڑ دو میں آپ کو قیمتی بات بتلاتا ہوں کہ جس سے اللہ تعالیٰ آپ کو بہت فائدہ دیں گے۔ میں نے پوچھا کہ وہ کیا ہے اس نے بتلایا کہ جب آپ سونے کے لئے بستر پر جاویں تو آیۃ الکرسی پڑھئے اللہ تعالیٰ آپ کے لئے اپنے فرشتوں کو جو حفاظت کرنے کے لئے مقرر ہیں۔ ڈیوٹی لگا دیں گے اور تمام رات شیطان

آپ کے پاس نہیں آئے گا ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے اس چور کو چھوڑ دیا پھر صبح کو رسول اللہ ﷺ نے خود پوچھا کہ رات کو آنے والے شخص کا کیا حال ہے؟ میں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ اس نے کہا کہ میں تجھے کچھ کلمات بتلاتا ہوں جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ تجھے بہت فائدہ دیں گے میں نے معلوم کیا وہ کیا کلمات ہیں تو اس نے بتایا کہ جس وقت تو اپنے آرام کے بچھونے و بستر پر سونے کے لئے آئے تو آیۃ الکرسی پڑھ اور پوری گفتگو سنائی۔ ابو ہریرہؓ کی گفتگو سننے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص ہے تو جھوٹا مگر بات اس نے سچ کہی ہے حضور ﷺ نے فرمایا کہ اے ابو ہریرہؓ جانتے ہو یہ تین روز سے آنے والا کون شخص تھا؟ میں نے عرض کیا میں نہیں جانتا۔ حضور پاک ﷺ نے جواب دیا کہ وہ شیطان تھا یہ حدیث بخاری شریف میں ہے۔

آیۃ الکرسی سے شیطان و جنات جل جاتے ہیں:

ایک صاحب کھجور فروخت کرنے کے لئے بصرہ گئے بصرہ میں کوئی مکان ٹھہرنے کے قابل نہیں پایا، ہاں ایک مکان تھا جس میں مکڑیوں نے جالا لگا رکھا تھا لوگوں سے اس مکان کے متعلق معلوم کیا کہ یہ کیوں اُجڑا پڑا ہے۔ لوگوں نے بتایا کہ یہ مکان خالی پڑا رہتا ہے اور اس میں جنات اور شیاطین کا اثر ہے۔ مالک مکان سے کہا کہ آپ ہمیں یہ مکان کرایہ پر دے دیں مالک مکان بولا کہ آپ کیوں اپنی جان کو موت کا لقمہ بناتے ہو اس مکان کو لے کر کیوں کہ اس مکان میں ایک بہت بڑا جن رہتا ہے کہ اس خبیث جن نے اس میرے مکان کو اپنا گھر بنالیا ہے اور اپنا قبضہ جمالیا ہے اور جو کوئی انسان اس میں رہتا ہے اس کو ہلاک کر دیتا ہے یہ کھجور والے صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے مالک مکان سے اصرار کرتے ہوئے مکان کرایہ پر لے لیا اور کہا دیکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ میری مدد فرمائے گا مالک مکان نے کہا آپ کی مرضی صاحب کھجور فرماتے ہیں کہ میں اس مکان

میں ٹھہرا رات کو ایک بہت بڑے ڈیل ڈول کا شخص میرے قریب آیا کہ جس کی دونوں آنکھیں آگ برسا رہی تھیں اور سر سے پیر تک اس کا پورا بدن کالا سیاہ فام تھا میں نے آیۃ الکرسی پڑھنی شروع کی تو اس جن نے بھی آیۃ الکرسی پڑھنی شروع کی جو میں پڑھتا تھا وہی وہ جن بھی پڑھتا تھا جب میں نے وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم کے کلمات پڑھے تو اس جن سے یہ کلمات نہیں پڑھے جا سکے۔

میں نے انہیں کلمات کو کئی مرتبہ پڑھا کہ جس جگہ پر وہ خبیث جن کھڑا تھا آگ سی لگی اور وہ جل گیا پھر میں اسی مکان میں ایک طرف کنارے میں سو گیا، صبح کو جو میں اٹھا تو جہاں پر اس جن کو کھڑا ہوئے دیکھا تھا اس جگہ پر کچھ راکھ پڑی ہوئی دیکھی اور یہ آواز سنی کہ اے فلاں تم نے ہمارے آدمی کو جلا دیا، آواز لگانے والے کا پتہ نہیں چلا کہ کون کہہ رہا ہے۔ میں نے زور سے آواز لگا کر معلوم کیا کہ کس چیز سے جلا دیا۔

پھر آواز آئی وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم کے کلمات کے ذریعہ سے جلا دیا۔ **ایک عظیم فائدہ:** اگر آیۃ الکرسی ایسے خطرناک حالات میں پڑھی جائے تو آیۃ الکرسی کم سے کم تین مرتبہ پڑھیں اور ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنے کے بعد تین مرتبہ وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم کے کلمات پڑھیں اسی طرح یہ عمل تجربہ میں آیا ہوا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ آیۃ الکرسی تین مرتبہ اور وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم کے کلمات ۹ (نو) مرتبہ پڑھے جائیں سوتے وقت اگر گندے خواب دیکھتے ہوں تب بھی اسی طرح پڑھیں اور یہ عمل ہمارے بزرگوں کے تجربات میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ فائدہ بخشیں ہم سب کو۔

ایک مزید فائدہ: حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص سوتے وقت آیۃ

الکرسی پڑھ لے تو رات بھر شیطان اس کے پاس بھی نہ آوے۔

جنات کو اللہ کے کلمات کے ذریعہ جلانا:

اگر کسی پر جنات وشیاطین کا اثر ہو اور اسے جلانا ہو تو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے کلمات کو ذریعہ بناتے ہوئے کام کرے اس طرح پر کہ اس کے سیدھے کان میں سات مرتبہ اذان دیوے اور پھر اسی کان میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ فلق والناس اور آیۃ الکرسی اور سورۃ مومنون کی آخیر کی تین آیتیں اور سورۃ حشر کی آخری تین ۳ آیتیں اور سورۃ الصافات کی اول کی آٹھ آیتیں پڑھ کر کان میں زور سے پھونک مارے۔ اس عمل سے وہ جن حقیقت میں جل جائے گا۔ یہ عمل آزمودہ ہے اور صحیح ہے۔ (مجربات صحیح)

آیۃ الکرسی کی ایک اور تاثیر:

جو شخص آیۃ الکرسی کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے۔ شیطان کے وسوسوں سے اور خبیث جنات کے مکروفریب سے امن میں رہے گا۔ ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنے سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔ ایک شخص نے حضور پاک ﷺ سے عرض کیا کہ میرے گھر میں خیروبرکت نہیں ہوتی۔ حضور پاک ﷺ نے علاج بتایا کہ تم آیۃ الکرسی کیوں نہیں پڑھتے۔ (یعنی پڑھنی چاہئے) آیۃ الکرسی کا نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۵۴۳	۱۵۳۰	۱۵۴۵
۱۵۴۴	۱۵۴۲	۱۵۴۰
۱۵۲۹	۱۵۴۶	۱۵۴۱

اگر جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد ۳۱۳ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے گا تو اس کے رزق میں ایسی برکت ہوگی کہ وہ اس کے خیال وگمان میں بھی نہ آئے گی۔ مجربات میں سے صحیح

مجرب ہے۔

آیۃ الکرسی کے بعد دعا بھی قبول ہوتی ہے:

اگر تین سو تیرہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور یہی تعداد رسولوں کی بھی ہے اور یہی تعداد اصحاب بدر کی بھی ہے، پڑھے پھر اس کے بعد دعا کرے تو وہ دعا قبول ہوتی ہے۔
(مجربات دیربی)

بلغم کے مرض میں بھی آیۃ الکرسی مفید ہے:

اگر سفید نمک کی سات ڈلیاں (کنکریاں) لیویں اور اس ہر ایک ڈلی یعنی کنکری پر سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں اور ایک ایک ڈلی روزانہ صبح کو چوسیں تو بلغم کے مرض سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ یہ عمل کثیر الاستعمال ہے۔ (مجرباتِ اکابر)

غلّہ کی حفاظت میں بھی آیت الکرسی مفید ہے:

اگر غلہ کی حفاظت کے واسطے ایک کاغذ پر آیۃ الکرسی لکھ کر اور نیچے مدینۃ المنورہ کے ساتھ فقہاء کے نام لکھ کر غلّہ میں رکھ دیں تو غلّہ میں کیڑوں سے حفاظت رہے گی۔
سات فقہاء کے نام حفاظت کے بیان میں دیکھیں۔ (مجربات صحیح)

آیۃ الکرسی حفاظت کا بہترین قلعہ:

جس مال یا اولاد پر آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کردی یا لکھ کر مال میں رکھ دیں یا بچہ کے گلے میں ڈال دیں تو شیطان اس مال اور اولاد کے قریب بھی نہیں آوے گا یہ بات مستند اور مدلل ہے۔ (مجربات استاذ)

ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی کی فضیلت:

ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی ضرور پڑھنی چاہئے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو

شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھ لیتا ہے تو اس کے جنت میں داخل ہونے کا پردہ اور آڑ موت ہے یعنی مرتے ہی جنت میں جائے گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ ایک نماز سے دوسری نماز تک اللہ پاک کی حفاظت میں رہتا ہے اگر صبح کے وقت آیۃ الکرسی پڑھ لے تو شام تک اور شام کو پڑھ لے تو صبح تک ہر طرح کے شیطان و جنات و آسیب سے حفاظت میں رہے گا۔

ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنے کی عجیب فضیلت:

ایک وہ شخص عالم جس کا اعتماد و اعتبار ہے اس نے بیان کیا ہے اور نیز اپنی بیاض مخصوص میں تحریر کیا ہے کہ جب رسول کریم ﷺ کا انتقال کا وقت قریب تھا تو حضرت ملک الموت علیہ السلام روح نکالنے لگے اس وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایسا معلوم ہوا کہ جیسے آپ کے سینہ مبارک پر پتھر کی بھاری چٹان گری ہو۔ حضور پاک ﷺ نے حضرت ملک الموت علیہ السلام سے فرمایا کہ اے ملک الموت کیا سب انسانوں کو روح نکلنے کی اس قدر تکلیف ہوتی ہے ملک الموت نے جواب دیا جی ہاں حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ میری امت تو بہت کمزور وضعیف ہوگی، اتنی تکلیف کیسے برداشت کرے گی، لہٰذا اے ملک الموت میری تمام امت کی روح نکلنے کی تکلیف مجھے دے دیجئے تا کہ میری امت کو روح نکلنے کی تکلیف نہ ہو حضرت ملک الموت علیہ السلام نے فرمایا کہ یا رسول اللہ ﷺ جو شخص آپ کی امت میں سے ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے گا تو اس کی روح نکلنے میں اس قدر آسانی وسہولت ہوگی جیسے بچہ اپنی ماں کا دودھ پیتے پیتے سو جائے اور ماں اس سوتے ہوئے بچے کو اپنے دودھ سے علیحدہ کر دے اور بچے کی نیند میں کوئی فرق نہیں آتا ہے۔ بالکل اسی طرح سے ہر اس مومن کی روح نکلے گی جو فرض نمازوں کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا۔

ضروری نوٹ: اس حدیث کا حوالہ میرے پاس نہیں لیکن معتبر ذرائع سے اس کا علم ہوا ہے اور لگتا ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو مَنْ کَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْیَتَبَوَّءْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ اسی بناپر اگر صحیح ہے تو الحمدللہ اور اگر غلط ہے تو میری جانب سے ہے۔ اہل علم حضرات اس کی تحقیق فرمائیں گے اور مجھے بھی اس سے مطلع فرمائیں گے حوالے کے ساتھ۔

آیۃ الکرسی کی عظمت:

حدیث شریف میں ہے کہ آیۃ الکرسی عرش کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ جب آیۃ الکرسی نازل ہوئی تو ۷۰۰۰۰ ستر ہزار فرشتے اس کو لے کر آئے اور حدیث شریف میں ہے کہ قرآن کریم کی تمام آیتوں میں سے سب سے عظیم آیۃ الکرسی ہے۔

ضروری ہدایت: بعض اچھے پڑھے لکھے لوگوں کا اعتقاد ہے کہ آیۃ الکرسی خالدون رکوع تک ہے۔ حالانکہ ایسی بات نہیں ہے بلکہ آیۃ الکرسی ایک آیت ہے اور وہ اَلعلی العظیم تک ہے۔ اس کا خیال رہے۔

منزل کے بارے میں کچھ تعارف:

پیچھے ذکر کیا جاچکا ہے کہ منزل ہر عامل کو اپنے پاس رکھنی چاہئے اور ہر مریض کو روزانہ اس کا ورد رکھنا ضروری اور بہت ضروری ہے۔ علامہ محمد بن سیرینؒ تابعی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ایک سفر میں چند آدمی ملک شام کے ایک گاؤں میں پہونچے۔ ان مسافر چند آدمیوں کے پاس ایک قوم کے لوگ آئے اور بتایا کہ جو کوئی اس گاؤں میں ٹھہرتا ہے وہ مارا جاتا ہے (قتل کردیا جاتا ہے) اور اس کا مال وجان سب ختم کردیا جاتا ہے اور لوٹ لیا جاتا ہے۔ یہ بات سن کر ہمارے سفر کے سب ساتھی خوف اور ڈر کی وجہ سے چلے گئے مگر میں نے وہیں پر قیام کیا۔ اس لئے کہ میں نے یہ چند آیتیں ابنِ عمرؓ سے سنی تھیں کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ کلام اللہ شریف کی تینتیس ۳۳ آیتیں ایسی ہیں کہ جو کوئی ان کو

پڑھے گا تو اس رات میں کوئی درندہ اور کوئی چور اور جن و شیطان اس کو تکلیف نہیں پہنچا سکے گا۔ ان تینتیس ۳۳ آیتوں کو تلاوت کرنے والا رات سے لے کر صبح تک اپنی جان، مال، اولاد اور سب ساز و سامان کی طرف سے حفاظت میں رہے گا۔ علامہ محمد ابن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ مجھے اس مقام پر رات ہوگئی تو میں نے ان تینتیس ۳۳ آیتوں کو تلاوت کیا۔ ابھی میں جاگ ہی رہا تھا کہ اچانک کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ سب کے سب تلواریں پکڑے ہوئے میرے پاس آگئے اور بالکل میرے قریب ہو گئے مگر مجھے کچھ نہ کہہ سکے اور نہ کر سکے جب صبح ہوئی تو میں نے اس مقام سے آگے کو سفر کا ارادہ کیا۔ چلتے وقت ایک بوڑھا شخص میرے قریب آیا اور وہ گھوڑے پر سوار تھا۔ اس کے پاس عمدہ قسم کی تیر کمان تھی، اور وہ مجھ سے یہ کہنے لگا اے شخص تو انسان ہے یا جن میں جواب دیا کہ میں انسان ہوں تو اس بوڑھے گھوڑے سوار نے کہا کہ تیرا عجیب حال ہے۔ ہم لوگ تیرے پاس رات میں سو مرتبہ سے بھی زیادہ آئے تاکہ تجھے ہلاک کر دیں، اور تیرا سب مال و دولت سب چھین لیں مگر جب ہم تیرے پاس تک آئے تو تیرے اور ہمارے درمیان لوہے کی دیوار آڑ ہو جاتی تھی اس سے ہمیں بڑا تعجب ہے۔ علامہ محمد ابن سیرینؒ فرماتے ہیں کہ میں نے جواب دیا کہ میں نے حضرت ابن عمرؓ سے ایک روایت سنی کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص قرآن کریم کی تینتیس ۳۳ آیتیں رات کو پڑھ لے تو اس کو اس رات کوئی تکلیف دینے والا جانور اور کوئی چور و ظالم تکلیف نہیں دے سکتا اور صبح تک محفوظ رہے گا یہ بات سنتے ہی اس ڈاکو بوڑھے گھوڑے سوار نے اپنے تیر کمان پھینک دیئے اور میرے سر کا بوسہ لیا اور اسی وقت اس نے عہد کر لیا کہ اب کبھی چوری ڈاکہ زنی لوٹ مار نہیں کروں گا ان تینتیس ۳۳ آیتوں میں سو بڑی بیماریوں سے نجات و شفا ہے جیسے جذام، برص، جنوں، فالج وغیرہ جو شخص ان آیتوں کو کسی ظالم دشمن کے سامنے پڑھے

گا تو اس کے ظلم وستم سے محفوظ رہے گا۔

یہ تینتیس آیتیں ایسی ہیں کہ ان کے پڑھنے سے آسیب، جن، درندہ، چور اور ہر قسم کی بلا وآفت ختم ہو جاتی ہے اگر کسی شخص پر جنات وآسیب وغیرہ کا اثر ہو تو اسے سامنے بٹھا کر یہ تینتیس ۳۳ آیتیں اور تین سورتیں پڑھ کر دم کر دیں۔ انہیں تینتیس آیتوں کو منزل کے نام سے کہتے ہیں اور مفید و موثر ہیں خود ہمارے گھروں کی عورتیں صبح وشام اس منزل کو پڑھ کر اپنے بچوں پر دم کرتی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں دیتی ہیں بچوں کے بھی ہر شکایت میں خوب ہیں۔ (روی من الاثار)

اگر کسی پر جنات وشیاطین عاشق ہو گئے ہوں:

اگر کسی شخص پر جنات وآسیب عاشق ودیوانہ ہو گئے ہوں اور اس کی زندگی کو بیکار بنا دیا ہو تو اس حالت میں سب سے پہلے مریض کا نمک بالکل بند کرا دیں اور گلے میں نقشِ علیؓ ڈالیں اور صبح وشام منزل پڑھ کر دم کر دیا کریں اور پینے کے لئے بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ (السَّمَاءِ) وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ. اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعَالَی اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الْكَافِرُوْنَ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ. پ۱۸

انشاء اللہ تعالیٰ ضرور نفع پائیں گے ایسے حالات میں اس نسخہ کا ضرور استعمال کریں اللہ تعالیٰ فائدہ دینے والے ہیں اور گلے کا تعویذ ہر وقت گلے میں پڑا رہنا ضروری ہے اور غسل کا تعویذ دیں اور ایک چلہ علاج کریں اور علاج کے درمیان شہر سے باہر نہ جائیں انشاء اللہ بالکل چھٹکارہ ہو جائے گا۔ (صحیح مجربات)

اگر کسی گھر میں جنات وشیاطین کا اثر ہو:

اگر کسی گھر مکان وغیرہ میں جنات وشیاطین کا اثر ہو تو اس گھر میں چالیس دن سورۃ بقرہ مسلسل اتنی آواز سے پڑھی جائے کہ گھر گھر میں ہی آواز رہے۔ انشاءاللہ اس عمل سے سب دفع ہو جائے گا یہ علاج حدیث کے مطابق بھی ہے اور بہتر ہے کہ منزل کا دم کیا ہوا پانی گھر کی چاروں طرف دیواروں پر چھڑک دیں۔ مجرب وآزمودہ ہے۔

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو:

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو جو کہ مستقل رہتا ہو تو چاہئے کہ ایک سفید کاغذ پر یہ الفاظ لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔ مجرب وآزمودہ ہیں۔ الفاظ یہ ہیں۔

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم الٓمٓص الٓمٓرٰ طٰسٓمٓ یٰسٓ والقرآن الحکیم حٰمٓ عٓسٓقٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ قٓ نٓ والقلم وما یسطرون.

شدید قسم کے آسیب کے لئے:

اگر کسی پر شدید قسم کا پرانا آسیب کا اثر ہے جس کی وجہ سے اس کی زندگی تباہ ہو رہی ہو تو چاہئے ان آیتوں کو پڑھ کر ۳۔۳ مرتبہ کانوں میں بھی دم کریں اور اسی کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں انشاءاللہ سخت سے سخت قسم کا آسیب فوراً پیچھا چھوڑ دے گا اور یہ عمل بہت مرتبہ تجربہ میں آیا ہوا ہے۔ آیات یہ ہیں۔ **اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ لَا بُرْھَانَ لَہٗ بِہٖ فَاِنَّمَا حِسَابُہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ اِنَّہٗ**

لَا یُفْلِحُ الْکَافِرُوْنَ، وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ. وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمَانَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ. زیادہ اچھا ہوگا کہ فلیتہ بھی استعمال کریں اس عمل سے یہ شکایت بالکل ختم ہو جائے گی انشاء اللہ۔ مفید پائیں گے۔

ہر عامل کے لئے خاص وضروری بات:

جنات و آسیب کے مریض کے لئے جو بھی نقش و تعویذ یا فلیتہ عامل بنائے تو غائبانہ بنائے مریض کے سامنے نہ بنائے۔ اس سے نقصان اٹھا سکتا ہے۔ ہر عامل کو یہ بات خاص طور پر خیال رکھنی چاہئے۔ (مجربات صحیح)

تمام قسم کی بیماریوں اور آسیب اور نظر بد کے لئے خاص طور پر جادو کے دفع کے لئے:

یہ عمل ہر قسم کی بیماریوں کے لئے مجرب ہے مگر جادو توڑنے کے لئے اس کو خاص دخل حاصل ہے اور اس کی سنت بہت اونچی ہے۔ جادو کئے ہوئے شخص پر اگر یہ عمل استعمال کیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ بے انتہا مفید پائیں گے۔ مریض کو شفا حاصل ہوگی۔ یہ عمل بہت سے طریقوں سے حاصل ہوا ہے۔ خاص طور پر شاہ عبدالحق صاحب محدث جلیل مدظلہٗ العالی سے ملا ہے اور یہ عمل ایک عجیب وغریب کرشمہ کا عمل ہے۔ لوگوں کو چاہئے کہ اس عمل سے ضرور فیض اٹھائیں اور یہ عمل بہت سی مرتبہ کا مجرب و آزمودہ بھی ہے عمل یہ ہے کہ سات بیری کے ہرے پتے لے کر پیس ڈالیں یعنی کسی پتھر اینٹ وغیرہ سے ذرا چوٹ ماردیں اور چوٹ مارتے وقت سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر ان پتوں پر دم کردیں اور پھر ان ساتوں پتوں کو نہانے والے پانی میں ڈالیں اور معوذتین یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ. آخر تک سات سات مرتبہ پڑھ کر دم

کریں اور پانی ہاتھ سے ہلاتے رہیں پھر اس پانی سے مریض غسل کرے سات دن تک انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔ باذنہ وتعالیٰ (مجربات شیخ)

جادو ختم کرنے کے لئے مجرب وآزمودہ عمل:

یہ عمل ہمارے تمام اکابرین وعلماء کرام کا تجربہ شدہ ہے اور اس عمل سے زبردست سے زبردست قسم کا جادو ختم ہو جاتا ہے اور اہل علم حضرات اس عمل کو اختیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔ اللہ شفا بخشنے والا ہے اور وہی سب کا مُربی ہے عمل یہ ہے بہتی دریا یا نہر کا یا پھر سات کنوؤں کا پانی تین کلو لیویں اور سب پر گیارہ گیارہ مرتبہ معوذتین (فلق والناس) پڑھ کر دم کریں، اور گیارہ مرتبہ آیاتِ جادو پڑھ کر دم کریں اس طرح پر کہ تھوک کی چھینٹیں اس میں پڑ جاویں۔

آیاتِ جادو یہ ہیں: فَلَمَّا اَلْقَوْ قَالَ مُوْسیٰ مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقَّ اللّٰهِ الْحَقَّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ، فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صَاغِرِيْنَ، وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِيْنَ قَالُوْ اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ رَبِّ مُوْسیٰ وَهَارُوْنَ اِنْ مَا صَنَعُوْا كَيْدَ سَاحِرٍ وَّلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى. اس پانی سے ڈھائی سو (۲۵۰) گرام پانی صبح سے شام تک پی لیں اور باقی پونے تین کلو سر پر ڈال کر غسل کریں۔ ۴۵ دن تک اور یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کریں۔ انشاء اللہ اس عمل سے جادو والے مریضوں کا جادو بالکل ہی مٹ جائے گا مجرب ہے۔

جادو کے ختم کرنے کا ایک انوکھا اکسیر عمل:

یہ عمل عجیب کرشمہ کا عمل ہے۔ اللہ کے حکم سے اس عمل کے ذریعہ فوراً شفا حاصل ہوتی ہے۔ دیر اور وقت کچھ نہیں ہے۔ ہات کے ہاتھ اسی دم میں اس کا جادو اس عمل کے

ذریعہ مٹ جاتا ہے۔ یہ عمل گویا کہ ایک قسم کا چھپا ہوا راز اور بھید ہے۔ جس انسان پر جادو ہو اس کو ہی چاہیے کہ اتوار کے دن سورج نکلنے کے وقت ننگے پیر کچی زمین پر کھڑا ہو جائے اور سات مرتبہ معوذتین (فلق والناس) پڑھیں اور آخر ایک مرتبہ درود شریف بھی پڑھ لیں۔ اس طرح کرنے سے مریض کا جادو اس کے پیروں میں آجائے گا پھر مریض اپنے دونوں پیروں کی مٹی یعنی زمین کی مٹی اکھیڑ کر ایک دہکتی ہوئی کوئیلوں کی انگیٹھی میں فوراً اسی وقت ڈال دے۔ انشاءاللہ فوراً اسی لمحہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل مکمل سورج نکلنے سے پہلے ختم ہو جائے اور یہ دو تعویذ کسی اچھے متقی عالم سے لکھوا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۳	۱۳۱۹	۱۳۳۱

علاج مکمل ہو گیا۔ احتیاط کے طور پر فجر و مغرب کے بعد معوذتین ۳۔۳ مرتبہ پڑھ کر پورے بدن پر دم کر لیا کریں۔ اللہ ہی کے ہاتھ میں ہر قسم کی خیر ہے۔

جادو والے مریض کا ایک اور علاج:

جس انسان پر جادو کیا گیا ہو خواہ وہ مرد ہو یا عورت مسلم ہو یا غیر مسلم تو اس کے لئے چاہئے کہ عجوہ کھجوریں گیارہ عدد لیویں اور ہر کھجور پر سات سات مرتبہ معوذتین (فلق والناس) پڑھ کر دم کریں اور ایک کھجور صبح خالی پیٹ نہار منہ کھالیا کریں۔ انشاء اللہ تعالٰی اس عمل سے ہر قسم کا پرانے سے پرانا جادو فنا ہو جاتا ہے اور سخت سے سخت قسم کا جادو زائل ہو جاتا ہے۔ یہ عمل مستند اور مجرب ہے۔ (مجربات اکابر)

جادو توڑ کا ایک اور علاج:

جادو اور شیاطین و جنات اور چوروں اور درندوں اور موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے خاص طور پر جملہ قسم کے جادو اور عام طور پر آفات و بلیات سے حفاظت کے لئے صبح و شام فجر و مغرب کے بعد ایک مرتبہ منزل (جس کا تفصیلی تذکرہ پیچھے گزر چکا ہے) کا پڑھنا بہت ہی زیادہ مفید ہے۔ یقین کے ساتھ ان تینتیس ۳۳ آیتوں سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ اللہ ہی شفا بخشنے والا ہے اور وہی تمام کاموں کا کارساز ہے۔

(مجربات صحیح)

جس شخص پر جادو کرا دیا گیا ہو اور وہ علاج سے مایوس ہو:

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس پر جادو کا اثر ہو اور وہ مریض جس کو حکیم و طبیبوں نے علاج کرنے سے مایوس و ناامید کر دیا ہو تو اس کو چاہئے کہ چینی کے سفید برتن میں یہ کلمات لکھے یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقائہ یا حی یا حی یا حی "۱۰ کلمات کے ساتھ الحمد شریف اور زیادہ ملالے تو اور اچھا ہوگا اور صبح کو چالیس دن لکھ کر چالیس دن پی وے، مجربات میں سے ہے۔

(مجربات اکابر)

جادو کی وجہ سے کسی عورت کی کوکھ بندھوادی گئی ہو جس کی وجہ سے اولاد سے محرومی ہو:

اگر یہی شکایت مرد کو ہو تب بھی یا عورت کو ہو تب بھی یا دونوں کو ہو تب بھی یعنی جماع ہمبستری پر قادر نہ ہوں تو ایسی صورت میں ایک چاقو لے اور اس پر زعفران یا روشنائی سے یہ الفاظ لکھے **بکم لالا رم ماما لالالا ہہہ ھو ھو ھو** پھر اس چاقو سے کالی مرغی ورنہ تو لال مرغی کا انڈا ابال کر درمیان میں سے کاٹے آدھا انڈا شوہر آدھا انڈا عورت کھائے اور سات دن اس عمل کو کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کوکھ بندی ختم ہو جائے گی اور قدرت حاصل ہوگی۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

جادو اتارنے کا ایک مجرب علاج:

جس پر جادو کا اثر ہوا اس کے لئے اس تعویذ کو دو عدد ایک پینے کے لئے ایک گلے میں ڈالیں پینے کے لئے تعویذ کو زعفران سے لکھ کر روزانہ صبح نہار منہ پانی سے دھو کر ۲۱ دن مریض کو پلائیں، اور نمک بالکل ہی بند کر دیں اور گلے میں بھی اسی تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ علاج مفید پائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۱۵۶۹	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۷
۲۱۵۶۴	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۸
۲۱۵۶۸	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۳

جادو سے شفا کے لئے مستند علاج:

روایت کیا ہے ابنِ حاتم نے اور ابوالشیخ نے لیث بن ابی سلیم سے وہ فرماتے ہیں

کہ مجھے معتبر ذرائع سے یہ بات معلوم ہوئی کہ قرآن کریم کی یہ آیتیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے جادو سے شفا ہیں کہ ان آیتوں کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مع لعاب کے وہ پانی جادو کئے ہوئے شخص کے سر پر ڈالیں مگر یہ بات یاد رہے کہ یہ پانی بدن پر ہی رہے زمین پر نیچے نہ گرے اور اگر انہیں آیتوں کو لکھ کر اور پانی میں حل کر کے یعنی گھول کر جادو کئے ہوئے شخص کو پلایا جائے تو بہت جلد شفا حاصل ہوتی ہے۔ اللہ کے حکم سے۔

آیتیں یہ ہیں: **بسم اللہ الرحمن الرحیم فلما القو قال موسی ما جئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین ویحق الحق وبطل ما کانوا یعلمون فغلبوا ھنالك و انقلبوا صاغرین والقی السحرۃ ساجدین قالوا امنا برب العالمین رب موسی وھارون انما صنعوا کید ساحر ولا یفلح الساحر حیث اتی.**

(شرح کتاب التوحید فتح المجید ص ۲۶۱)

جادو کے توڑ کا ایک اور عمل:

ابن بطال نے (وہب بن منبہ) کتاب کا نام ہے اس میں لکھا ہے کہ سات بیری کی ہری پتیاں لے اور انہیں کچھ توڑا کچھ لے پھر ان کو پانی میں ملالیا جائے اور آیۃ الکرسی اور چاروں ۴ قل شریف ۷۔ ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس پانی میں سے تین گھونٹ پی لیں اور بچے ہوئے پانی سے غسل کرلیں اس عمل سے وہ تمام جو اس کے بدن میں ہوگا جادو، آسیب، جنات کا اثر اور بیماریاں سب ختم ہو جائیں گی۔

خوشخبری: اور یہ عمل اس مرد کے لئے بھی بہت عمدہ ہے جو اپنی بیوی پر قادر ہونے سے مجبور ہو یا یہ کہ خواہش زوجیت اس کی مٹ گئی ہو۔

(فتح المجید، شرح کتاب التوحید ص ۲۶۱)

ہر قسم کے جادو سے نجات حاصل کرنے کیلئے سب سے عظیم عمل:

کسی بھی قسم کا جادو ہو اور کتنا بھی پرانا ہو ہر طرح کے جادو توڑ کے لئے معوذتین یعنی فلق والناس سورتوں سے بڑھ کر نہیں ہے، کیوں کہ یہی دو سورتیں جناب رسول اللہ ﷺ پر رب العالمین نے آسمان سے اتاری تھیں جبکہ ظالموں نے رحمۃ للعالمین پر جادو کیا تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جادو مسلسل کئی مہینے رہا، اور آپ ﷺ کو شدید قسم کی تکلیف رہی مرض سمجھ میں نہیں آسکا تو چھ مہینے کے بعد آپ ﷺ کو یہ دو سورتیں خواب میں بشارت کی گئیں۔ آپ ﷺ نے اپنے جادو کے توڑ کے لئے ان دو سورتوں کا استعمال فرمایا (اس کی تفسیر قرآن کریم میں دیکھیں) رحمۃ للعالمین کو رب العالمین نے ان دو سورتوں کے ذریعہ شفا بخشی۔ اس کا طریقہ یہ کہ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد ۷۔ سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے پورے بدن پر دم کرلیا کریں۔ یہی دو سورتیں حفاظت کا قلعہ بھی ہیں۔ حفاظت کے طور پر بھی ان کا استعمال بہت مفید ہے بلکہ علماء کرام نے یہ لکھا ہے کہ اگر ان دو سورتوں کو سات سات مرتبہ فجر و مغرب کے بعد دم کر کے استعمال کریں تو جادو کرنے والے شخص پر خود جادو الٹ جائے گا۔ ان دو سورتوں کو استعمال کرنے والے شخص پر جادو اثر نہیں کرتا۔ (مجربات استاذ)

ایک عجیب و غور و فکر:

ہماری اس کتاب میں بھی اور بہت سے مقامات پر آپ دیکھیں گے کہ سات سات عدد کی بہت رعایت کی ہے کہ ۷ عدد کا استعمال بہت ہے۔ میرا عقیدہ ہے کہ سات کے عدد میں خیر بہت ہے۔ دلیل اس کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بھی سات عدد کو بہت استعمال فرمایا ہے۔ جیسے اللہ پاک نے دن بھی سات بنائے، اولو العزم پیغمبر بھی سات ہیں۔ آسمان بھی سات ہیں، زمین بھی سات ہیں، قرآن کریم کی منزلیں بھی سات ہیں۔ الحمد

شریف جوکہ ام القرآن یعنی قرآن کی ماں ہے اس کی آیتیں بھی سات ہیں۔ مشہور دریا بھی سات ہیں، مشہور ستارے بھی سات ہیں، خانہ کعبہ کے طواف کے چکر بھی سات ہیں، رمی شیطان کے پھینک کر مارے جانے والی کنکریاں بھی سات ہیں۔ مدینہ کے مشہور فقہاء بھی سات ہیں۔ جن کا نام لکھ کر غلہ میں رکھنے سے غلہ کی حفاظت ہوتی ہے جن کا تذکرہ آئے گا۔ اصحاب کہف بھی سات ہیں، جن کا نام بھی حفاظت کے لئے استعمال کریں۔ لہٰذا سات کے عدد کا استعمال بہت اچھا ہے۔ صفا و مروہ کے درمیان دوڑ بھی سات ہیں۔ انسان کے اشرف الاعضاء چہرہ میں بھی سات سوراخ ہیں، دو کان کے، ۲ ناک کے، ۲ آنکھوں کے، ایک منہ۔ سجدے بھی سات ہیں۔ سات اعضاء کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ روزے کے بھی سات آداب ہیں۔ عرش کے سایہ میں جگہ جن لوگوں کو ملے گی وہ بھی سات اشخاص ہوں گے۔ حضرت ایوبؑ اللہ کی حکمت و مصلحت سے سات سال تک بیماری میں رہے۔ جہنم کے بھی سات نام ہیں۔ جہنم کے طبقے بھی سات ہیں۔ شریعت میں بچے کو بھی سات سال کی عمر میں نماز پڑھوانے کا حکم دیا گیا ہے۔ شیطان کی پیروی کرنے والے بھی سات قسم کے ہیں۔ حضرت یوسفؑ بھی اللہ کی حکمت و مصلحت سے سات سال جیل خانے میں رہے۔ سورۃ یٰسین میں مبین بھی سات ہیں۔ جن کی خوبیاں آپ آگے چل کر دیکھیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ جہنم پر بھی سات پل بچھائیں گے۔ جن کو پُل صراط کہتے ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی میں بھی سات خصوصیتیں تھیں۔ ۱۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام سفر میں ہوتے تو آپ کا عصا (لاٹھی) موسیٰ علیہ السلام سے گفتگو کرتے ہوئے چلتی تھی۔ ۲۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بھوک لگتی اور کھانے کے لئے کوئی چیز نہ ہوتی تو موسیٰ علیہ السلام عصا کو زمین پر مارتے تو اس سے ایک دن کی خوراک نکل آتی تھی۔ ۳۔ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پیاس لگتی

تھی تو لاٹھی کو زمین میں گاڑتے تھے کہ اس سے پانی نکلنا شروع ہو جاتا تھا، اور جب لاٹھی کو نکال لیتے تھے تو رک جاتا تھا۔ ۴۔ جب پھل کھانے کی چاہت ہوتی تو اپنے عصا کو زمین میں گاڑ دیتے تھے کہ فوراً ہی اس میں پتے لگ جاتے تھے اور پھل بھی آجاتے تھے۔ ۵۔ جب کنویں سے پانی نکالنے کی ضرورت پیش آتی تو آپ کا عصا ڈول کا کام دیتا تھا اور کنویں کی لمبائی کے برابر لمبا ہو جاتا تھا اور ڈول کی شکل کے دو برتن ہو جاتے تھے۔ ۶۔ رات کے اندھیرے میں اس عصا سے روشنی نکلتی تھی۔ ۷۔ جب کوئی مخالف مقابل آتا تھا تو یہ عصا خود سے لڑ کر دشمن سے مقابلہ کرتا تھا اور سورۃ یٰسین شریف میں بھی سات مبینیں ہیں جن کی تاثیر رزق کی برکت کے باب میں آپ مطالعہ فرمائیں گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو توریت کتاب اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی تھی۔ وہ بھی زبرجد کی سات تختیوں پر تحریر تھی۔ معراج کی شب میں رسول اللہ ﷺ کے بیت المقدس میں امامت کرنے کی حالت میں مقتدی ہونے کی حالت میں نبیوں اور رسولوں کی صفوں کی تعداد بھی سات تھیں (جلالین) حضرت آدم علیہ السلام کے انتقال پر زمین اور آسمان اور باقی مخلوق نے بھی سات دن تک افسوس کیا تھا۔ (البدایہ والنہایہ)

ہر قسم کے پرانے امراض سے شفاء کے لئے:

یہ عمل علامہ دیربی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں تحریر فرمایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی بارش کا پانی لے کر اس پر ستر ۷۰ مرتبہ الحمد شریف ستر ۷۰ مرتبہ آیۃ الکرسی، ستر ۷۰ مرتبہ سورہ اخلاص (قل ہو اللہ احد) ستر ۷۰ مرتبہ معوذتین (فلق والناس) پڑھ کر دم کرے قسم ہے اس بزرگ ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ ہمیشہ جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور مجھے خبر دی اس بات کی کہ جو مریض اس دم کئے ہوئے پانی کو سات دن صبح نہار منہ پی لیا کرے گا تو حق تعالیٰ جل شانہٗ اس مریض سے جتنے

مرض و بیماریاں ہونگی اس کے بدن میں وہ سب دور کردے گا اور اس کو تندرستی عطا فرمائے گا اور ساری بیماریوں کو اس کی رگوں سے اور گوشت سے اور ہڈیوں سے اور اس کے تمام اعضاء سے نکال دیں گے۔ یہ اوپر والا عملِ مخصوش عمل ہے۔

عظیم الشان عمل ہر قسم کے مرض کا کہ وہ کسی بھی طرح کا ہو:

فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جو شخص بیمار ہو تو پاک و صاف پانی پر سورت فاتحہ پڑھی جائے اور آیۃ الکرسی اور معوذتین (فلق والناس) ان سب کو ۷ مرتبہ پڑھے اور دم کردے اور وہ پانی مریض کو نہار منہ پلایا جائے۔ تو اللہ تعالیٰ ہر بلا سے عافیت میں رکھے گا۔


(مجربات دیربی)

ایک بیش بہا قیمتی نقش مبارک کہ جس کے مقابلہ میں کوئی دوسرا نقش نہیں آسکتا:

محدث حافظ تلمیسائی کتاب المتلحال فی مدح خیر النعال میں فرماتے ہیں۔ کہ اس نقش مبارک کے منافع ایسے کھلم کھلا ہیں کہ بیان کی ضرورت نہیں، ان فائدوں میں سے ایک یہ ہے۔ ابو جعفرؒ کہتے ہیں کہ میں نے ایک طالب علم کے لئے یہ نقش بنوا دیا تھا۔ وہ میرے پاس آکر کہنے لگا کہ میں نے گزشتہ رات میں اس کی عجیب برکت دیکھی کہ میری بیوی کے اتفاقاً ایسا سخت درد ہوا کہ قریب ہلاکت کے پہنچ گئی۔ میں نے یہ نقش شریف درد کی جگہ پر رکھ کر عرض کیا کہ یا الٰہی مجھ کو صاحب نعل کی برکت سے دکھلائیے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی وقت شفا عنایت فرمائی۔ قاسم بن محمد کا قول ہے کہ اس کا آزمائی ہوئی برکت یہ ہے کہ جو شخص تبرکاً اس کو اپنے پاس رکھے گا۔ ظالموں کے ظلم سے دشمنوں کے غلبہ سے شیطان سرکش سے حاسد کی نظر بد سے امن و امان میں رہے گا اور اگر

حاملہ عورت بچہ کی پیدائش کے درد کی شدت میں اس کو اپنے داہنے ہاتھ میں رکھے بفضلہٖ تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہو۔ شیخ ابن حبیب الٰہی روایت کرتے ہیں کہ ان کے ایک دُمبل نکلا کہ کسی کی سمجھ میں نہیں آتا تھا۔ نہایت سخت درد ہوا۔ کسی طبیب کی سمجھ میں اس کی دوا نہ آئی۔ انہوں نے یہ نقش شریف درد کی جگہ رکھ لیا فوراً ایسا سکون ہو گیا کہ گویا کبھی درد ہی نہ تھا ایک اثر خود میرا یعنی صاحب فتح المتعال کا مشاہدہ ہے کہ ایک بار سفر دریائے شور کا اتفاق ہوا۔ ایک دفعہ ایسی حالت ہوئی کہ سب ہلاکت کے قریب ہو گئے۔ کسی کو بچنے کی امید نہ تھی۔ میں نے یہ نقش کشتی چلانے والے کے پاس بھیج دیا کہ اس سے توسل کرے۔ اسی وقت اللہ تعالیٰ نے عافیت عطا فرمائی۔ محمد ابن الجنزری سے منقول ہے کہ جو شخص اس نقش شریف کو اپنے پاس رکھے مخلوق میں مقبول رہے اور پیغمبر ﷺ کی زیارت سے خواب میں مشرف ہو اور یہ نقش شریف جس لشکر میں ہو اس کو شکست نہ ہو اور جس قافلہ میں ہو لوٹ مار سے محفوظ رہے۔ جس اسباب میں ہو چوروں کا اس پر قابو نہ چلے جس کشتی میں ہو غرق ہونے سے بچے۔ جس حاجت میں اس سے وسیلہ پکڑے وہ پوری ہو۔

نوٹ: اس نقشِ شریف کو ادب واحتیاط سے رکھیں۔ مگر ایسا غلو نہ کریں کہ خلاف شرع کوئی بات ہو جائے اور اس کو وسیلۂ برکت ومحبت سمجھیں یہ نہ ہو کہ تمام احکام دین واعمالِ خیر کو رخصت کر کے اس پر اکتفا کریں۔



یاد رہے کہ یہ نقش شریف جناب محمد رسول اللہ ﷺ کا ہے۔ جس کی خوبیاں یہ اوپر بیان ہوئیں۔

(بحوالہ زاد المطیب)

شدید بیماریوں کے واسطے:

جو لوگ اپنی بیماریوں میں علاج و دوادارو سے مایوس ہوگئے ہوں تو ان کے واسطے یہ عمل مفید ثابت ہوا ہے کہ کسی کاغذ یا پلیٹ پر جو کہ سفید ہو مکمل سورۂ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ لکھیں اور آخر میں یہ لکھیں یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقاۂ یا حی یا حی یا حی اگر مرض زیادہ پرانا نہ ہو تو اکیس دن ورنہ اگر مرض پرانا ہو تو اکتالیس دن صبح نہار منہ زم زم یا بارش کے پانی سے دھو کر پلائیں۔ اس عمل کو پورے اعتقاد کے ساتھ اختیار کریں اور کرائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ضرور فائدہ ہوگا۔ (مجربات شیخ)

تمام قسم کی بیماریوں کے دفع کے لئے:

فجر کی سنت و فرضوں کے درمیان گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ بارش کے پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے اور مزید اس پانی کو شہد سے میٹھا کر لی اجائے۔ چالیس دن ایسا ہی کریں یعنی پلائیں مسلسل انشاءاللہ القوی ضرور سکون و سلامتی ملے گی۔

برائے امساک:

امساک کے واسطے یہ تعویذ کمر میں باندھیں انشاءاللہ الفتاح فائدہ ہوگا۔

۱۱۱۱۱۱۲۸۸۹۹۳۸۱۱۵اعاکے				۳۵	۳۳	۳۷	د	لی	ط	ص	د
المقوی	القوی	القوی	القوی	۴۰	۳۸	۳۶	د	ھو	صلع	ر	ح
المتین	المتیی	المتین	المتین	۳	ھل	ول	لو	ع	ر	ر	ھے
القوی	القوی	القوی	القوی	۲۹	۳۲	۴۱	ح	حے	ر	ط	د

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا.

عجیب وغریب فوائد:

حدیث شریف میں ہے کہ چھینک آنے پر الحمدللہ علی کل حال پڑھے گا تو وہ دردِ کان دردِ داڑھ سے محفوظ رہے گا۔ (الحسن والحسین)

جو کوئی ہر چھینک یا ڈکار لے یا ڈکار سنے پھر کہے الحمدللہ علی کل حال تو اللہ تعالیٰ اس سے ستر مرض دور فرمادیں گے۔ جن میں سب سے چھوٹا مرض جزام ہے۔ (خطیب) جو شخص چھینکنے والے کے الحمدللہ کہنے سے پہلے الحمدللہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کو دردِ کوکھ سے محفوظ فرمائیں گے اور وہ کوئی رنج نہ دیکھے گا۔ دنیا سے آخرت تک جانے تک (طبرانی) جو شخص کوئی بات کہے اور چھینک آجائے تو اس بات کے حق ہونے کی علامت ہے۔ (بحوالہ بیہقی)

(بحوالہ بیہقی، طبرانی، حکیم ترمذی، رقیہ احمد وغیرہ)

جو مسلمان چھینکے پس الحمدللہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے ایک فرشتہ پیدا کردے گا، جو قیامت تک اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے گا۔ (ہٰذا حدیث متروک اخرجہ الامام الشوکانی)

جو کوئی ہر چھینک سننے کے بعد الحمدللہ علی کل حال پڑھے گا تو وہ شخص دردِ کان و داڑھ سے محفوظ رہے گا۔ (بحوالہ ربی ابن ابی شیبہ) (رقیہ احمدیہ)

ایک راز کی بات:

اگر کوئی شخص ہمیشہ قرآن کریم کی تلاوت کرتا رہے اگرچہ قلیل مقدار پڑھنا اپنی عادت بنالے مگر پڑھے پابندی کے ساتھ تو وہ شخص بڑھاپے کی حالت میں نہیں سٹھیائے گا بلکہ عقل وشعور ودانشمندی بڑھتی رہے گی۔ یہ بات مستند ومدلل ہے اور مجرب ہے۔

ہر بیماری سے شفا کے لئے:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کلونجی میں ہر بیماری سے شفا ہے۔ موت کے علاوہ اس کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ کلونجی کے اکیس دانے لیویں، اور اس پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے شہد میں ملا کر نہار منہ استعمال کریں۔ کلونجی کو پیسیں نہیں ایک چمچہ شہد ہو چاٹ لیں انشاء اللہ ضرور کامیابی ملے گی۔ یہ عمل حدیث شریف کے مطابق ہے اور مجھے اس عمل کی اجازت شیخ عبدالحق صاحب محدث اعظم گڈھی سے حاصل ہے اور میں اس عمل کی اجازت اس صاحب کتاب کو دے رہا ہوں۔

نوٹ: اگر کسی مقام پر کلونجی نہ ملے تو محمد اشرف کہتا ہے کہ اجوائن اوپر والے طریقہ کے مطابق استعمال میں لائیں اس اجوائن کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان ثابت نہیں ہے۔ اوپر والے نسخے میں تین چیزیں شفا کی جمع ہو گئی ہیں۔ شہد سے شفا کا ملنا قرآن کریم سے ثابت ہے۔ کلونجی سے شفا کا ملنا حدیث شریف سے ثابت ہے اور سورۂ فاتحہ کا شفا والا ہونا حدیث شریف سے ثابت ہے۔ انشاء اللہ القوی ضرور فائدہ ہوگا۔

سخت قسم کی بیماریوں سے شفا کے لئے آیاتِ قرآنی:

حضرت شیخ امام طریقت ابو القاسم قشیریؒ فرماتے ہیں کہ میرا ایک بچہ تھا جو بیمار ہو گیا تھا بیماری اس قدر سخت ہو گئی کہ وہ مرنے کے قریب ہو گیا میں نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا اور حضور ﷺ سے بچہ کا حال کہا آپ ﷺ نے جواب سے نوازا کہ تم آیاتِ شفا سے کیوں دور رہتے ہو کیوں ان سے فائدہ حاصل نہیں کرتے حضرت ابو قاسمؒ فرماتے ہیں کہ میں نیند سے بیدار ہوا اور آیاتِ شفا سے متعلق غور و فکر کرنے لگا تو میں نے اُن آیاتِ شفا کو لکھا اور پانی میں گھول کر بچہ کو پلا دیا وہ بچہ پیتے ہی اسی وقت شفا پا گیا جیسے کہ اس کے پاؤں سے گرہ کھول دی گئی ہو۔ وہ آیاتِ شفا یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. وَيُشْفِ صُدُورِ قومٍ مُؤمِنِينَ وشفاء لمانی الصدور یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء الناس واذا مرضت فهو یشفین قل هو للذین امنوا هدیً وَّشفاء وتنزل مِنَ القران مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ للمؤمنین. (مجربات اکابر)

زبان کی لکنت دور کرنے کے لئے:

جس کی زبان میں لکنت اور ہکلا پن ہو تو اس کے لئے ۳ مرتبہ یہ کلمات کسی برتن میں لکھ کر اُسے گھول کر پینے سے باذن اللہ شفا حاصل ہوتی ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِی صَدْرِیْ ویسرلی امری واحلُلْ عُقْدَةً من للسانی یفقهُوا قولی یا حی حین لا جی فی ویمو متملکه وبقائه یا حی واجعل لی لسان صدق فی الاخرین. اس کو لکھ کر شہد میں میٹھا کر کے ۲۱ر دن پئیں۔ بہت مجرب وآزمودہ ہے اللہ شفا دینے والے ہیں۔ (مجربات صحیح ومجربات استاذ)

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں:

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں تو اس کے لئے چاہئے کہ اجوائن اور کالی مرچ کچھ مقدار میں لیویں اور پیر کے دن دوپہر کے وقت چالیس مرتبہ سورت والشمس پڑھیں اس طور پر کہ اول آخر ۱۱۔۱۱ مرتبہ درود شریف ہو اور ہر مرتبہ سورت شروع کرنے سے پہلے یعنی درمیان میں درود شریف بھی ایک مرتبہ سورت شروع کرنے سے پہلے یعنی درمیان میں درود شریف بھی ایک مرتبہ پڑھتے جاویں اور اس اجوائن اور کالی مرچوں پر دم بھی کرتے جاویں پھر حمل کی ابتدا سے لے کر بچہ کے پیدا ہونے کے بعد تک یعنی بچہ کا دودھ چھڑانے تک ہر دن صبح کو عورت ۳ دانے کالی مرچ اور سات دانے اجوائن کے کھالیا کریں۔ (اللہ ضرور فضل فرمائیں گے) (مجربات اکابر)

اسی سے متعلق دوسرا مجرب تعویذ:

اسی اوپر شکایت میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکسٹھ مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر عورت اپنے پاس رکھے بچہ کی پیدائش کے بعد بچہ کے گلے میں ڈالدیں۔ انشاء اللہ بچے حفاظت ایزدی میں رہیں گے۔ (مجرب ہے ۱۲۔

جس کا دماغ حافظہ کمزور ہو اور علم کی بات دلجمعی نہ ہوتی ہو:

جس شخص کو قرآن کریم یا حدیث شریف یا کوئی علمی بات محفوظ نہیں رہ پاتی کہ اس کے ذہن ودماغ سے اوجھل اور بھول بھلیا ہو جاتی ہو تو اس کو چاہئے کہ سوتے وقت سینہ پر سیدھا ہاتھ رکھ کرا کیاون ۵۱ مرتبہ یاعلیم پڑھا کرے انشاءاللہ العلیم حالت سدھر جائے گی اور بہت فائدہ پہنچے گا۔ مجربات میں سے ہے۔ (مجربات استاذ)

عجیب خزانہ:

بیہقی اور ابن السنی اور ابوعبیدہؒ نے حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے ایک مریض کے کان میں کچھ قرآن پڑھا پس وہ صحیح اور اچھا ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن مسعود سے فرمایا کہ تم نے اس مریض کے کان میں کیا پڑھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ آیتیں پڑھیں تھیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعَالَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُوْنَ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ. پ ۱۸۔

پس فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ اگر کوئی مرد یقین کے ساتھ یعنی اچھے مضبوط

اعتقاد کے ساتھ ان آیتوں کو پڑھے پہاڑ پر تو وہ بھی ضرور اپنی جگہ سے ہٹ جاوے۔ حدیث پوری ہوئی۔

فائدہ: تاثیر کے یقینی ہونے بتلانے کا مقصود ہے یعنی مشکل سے مشکل کام اس کی برکت سے حل ہو جائے گا۔ (مجربات رقیہ احمدیہ)

دل کی سختی کے واسطے علاج:

مستدرک میں حضرت ابو جعفرؒ محمد بن علیؓ سے روایت کرتے ہیں کہ جو انسان اپنے دل میں سختی پاوے تو اس کو چاہئے کہ سورۃ یٰسین شریف زعفران سے پیالہ میں لکھ کر پی لے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور دل کی سختی دور ہو جائے گی اور نرمی پیدا ہوگی دل کی سختی نہایت ہی بری چیز ہے اس کا علاج کسی ولی اللہ شیخ کامل مع طبیب روحانی سے عمدہ طور پر کرانا چاہئے جیسے کہ مرض جسمانی کا علاج اکثر لوگ ڈاکٹر وطبیب سے کراتے ہیں۔

اگر پاؤں سُن ہو جائے تو کیا کرے:

جب کسی کا پاؤں سن ہو جائے یعنی سو جائے تو اسے چاہئے کہ لوگوں میں سے اپنے سب سے زیادہ پیارے کو یاد کرے اس روایت کو ابن السنی سے روایت کیا ہے اور سب سے زیادہ پیارے ومحبوب محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی ہے۔ ہر مسلمان کے نزدیک مطلب یہ ہوا کہ ایسی حالت میں آپ ﷺ پر درود پڑھے پاؤں کے سن ہو جانے پر درود شریف پڑھنے کا ہمیشہ سے تجربہ حاصل کیا گیا ہے کہ بہت جلدی سن ختم ہو جاتی ہے۔

اگر کان بھنبھنائے یعنی آواز کرے تو کیا کرے:

اگر کسی کا کان بھنبھنائے تو چاہئے کہ حضور پاک ﷺ پر درود شریف پڑھے اور یوں کہے کہ اللہ تعالیٰ یاد کرے بھلائی سے اس کو جس نے مجھے یاد کیا اس روایت کو بھی ابن

السنی سے روایت کیا ہے۔

جب تھکن ہو جائے تو کیا کرے:

جب کسی کو کسی کام کرنے سے تھکن ہو جائے اور کام کرنے کی وجہ سے تھک کر چور چور ہو جائے جیسے کہ عام طور پر مزدور محنت کرنے والے ہو جاتے ہیں تو سوتے وقت اول اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ پھر سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ پھر الحمد للہ ۳۴ مرتبہ پڑھے۔ اس عمل کو ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مجرب و آزمودہ بتایا ہے اور یہ عمل حدیث شریف سے بھی ثابت ہے۔

جس شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو یا پتھری کے مرض میں گرفتار ہو:

جس شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو یا پتھری کی وجہ سے تکلیف میں گرفتار ہو تو اس کے لئے چاہئے کہ ایک پیالہ یا کاغذ پر زعفران سے ان کلمات مبارک کو لکھے، اور صبح کے وقت نہار منہ پی لے انشاء اللہ تعالیٰ پتھری بھی ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی اور پیشاب کی بندش ختم ہو جائے گی اور اکیس دن مسلسل استعمال کرنے سے پتھری کے مرض سے افاقہ حاصل ہو گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عيونا فالتقى الْمَاء عَلىٰ أَمْرٍ قَدْ قَدرَ ربنا الله الذى فى السَّماء تقدس اسمك امرك فى السماء والارض كما رحمتك فى السماء فاجعل رحمتك فى الارض واغفرلنا حوبنا خطايانا انت رب الطيبين فانز شفاء ك ورحمتك على هذا الوجع بحرمة السّلام.

جب پاگل کتا کاٹ لے تو کیا کرے:

شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس کے پاگل کتا کاٹ لے جس کی وجہ سے اس شخص کے بھی پاگل ہونے کا خوف ہو تو اس حالت میں اس

آیت کریمہ کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر اس مریض کو کھلا دے اور چالیس دن کھلائے۔ روزانہ لکھے روزانہ کھلائے۔آیت یہ ہے۔ پہلے بسم اللہ لکھے پھر آیت کریمہ: اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا.

جو عورت بانجھ یعنی بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت نہ رکھے:

جو عورت بچہ پیدا کرنے کی عمر رکھے مگر صلاحیت نہ رکھتی ہو تو اس صورت میں چاہئے کہ چالیس لونگیں لی جائیں اور اس پر سات مرتبہ اس آیت کر پڑھ کر دم کرے اور ایک ایک لونگ ہر دن کھاوے، جس دن حیض سے فارغ ہو کر غسل کرے اس دن سے کھانا شروع کرے اور ان چالیس ٤٠ دن میں اس کا شوہر قربت بھی اختیار کرتا رہے اس لونگ کو رات کے وقت لے اور بعد کو پانی نہ پئے۔لونگ کے بعد پانی فوراً نہ پینا یہ ضروری امر ہے۔آیت شریفہ یہ ہے: اَوْ كَظُلُمَاتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يغشاه وموجٌ مِنْ فوقِهِ موج من فوقِهِ. سحاب ظلمات بعضها فوق بعض اذا اخرج يده لم يكد يراها ومن لم يجعل الله له نورا فماله من نور. (مجربات صحیح)

جس کی آنکھوں کی روشنی کم ہو گئی ہو:

مجربات صحیح میں سے یہ ایک مجرب ہے کہ جس انسان کی آنکھوں کی روشنی میں کمی آگئی ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے انشاءاللہ البصیر گئی ہوئی روشنی اس عمل سے واپس ہو جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ. پ ٢٦ سورہ ق

گندی ہواؤں کی وجہ سے لوگ بیمار ہوتے ہوں تو کیا کریں:

گھر مکان کارخانہ اگر کسی جگہ شہر وغیرہ میں طاعون یا کوئی گندی ہوا چل رہی ہو کہ جس کی وجہ سے لوگ بیمار پڑ رہے ہوں تو ایسی صورت میں چاہئے کہ سورۃ تغابن جو

اٹھائیسواں پارے میں ہے صبح وشام بعد نماز فجر ومغرب ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں اور اپنے اوپر اور تمام گھر والوں پر دم کردیا کریں اور جو چیز کھایا کریں یا پیویں تو پہلے اس پر سات مرتبہ سورت انا انزلنا پڑھ کر دم کردیا کریں، اور یہ تعویذ لکھ کر سب کے گلے یا بازو میں باندھ دیں۔ تعویذ میں لکھے جانے والے الفاظ یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الٰھی، بحرمت شیخ محمد والف ثانی رحمۃ اللہ علیہ و حضرت خواجہ محمد صادق رحمۃ اللہ علیہ از شر و آفات بد بادو طاعون نگاہ دار وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین۔

اگر ممکن ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر پینے والے پانی میں بھی گھول دیں فقط (المسدادیہ)

تمام قسم کی روحانی وجسمانی بیماریوں کے لئے:

اکثر بزرگانِ دین واہل اللہ کے معمولات میں یہ عمل شامل رہا ہے کہ فجر کی سنت اور فرضوں کے درمیان بسم اللہ کے ساتھ سورۂ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھیں اول وآخر ۱۱۔۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے سینہ پر پھیر لیں اور پانی پر دم کرکے مریضوں کو پلادیں جو بھی بیمار ہو ہمیشہ اس عمل کو اپنے عمل اور وظیفہ میں رکھیں۔ بڑی خیر وخوبی کا عمل ہے۔

اسی عمل کا دوسرا فائدہ:

اگر کوئی مریض ہو تو یہ عمل اوپر والا پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس کو پلائیں اور چہرے وسینہ پر چھڑک دیں۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے جادو وسفلی عمل اور آسیب وغیرہ کے اثرات کے دور کرنے کے لئے مجرب ہے۔ (مجربات صحیح)

جس شخص کو بالکل نیند نہیں آتی ہو وہ کیا کرے:

جو شخص رات بھر نیند نہ آنے کی وجہ سے تارے شمار کرتا ہو اور نیند نہ ہونے کی وجہ سے پریشان رہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ وضو کر کے لیٹے خواہ سردی یا گرمی یا برسات کا موسم ہو اور لیٹنے کے بعد کثرت سے درود شریف پڑھا کرے۔ بہت جلد نیند آجائے گی انشاء اللہ الحفیظ اور لیٹنے سے پہلے اگر روغنِ راحت استعمال کرے تو بھی نیند بہت جلد آئے گی۔ مجرب وآزمودہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام مبارک:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اچھے اچھے نام جن کے ساتھ دعا مانگنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔ ننانوے نام ہیں جو شخص ان نام مبارک کو حفظ (یاد) کرلے گا اور برابر پڑھتا رہے گا وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔ یعنی حدیث شریف میں اس کے لئے جنت میں داخل ہونے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ فضائل تو اس کے بہت ہی زیادہ ہیں جس کے لئے کافی وقت چاہئے اور دوسری کتابوں میں اس کی خاصیات وتاثرات دیکھیں گے ہاں جو جس مقصد کے لئے چاہے ان ناموں سے اس کو اس کی تعداد اختیار کر کے پڑھے۔

مراد حاصل کرنے کا بہترین طریقہ:

تفسیر کی کتابوں میں لکھا ہے کہ جو حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگنی ہو اس کے متعلق غور وفکر کرلو کہ اس حاجت وضرورت سے متعلق اللہ تعالیٰ کا کونسا نام موافق ہے پھر اس اللہ تعالیٰ کے نام کو اس عدد کے مطابق پڑھو انشاء اللہ الرحمٰن بہت جلد اس کی حاجت پوری ہوگی۔ جیسے کوئی انسان علم کی طلب میں ہے تو اس کے موافق اللہ تعالیٰ کا مبارک نام علیم ہے اور علیم کے عدد ایک سو پچاس ۱۵۰ ہیں تو اس نام کو تنہائی میں ایک سو پچاس مرتبہ

پڑھتے رہیں ایسے ہی ایک شخص اپنے دشمن وظالم کی شرعی طور پر ہلاکت چاہتا ہے تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا مبارک نام قہار ہے اس کے عدد ۳۰۶ (تین سو چھ) ہیں یا جبار ہے اس کے عدد ۲۰۶ دو سو چھ ہیں۔

بہر حال جو بھی اس کے مقصد کے اور حاجت کے مطابق نام مبارک ہو اس کا پتہ ترجمہ سے دیکھ لیں ہم نے ہر نام مبارک کے ساتھ اس کا ترجمہ بھی لکھ دیا ہے اور اس کے عدد بھی لکھ دیئے ہیں۔ نکال کر تنہائی میں باوضو پڑھیں۔ ویسے تمام نام روزانہ برکت، خیر وعافیت حاصل کرنے کے لئے پڑھتے رہیں۔ بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ اب ہم ان مبارک ناموں کے ساتھ ان کے عدد نکال کر پیش کرتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الغفار بڑا گناہ بخشنے والا ۱۲۸۱	القہار مخلوقات پر غالب ۳۰۶	الوہاب بلا عوض دینے والا ۱۴	المہمن حفاظت کرنے والا ۱۲۵	العظیم بہت بڑی شان والا ۱۰۲۰	الباسط پھیلانے والا ۷۲
البصیر بہت دیکھنے والا	الحکم فیصلے کرنے والا ۶۸	العدل بہت انصاف والا ۱۰۴	القابض چھیننے والا ۹۰۳	العزیز غلبہ والا ۹۴	الغفور بہت گناہ بخشنے والا ۱۲۸۶

الجبار بہت عزت کرنے والا ۲۰۶	النافع نفع دینے والا ۲۰۱	الرافع بلند کرنیوالا ۳۵۱	السلام ہر آفت سے سالم ۱۳۱	الجلیل بزرگی والا ۷۳	المذل ذلت دینے والے
الخافض پست کرنیوالا ۱۴۸۱	الضار ضرر پیدا کرنے والا ۱۰۰۱	الغنی خود غنی ۱۰۶۰	الفتاح رحمت کے دروازے کھولنے والا ۴۸۹	المتین مضبوط ۵۰۰	الحفیظ بہت حفاظت کرنے والا ۹۹۸
المشکور قدر دان ۲۲۶	الرؤف بہت مہربان ۲۸۷	العلی سب سے برتر ۱۱۰	الخبیر خبر رکھنے والا ۸۱۲	الصمد سب کا مقصود ۱۳۴	المصور صورت بنانے والا ۳۳۶
التواب رجعت سے متوجہ ہونیوالا ۴۰۹	الهادی ہدایت کرنیوالا ۲۰	الباعث مردوں کو زندہ کرنیوالا ۵۷۳	المؤمن امن دینے والا ۱۳۶	الکریم کرم والا ۲۷۰	السمیع بہت سننے والا ۱۸۰
المانع کسی مصلحت سے نہ دینے والا ۱۶۱	الحیّ زندہ ۱۸	المغنی دوسروں کو غنی کرنیوالا ۱۱۰۰	العلیم بہت علم والا ۱۵۰	الولی مدد کرنے والا ۴۶	المقیت روزی پہنچانے والا ۵۵۰
الغفور بہت معاف کرنے والا ۱۵۶	الباطن ذات سے چھپا ہوا ۶۲	القدوس سب عیبوں سے پاک ۱۷۰	الحلیم بردبار ۸۸	القادر قدرت والا ۳۰۵	الحکیم حکمت والا ۷۸
المنور ظہور والا ۲۵۶	الجامع اکٹھا کرنے والا ۱۱۴	الرزاق رزق دینے والا ۳۰۸	الحسیب حساب لینے والا ۸۰	الخالق پیدا کرنے والا ۷۳۱	المعید دوبارہ پیدا کرنے والا ۱۲۴
المنتقم بدلہ لینے والا ۶۳۰	المتکبر بڑائی والا ۶۶۲	اللطیف پوشیدہ چیز کا بتلانے والا ۱۲۹	القوی قوت والا ۱۱۶	المعز عزت دینے والا ۱۱۷	الاول سب سے پہلا ۳۷
			الواحد یکتا صفات والا ۱۹	الکبیر سب سے بڑا ۲۳۲	الودود محبت والا ۲۰
				الباری ٹھیک بنانے والا ۲۱۳	

المحیی زندہ کرنیوالا ۶۸	الحمید تعریف کرنیوالا ۶۲	المؤخر ہٹانے والا ۸۴۶	الماجد بزرگی والا ۴۸	الرشید مصلحت بتانے والا ۵۱۴
الآخر سب سے پچھلا ۸۰۱	المقتدر قدرت ظاہر کرنے والا ۷۴۴	الشہید حاضر موجود ۳۱۹	البر احسان کرنے والا ۲۰۲	ذوالجلال والاکرام جلال واکرام والا ۱۱۱۱
المجید بزرگی والا ۵۷	المجیب دعا قبول کرنے والا ۵۵	القیوم قائم رکھنے والا ۱۵۶	المقسط انصاف کرنے والا ۲۰۹	مالک الملک مالک بادشاہ ۱۲۱۲
الممیت موت دینے والا ۴۹۰	المحصی احاطہ کرنیوالا ۱۴۸	الوالی مالک ۴۷	الصبور تحمل والا ۲۹۸	الباقی سب کے بعد رہنے والا
الظاہر صفات سے کھلا ہوا ۱۱۰۶	المقدم بڑھانے والا ۱۸۴	الحق سچا ۱۰۸	البدیع ایجاد کرنے والا ۸۶	الوارث سب کا وارث ۷۰۷
الرقیب نگہبان ۳۱۲	الواسع گنجائش والا ۱۳۷	الواجد تونگر کرنیوالا ۱۴		
	المبدی ابتدا پیدا کرنیوالا ۵۶	المتعالی بہت برتر ۵۵۱		
		الوکیل کارساز ۶۶		

اگر کسی کا شوہر ناراض ہو تو کیا کرے:

جس عورت کا شوہر ناراض ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالیں کالے ڈورے سے گردن میں لٹکائیں۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۳	۱۶	۱۹	۶
۱۸	۷	۱۲	۱۷
۸	۲۲	۱۴	۱۱
۱۵	۱۰	۹	۲۰

دل کی دھڑکن کے لئے مجرب نقش:

اگر کسی کا دل دھک دھک کرتا ہوتو مندرجہ ذیل نقش گلے میں اس طریقہ پر ڈالیں کہ تعویذ دل کے پاس لٹکا رہے مجرب ہے اور نیچے یہ عبارت بھی لکھیں: بسم اللہ الرحمن الرحیم. الذین آمنوا وتطمئن قلوبھم. بذکر اللہ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ من ھمزات الشیاطین وان یحضرون اللہ شافی اللہ کافی برحمتہ یا ارحم الراحمین. (مجربات صحیح)۔


بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

آفات وبلیات سے بچنے کا بہترین نقش طاعون وہیضہ کے لئے

اس نقش کو بڑے ادب و احترام کے ساتھ موم جامہ کر کے بازو پر باندھیں اس کے فوائد کا معائنہ خود فرمالیں گے۔ انشاء اللہ، اور موٹے الفاظ میں لکھ کر گھر میں لگادیں۔

انشاء اللہ حفاظت حاصل ہوگی اور اس نقش مبارک کے فوائد استعمال کرنے والے خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے گھر کی ہر طرح حفاظت کے لئے بھی یہ نقش بہترین قلعہ ہے۔ ضرور فائدہ اٹھانا چاہئے۔



دل کی دھڑکن کے لئے مجرب و آزمودہ تعویذ:

اگر کسی کا دل دھک دھک کرتا ہو یہ تعویذ مع نقش کے گلے میں اس طرح ڈالیں کہ تعویذ دل پر لٹکا رہے مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۳	۱۶	۱۹	۶
۱۸	۷	۱۲	۱۷
۱۸	۲۲	۱۴	۱۱
۱۵	۱۰	۹	۲۰

اور نقش کے ساتھ والی عبارت بھی لکھیں اور نقش میں اعداد چھوٹے بڑے کے اعتبار سے ترتیب سے لکھیں۔ ہر نقش کے لکھنے کا یہی فائدہ ہے یہ ضروری یاد رکھنے کی بات ہے اس نقش کے ساتھ عبارت یہ لکھیں گے: بسم اللہ الرحمن الرحیم. الذین

امنوا وتطمئن قلوبهم بذكر الله الا بذكر الله تطمئن القلوب اعوذ بكلمات الله التامات من غضبه وعقابه وشر عباده ومن همزات الشياطين وان يحضرون الله شافي الله كافي برحمتك يا ارحم الراحمين. (مجربات صحیح)

قوت حافظہ کے لئے مجرب عمل:

دماغ کی کمزوری اور یادداشت کے ضعیف ہونے کی شکایت میں کم سے کم ۲۱ مرتبہ روزانہ اکتالیس مرتبہ الحمد شریف مع بسم اللہ کے پڑھ کر عصر کی نماز کے بعد روزانہ سینہ پر دم کرلیا کریں اور پانی پر دم کر کے بھی پی لیا کریں یہ عمل ایک بہت بڑے ولی اللہ کا بتایا ہوا ہے جو کہ مجرب ہے۔ (مجربات رشید)

جس شخص کو ہیضہ کی شکایت ہو:

جس شخص کو ہیضہ کی بیماری ہو تو اس کے لئے چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی اور مرض کی فوراً روک تھام باذن اللہ ہوگی۔ اگر سب گھر والے ہیضہ کی بیماری میں مبتلا ہوں تو سب کے گلے میں اسی تعویذ کو ڈالیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

حمعسق	كهيعص	حم حم حم حم	حم حم حم
يا حفيظ	يا حافظ	يا سلام	يامؤمن
يا حفيظ	انت انت انت	الله هو هو هو	يا سلام
يا حفيظ	يا حافظ	يا سلام	يامؤمن
يا حافظ	يا حفيظ	يا حافظ	يا حفيظ
ياسلام	ياسلام	يامؤمن	يامؤمن
ياحفيظ	ياحافظ	ياحفيظ	ياحافظ

اور گھر کی حفاظت کے لئے جو ہم نے نقش آگے لکھا ہے حفاظت کے بیان میں اس کو اپنے گھر میں چسپاں کر دیں اور صبح کو سورۃ محمد ﷺ پڑھ کر اللہ سے دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ مکمل حفاظت حاصل ہوگی۔ مجرب ہے۔ (مجربات صحیح)

جس شخص کے پیٹ میں درد مسلسل رہتا ہے:

جس شخص کو ہمیشہ پیٹ کے درد کا عارضہ رہتا ہو اس کے لئے خلیفۃ الرسول ﷺ حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے یہ عمل ارشاد فرمایا ہے کہ بارش کا پانی لیں اور اپنی بیوی سے مہر کی رقم میں سے کچھ روپے لیں اور اُن روپے سے شہد (اصلی) خریدیں اس شہد کو بارش کے پانی میں ملا کر صبح کو پی لیا کریں، انشاء اللہ تعالیٰ سات دن ایسے ہی کریں پیٹ کا درد ختم ہو جائے گا۔ (حدیث شریف) **نوٹ:** زیادہ افضل یہ ہوگا کہ اس پانی پر سات مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ (مجربات حامدیہ)

جس کا حافظہ کمزور ہو اس کے لئے مجرب عمل:

ایسے شخص کو جس کا حافظہ کمزور ہو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ یاقوی سر پر سیدھا ہاتھ رکھ کر پڑھا کریں مستقل طور پر بے انتہا مفید عمل ہے مجرب و آزمودہ ہے۔

(مجربات استاذ)

جس کی آنکھوں کی روشنی کم ہوگئی ہو:

جس کی آنکھوں کی روشنی میں فرق آ گیا ہو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ یانور پڑھ کر ہاتھوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی گئی ہوئی واپس آ جائے گی اور جاتے رہنے سے محفوظ رہے گی۔

(مجربات صحیح)

بھولنے کا مرض ہو تو کیا کرے:

اگر کسی شخص کو بھولنے کا مرض لاحق ہو تو اس کے لئے چاہئے کہ سورت فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ زعفران سے لکھ کر صبح نہار منہ پی لیا کریں انشاء اللہ العزیز بھولنے کا مرض ختم ہو جائے گا مگر یہ عمل کم از کم ۲۱ دن کرے ورنہ چالیس دن کرے۔ (مجربات صحیح)

ایک عجیب کرشمہ:

اگر فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ پڑھا جائے پھر اپنے منہ کے تھوک پر دم کر کے اپنی آنکھوں میں لگائے تو آنکھوں کی بیماری سے نجات ملتی ہے مگر شرط یہ ہے کہ سو کر اٹھنے کے بعد سے کچھ بھی کھایا پیا نہ ہو بالکل نہار منہ ایسا کرے یہ عمل ہمارے بزرگوں کے استعمال شدہ عمل و تجربات میں سے ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ **نوٹ:** اگر پیٹ میں قبض و خرابی ہو تو ہرگز ایسا نہ کرے۔ (مجربات اکابر)

ایک راز کی بات:

یہ بات مستند و مدلل ہے کہ اگر جوتا پہننے میں سیدھے پاؤں کا اور جوتا نکالنے میں بایاں پاؤں کا خیال رکھے ہمیشہ کے لئے ،ورسورۃ ممتحنہ زعفران سے لکھ کر اور اس کو پانی میں گھول کر تلی والے مریض کو پلایا جائے تو تلی والے مریض کو مرض تلی سے کلی طور پر چھٹکارہ حاصل ہوتا ہے۔ (فی الاثار)

تلی کے مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات:

اگر شفاء طحال پر ۷ مرتبہ **يُرِيدُ اللهُ ان يخفف عنكم... وَخَلَقَ الانسان ضعيفا** پڑھ کر دم کر کے تلی والے مریض کو صبح نہار منہ پلائیں ۷ دن تک تو انشاء اللہ موت تک تلی کے مرض سے نجات مل جائے گی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

پیشاب کے بند کو توڑنے کا عمل:

اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو سورالم نشرح پوری زعفران سے مع بسم اللہ کے لکھے اور صبح کو نہار منہ پی لے تو یہ عمل پیشاب کی بندش کو توڑ دیتا ہے اور دل کی سختی کو ختم کرتا ہے اور حافظہ اور یادداشت کو قوت دیتا ہے مجربات میں سے ہے چالیس دن استعمال فرمائیں۔ (مجربات صحیح)

جو شخص راستہ چلنے میں تھک جاتا ہو اس کے لئے تعویذ:

جو شخص تھوڑا ہی راستہ چلنے میں تھک جاتا ہو تو اس کے لئے چاہئے کہ اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں انشاءاللہ کبھی بھی نہ تھکے گا۔ ان نقش کے ساتھ ساتھ آیاتِ قرآنی کو بھی لکھیں گے۔ (مجربات اکابر)

نقش یہ ہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱	۸	۱۱	۱۴
۱۲	۱۳	۲	۷
۶	۳	۱۶	۹
۱۵	۱۰	۵	۴

بسم اللہ القوی العزیز الذی خلقنی فھو یھدین والذی ھو یطعمنی ویسقین واذا مرضت فھو یشفین والذی یمیتنی ثم یحیین والذی اطمع ان یغفر لی خطٰیئتی یوم الدین، رب ھبلی حکما والحقنی بالصالحین واجعل لی لسان صدق فی الاخرین واجعلنی من وّرثۃ جنۃ النعیم واغفر لا بی انہ کان من الضالین ولا تحزنی یوم یبعثون یوم لا ینفع مالٌ ولا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم. (۱۹)

جانوروں کی بیماری سے شفا کے لئے:

اگر جانور خاص طور پر گھوڑا، بیل، بھینس، گائے یعنی جتنے بھی دودھ دینے والے اور محنت کش بوجھ اٹھانے والے جانور ہیں ان کی بیماری سے شفاء کے لئے خواہ وہ کسی بھی قسم کی ہو اس کے لئے ایک کاغذ پر یہ کلمات لکھ کر جانوروں کے گلے میں ڈالیں اور یہ یاد رہے کہ تعویذ کا کپڑا کالے رنگ کا ہو۔ کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم طلعوا ستة وستین ملکا الی جبال المقدس لقوا ثلاث شجرات الواحدة قطعت والثانیة یلبست والثالثه احترقت القطع ایھا الخلد ببرکة سیھوم ویھوم وھوم بالف لاحول ولاقوة الا باللہ العلی العظیم ج وج وج وارتفع ارتفع اہ اہ اہ ل ط اس ل ط ا س ل ط ا س ل ط ا س ل ط اس اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ حم حم حم حم حم حم حم توکلت ل ادھی ع ل ۱۱ علی اللہ اللھم احفظ حامله وابتهٗ بحرمة رب العظیم والقرآن العظیم ولا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم. اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّمَا خَلَقَ. (مجربات صحیح)

جس کو کسی اثر کی وجہ سے اولاد سے محرومی ہو:

اگر زوجین کو اولاد سے محرومی ہو تو ایک کاغذ پر قرآن کریم کی اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر دونوں یعنی میاں بیوی کے گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ آیت یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم وفتحنا ابواب السماء بماء منھمر وفجرنا الارض عیونا فالتقی الماء علی امرقد قدر وحملناہ علی ذات الواح ودسر بحری باعیننا جزاء لمن کان کفر. (مجربات شیخ)

جس کو بھوک اور پیاس زیادہ لگتی ہو اس کے لئے عمل:

اگر کسی کو بھوک اور پیاس بہت زیادہ لگتی ہو اور وہ اس کی وجہ سے پریشان ہو اور وہ بھوک اور پیاس پر قابو پانا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ سورۃ لایلاف قریش ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پابندی کے ساتھ پڑھا کرے یہ نسخہ آزمودہ و مجرب ہے۔ (مجربات صحیح)

بیمار کے عیادت کی فضیلت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب مسلمان اپنے بھائی مسلمان کی عیادت کرتا ہے تو واپس آنے تک وہ گویا کہ جنت کے باغ میں ہوتا ہے اور جب کوئی بیما کے لئے دعا کے الفاظ کہتا ہے تو فرشتے اس کی دعا پر آمین کہتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی مسلمان بیمار کی عیادت صبح کے وقت کرلے تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس عیادت کرنے والے مسلمان کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور اگر شام کے وقت عیادت کرلے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس مسلمان عیادت کرنے والے کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔

چار بیماریوں سے حفاظت کے کلمات:

حضرت قبیصہؓ نے حضور ﷺ کی خدمت میں آکر عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ مجھے ایسے کلمات سکھا دیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان کلمات کے ذریعہ نفع دیں اس لئے کہ میری عمر زیادہ ہوگئی ہے، بوڑھا ہوگیا ہوں کہ (پہلے) بہت سے عمل کرتا تھا۔ اب میں ان کو کرنے سے تھک گیا ہوں۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے جواب عطا فرمایا کہ دنیا کے لئے تو یہ ہے کہ جب آپ صبح فجر کی نماز پڑھ چکیں تو تین مرتبہ کہو۔ **سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم.** کہ جب تم ان

کو پڑھ لو گے تو رنج وغم اور جذام کی بیماری اور برص کی بیماری اور فالج کی بیماری سے امن و سلامتی میں رہو گے اور حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اپنی آخرت کے لئے یہ پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ. پھر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو بندہ ان کلمات کو برابر پڑھے گا کہ ناغہ نہ کرے تو اس کے لئے جنت کے چار دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ جن میں سے چاہے اندر چلا جائے۔ (بحوالہ احیاء)

حضرت خضر علیہ السلام اور حضرت الیاس علیہ السلام کی دعا:

جو جلنے ڈوبنے اور چوری سے حفاظت کے لئے

حضرت خضر علیہ السلام اور حضرت الیاس علیہ السلام جب یہ دونوں حج کے دنوں میں ہر سال ملتے تو جُدا اس وقت ہوتے جب یہ دعا پڑھ لیا کرتے تھے۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ خَيْرٌ كُلُّهٗ بِيَدِ اللّٰهِ مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا يَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا اللّٰهُ. اس دعا کو پڑھنے کا یہ طریقہ ہے کہ اس دعا کو صبح کو تین مرتبہ پڑھ لیا کریں تو وہ پڑھنے والا آگ میں جلنے سے پانی میں ڈوبنے سے اور چوری سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (احیاء ج ا، ص ۴۵۶)

ام الصبیاں سے نجات کے واسطے:

سات تاروں کا کالے رنگ کا دھاگہ لیں اور اس دھاگے پر اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ ساتھ پڑھ کر دم کرتے جاویں ہر گرہ پر جب اکتالیس گرہیں ہو جائیں تو بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ مرض سے نجات مل جائے گی اور یہ عمل مجربات میں سے ہے۔

جس مسلمان انسان کا پیشاب بند ہو جائے تو وہ کیا کرے:

جس مسلمان کا خواہ وہ مرد ہو یا عورت اگر پیشاب بند ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ کثرت سے یہ درود شریف پڑھا کرے۔ یہ درود شریف خواب میں بشارت شدہ درود شریف ہے اور مجرب و آزمودہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کا مرض جڑ سے ہی ختم ہو جائے گی۔ وہ درود شریف یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ صَلَّ اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمْ.

نوٹ: اس درود شریف کی ایک تاثیر یہ ہے کہ یا تو اس کی برکت سے مرض ہی ختم ہو جائے گا ورنہ خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہو کر علاج و دوا کا علم ہو جائے گا۔

پیشاب کی بندش کا فوری مجرب علاج:

اگر کسی بھی انسان کا اگر چہ وہ کافر غیر مسلم ہو یا کسی بھی مذہب کا ماننے والا ہو چاہے مرد ہو یا عورت کہ اس کو پیشاب کی بندش ہو جائے اگر چہ مثانہ میں پتھری کی وجہ سے بندش ہو اور بندش کی وجہ سے حال یہ ہو جائے کہ اس کو مرنا زندہ رہنے سے محبوب و پیارا بن جائے۔ یہاں تک کہ وہ اسی وقت خودکشی کرنے کو تیار و آمادہ ہو جائے تو چاہئے کہ کُکڑ (بھٹہ) بعض جگہ مکا بھی کہتے ہیں اور عام طور پر برسات کے موسم میں ہوتی ہے اور اس کو عام طور پر آگ کے انگاروں پر بھون کر دانہ کھاتے ہیں تو اس مکا کے بال لیں جتنی زیادہ پرانی ہوگی اچھا ہوگا۔ ان بالوں کو ایک پاؤ پانی میں ابال کر بقدر ذائقہ نمک ڈال کر اچھی طرح سے ابالیں پھر اس پانی پر گیارہ مرتبہ الحمد شریف اور آیاتِ شفا پڑھ کر دم کر کے پی لیں بہتر ہوگا کہ سات مرتبہ الم نشرح والی سورت بھی زیادہ کریں۔ انشاء اللہ پہلی ہی خوراک میں مرض سے چھٹکارہ حاصل ہوگا اور یہ نسخہ استعمال شدہ ہے بہت

مفید پایا گیا ہے۔ اپنی مغفرت کے واسطے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ لوگوں کو چاہئے کہ بوقتِ ضرورت فائدہ اٹھائیں اور دوسروں کو بھی اس سے مطلع فرمائیں۔ آیاتِ شفا یہ ہیں: وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنَ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ. (مجرباتِ صحیح)

خاص طور پر برص پاگل دیوانہ اور جذام وغیرہ جیسی ہلاک کرنے والی بیماریوں سے پناہ میں رہنے کی دعا:

انسان کو روز بروز نئی نئی قسم کی بیماریاں ہو رہی ہیں کہ اس دور میں وہ بیماریاں سمجھ میں نہیں آتی ہیں۔ اسی لئے ہر قسم کی چھوٹی بڑی ہلاک کرنے والی تمام بیماریوں سے حفاظت کے لئے جناب رسول اللہ ﷺ کی یہ دعا بتائی ہوئی ہے۔ اس دعا میں خاص طور پر شدید قسم کی تین بیماریوں سے حفاظت و پناہ چاہی گئی ہے۔ اس لئے ہر مسلمان کو اس دعا کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے پناہ لینی چاہئے۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ. اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں (سفید کوڑھ) برص سے اور دیوانہ پن سے اور جذام سے اور تمام شدید قسم کی بیماریوں سے پناہ لیتا ہوں۔

غصہ دور کرنے کا مجرب علاج وعمل:

اگر کسی شخص کو سخت غصہ کا مرض لاحق ہو جس کی وجہ سے وہ اپنوں اور غیروں کو تکلیف میں مبتلا کر دیتا ہو اور غصہ کی وجہ سے قابو سے باہر ہو کر وہ سب کچھ کر لیتا ہو جو نہ

کرنا چاہئے تھا تو ایسے غصہ کے مریض کو چاہئے کہ لوٹے میں یا برتن میں وضو کا بچا ہوا پانی بسم اللہ پڑھ کر کھڑے ہو کر پی لیا کرے یہ علاج غصہ کے مرض کو کم کرنے کے لئے بہترین ہے۔ مجرب ہے اور مفید پایا گیا ہے، اور مستند ہے اور صحیح ہے۔

عام بیماریوں کا علاج:

یہ ہمارے بزرگوں کے تجربات میں سے ہے کہ وضو کا برتن میں بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر بسم اللہ پڑھ کر پینے سے ہر قسم کی بیماری سے نجات ملتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ تمام وضو کا بچا ہوا پانی ہو اور کھڑے ہو کر اس پانی کا پینا سنت ہے۔ (مجربات شامی)

ایک مخصوص بیماری اور روحانی علاج:

حدیث شریف میں ہے کہ وضو میں ہاتھ دھونے سے ہاتھ کے گناہ دھلتے ہیں۔ منھ دھونے سے منھ کے گناہ دھلتے ہیں، چہرہ دھونے سے چہرے کے گناہ، پاؤں دھونے سے پاؤں کے گناہ دھلتے ہیں۔ ہر وضو کے اعضاء دھونے سے اس اعضاء کے گناہ دھلتے ہیں اور بعد وضو کے اس وضو کے بچے ہوئے پانی کو کھڑے ہو کر پی لینا بیماری سے نجات بخشتا ہے۔ یہ بزرگوں کے مجربات میں سے ہے اور حدیث شریف میں ہے کہ اس وضو کے بچے ہوئے پانی کو شرم گاہ کے مقام پر یعنی رومالی پر چھڑکنے سے نماز کے اندر وسوسوں کی بیماری سے نجات ملتی ہے۔ (ترمذی شریف)

غصہ کے کم کرنے کا ایک مستند علاج:

صحیح روایت میں ہے کہ جس شخص کو غصہ کا بھوت سوار ہو تو اس کو چاہئے کہ وضو کر لے اور پانی پی لے اس لئے کہ غصہ شیطان کی طرف سے اور شیطان کی پیدائش آگ سے ہے اور آگ کو پانی ہی ٹھنڈا کرتا ہے۔ یہ علاج مفید اور مستند ہے۔

جماہی کا مفید و مجرب علاج:

اگر کسی انسان کو جماہیاں بہت آتی ہوں تو علاجوں میں سے ایک مفید علاج یہ ہے کہ جماہی کے وقت یہ دل میں خیال لائے کہ کسی نبی ورسول کو جماہی نہیں آئی ہے۔ اس خیال کے لانے سے جماہی کا آنا بند ہو جائے گا۔ مجرب و مستند ہے۔

قوت مردانگی کے ضعف کا علاج:

جس کو قوت مردانگی کی کمی ہو تو اس کو چاہئے کہ جب بھی غسل کرے اور جب بھی ہمبستری سے فارغ ہو تو کسی میٹھی چیز پر ۷ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر کے ہمیشہ کھالیا کرے انشاء اللہ یہ شکایت ختم ہو جائے گی۔

آیت یہ ہے: زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذَالِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ. (مجربات صحیح)

جب شدید قسم کی بیماریاں جیسے طاعون ہیضہ وغیرہ پھیل رہی ہوں:

اگر کسی مقام یا گھر وشہر میں ہلاک کن بیماریاں پھیل رہی ہوں جیسے طاعون ہیضہ وغیرہ تو ایسے حالات میں رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ کے بیانات وتذکرے کثرت سے کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد بیماریوں کی روک تھام ہو جائے گی۔ یہ عمل پرانے بزرگو کے مجربات سے ہے اور مجرب وآزمودہ ہے۔ (مجربات اکابر)

رسول اللہ ﷺ فرض نماز کے بعد کیا پڑھتے تھے:

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرض نماز کے بعد سیدھا ہاتھ سر پر رکھ کر یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ بسم اللّٰہ الذی لا الٰہ الا ھو الرحمٰن الرحیم. اللّٰھم

اَذْهَبْ عَنِّيَ الْهَمِّ وَالْحُزْنَ.

ترجمہ: میں نے اس اللہ کا نام لے کر نماز مکمل کی جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور وہ بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ اے اللہ آپ مجھ سے رنج وغم و فکر کو دور کر دیجئے۔ (حدیث نبوی ﷺ)

بچہ کی پیدائش کے بعد دودھ زیادہ ہونے کی وجہ سے تکلیف ہو:

اگر ولادت کے بعد دودھ کی زیادتی کی وجہ سے تکلیف ہو تو ایک سفید کاغذ پر قرآن کریم کی یہ آیت شریفہ لکھیں اور تعویذ بنا کر سینہ پر بندھوا دیں۔ انشاء اللہ آسانی و سہولت ہوگی اور تکلیف میں تخفیف ہوگی۔

آیت یہ ہے: يَا اَرْضَ ابْلَعِيْ مَاءَكِ وياسماء اقلعي وغيض الماء اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْ تزولا ولئن زالتا ان امسكهما من احد من بعده انه كان حليما غفورا. مجربات اکابرؒ)

سانپ واژدہے کا فوری طور پر زہر اتارنے کا مجرب عمل:

اگر کسی کے بھی سانپ یا اژدہے نے ڈس لیا ہو تو یہ عمل مخصوص طریقہ پر تحفہ ہے۔ اس عمل سے ڈسا ہوا شخص اگرچہ غیر مسلم ہی کیوں نہ ہو اور وہ سانپ واژدہے کے زہر کی وجہ سے موت کی حالت میں ہو۔ یعنی زہر کی وجہ سے اس کی جان ہونٹوں پر آ گئی ہو تو اس عمل کے اختیار کرنے سے باذن اللہ تعالیٰ اس انسان سے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ ہمیشہ کا مجرب وآزمودہ ہے اور یہ عمل رمضان المبارک کی ستائیسویں کو کریں گے یعنی اس عمل کے عامل ۲۷ رمضان المبارک کو بنیں گے۔ سال میں ایک مرتبہ صرف اور باقی پورے سال تک عامل رہیں گے۔ پھر اگلے رمضان المبارک کی ۲۷ کو عمل کریں گے۔ اسی طرح ہر سال کریں گے ایک دن صرف اور جب عامل بن جائیں گے تو اگر معلوم ہو جائے آپ

کو کہ فلاں کے سانپ یا اژدہے نے کاٹ لیا ہے تو آپ کو فوراً اس کا زہر اتارنے کے لئے جانا پڑے گا۔ اگر چہ آپ کو کسی قدر بھی پریشانیاں اور تکلیف ہو۔ دوسرے یہ کہ اس کا زہر اتارنے پر کچھ روپیہ وغیرہ طے نہیں کریں گے۔ چاہے وہ خود اپنی مرضی اور خوشی سے کچھ بھی دے دے تو اس کو قبول کرلیں گے۔ مگر اپنی زبان سے کہہ کر نہیں لیں گے۔

(مجربات صحیح)

نوٹ: عمل صرف ۲۷ ستائیسویں رمضان المبارک کی رات میں ہی بتایا جائے گا۔ ضروری شرط ہے۔

جنون اور مرگی کی بیماری سے شفاء کے لئے:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام لنجوں اور پاگلوں و دیوانوں اور اندھوں کو یہ دعا پڑھ کر تندرست و صحیح و سالم باذن اللہ کرتے تھے۔ لہٰذا اس دعا کو زعفران سے لکھ کر زم زم کے پانی سے حل کر کے پلانا مرض سے شفاء کا ذریعہ بنتا ہے۔ دعا عیسیٰ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ لَهُ مَنْ فِيْ السَّمَاءِ وَلَهُ مَنْ فِيْ الْاَرْضِ لَا اِلٰهَ فِيْهِمَا غَيْرَكَ وَاَنْتَ مَلِكُ مَنْ فِيْ السَّمَاءِ وَمَنْ فِيْ الْاَرْضِ لَا ملك فيهمَا غَيْرُكَ وَتَدَرتك فى الْاَرْضِ وَقَدْرَتِكَ فِيْ السَّمَاءِ سُلْطَانِكَ فِيْ الْاَرْضِ سُلْطَانِكَ فِيْ السَّمَاءِ وَاسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْكَرِيْمِ وَوَجْهِكَ الْمَنِيْرُ وَمَلَكَ الْقَدِيْمِ اِنَّكَ عَلىٰ كُلِّ شَىْءٌ قَدِيْر.

حضرت وہب بن منبہ ؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس ہزار ہا مریض و بیمار آتے تھے اور جو آنے کے لائق نہ ہوتا تھا اس کے پاس حضرت عیسیٰ علیہ السلام خود تشریف لے جاتے تھے۔ ہزاروں اندھے، لنگڑوں اور کوڑھوں کو ان کی دعا سے شفا ہوتی تھی۔ عیسیٰ علیہ السلام یہ دعا پڑھتے تھے، جو اوپر گزری ہے۔ حضرت وہب ؒ

فرماتے ہیں کہ یہ دعا دل کی گھبراہٹ اور پاگل پن جنون کے مریضوں کے لئے پڑھنے اور (زعفران) سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلانے سے انشاءاللہ مکمل فائدہ ہوگا اور مریض و بیمار شفاء پائیں گے۔ (بحوالہ تفسیر کشف الرحمٰن)

برائے امساک:

یہ علاج علامہ دیربیؒ نے اپنی مایۂ ناز تصنیف کتاب میں تحریر فرمایا ہے کہ انگور کے پتے پر یہ نیچے والے الفاظ لکھیں۔ پھر الٹی بائیں ران میں باندھ لیں۔ ابجد هوز حطی کلمن صعفص قرشت ثخذ ضظغ قبل یا ارض ابلعی ماءك و یاسماء اقلعی وغیض الماء النازل من صلب فلان...... بن فلان...... لاحول ولا قوة الا بالله العلی العظیم وصلی الله علی سیدنا محمد واله واصحابه وسلم۔ اس عبارت کے اندر فلاں کی جگہ مرد کا نام اور بن فلاں کی جگہ پر مرد کے باپ کا نام لکھیں گے انشاءاللہ تعالیٰ انزال نہ ہوگا۔ مستند ہے۔

یاسلام کی تاثیر:

اللہ تعالیٰ کے ننانوے ۹۹ ناموں میں سے ایک نام سلام بھی ہے اس کے ساتھ یا لگا کر یاسلام ۱۳۱ مرتبہ سوتے وقت اور فجر کی نماز کے بعد پابندی کے ساتھ پڑھنے سے ہر قسم کے مرض و بیماری کی تکلیف سے نجات ملتی ہے اور مرض کا ازالہ ہوتا ہے۔ یہ بات بزرگانِ دین سلف نے بیان فرمائی۔ (مجربات اکابر)

ہر قسم کے مرض و بیماری سے چھٹکارہ کے لئے:

ہر قسم کے شدید سے شدید مرض کہ جس کا علاج کرنے سے حکیم و ڈاکٹروں نے منع کر دیا ہو اور بیماری سمجھ میں نہیں آرہی ہو تو اس کے لئے الحمد شریف۔ بسم اللہ کے ساتھ لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ جس کو خود پڑھنا نہیں آتا ہو جیسے چھوٹے بچے وغیرہ

اور یہ الفاظ بھی زیادہ کرلیں: یا حی حین لا حی فی دیمومۃ ملکہ وبقانہ یا حی یاحی یا حی چالیس دن مسلسل پلائیں۔ یہ علاج مستند ہے۔ (مجرباتِ اکابر)

تمام پیٹ کی بیماریوں کے لئے:

اگر سورۃ لقمان زعفران سے لکھ کر اور زم زم کے پانی سے حل کر کے صبح نہار منہ ۲۱ دن پلائیں ورنہ چالیس ۴۰ دن اور نمک اور نمکین چیزوں سے بالکلیہ پرہیز کریں تو انشاء اللہ پیٹ کی شکایتیں ختم ہو جائیں گی۔

دماغ کی کمزوری کے ختم کرنے کا ایک عجیب ونادر نسخہ وعمل:

ثابت گولا (ناریل)	کشمش (افغانستانی)،	سفید مرچ،	بادام	
۱عدد	۱۰۰گرام	۵۰گرام	۱۰۰گرام	

ترکیب: کشمش اور سفید مرچ ناریل میں سوراخ کر کے بھر دیں پھر سوراخ کا منھ آٹے وغیرہ سے بند کر دیں اور آگ کے قریب گرم راکھ میں دبا دیں۔ جب گولا (ناریل) بھن جائے آگ سے نکال کر بادام ملا کر سب کو چاروں کو کوٹ لیں اور کٹے ہوئے پر (سورہ اعلیٰ پ ۳۰) والی سورہ ۱۲ مرتبہ کہ اول وآخر۔ ۷ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کر دیں۔ دم کرنے کے بعد سب کی اکتالیس ۴۱ گولیاں بنالیں اور یہ سب تمام کام ایک ہی رات میں کرنا ضروری ہے، اور پھر ایک گولی روزانہ صبح یا سوتے وقت دودھ یا پانی سے استعمال کریں۔ انشاءاللہ کیسا بھی کمزور دماغ ہو یا کسی بھی طرح کی دماغی شکایت ہو سب ختم ہو جائے گی اور دماغ اعلیٰ طریقہ سے خوب خوب کام کرے گا۔ نسخہ مجرب و آزمودہ ہے اور بے حد مفید ہے۔ بس اللہ ہی شفا عطا فرمانے والے ہیں۔ (مجرباتِ صحیح)

دماغ کی کمزوری کے دفع کے لئے عمل مجرب:

یہ عمل بہت استعمال میں آیا ہوا ہے کہ جس شخص کو بھولنے کا مرض ہو یا سبق یاد نہیں

رہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ سوتے وقت رات کو یا فجر کی نماز کے بعد سورۃ الم نشرح ۷ مرتبہ اور اول آخر ۳۔۳ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ پابندی کے ساتھ انشاء اللہ کافی فائدہ حاصل ہوگا۔ (مجربات استاذ)

اگر کسی پھلدار درخت میں پھل آنے بند ہو گئے ہوں:

جس پھل والے درخت میں پھل آنے بند ہو گئے ہوں تو اس کے لئے چاہئے کہ ایک کاغذ پر الحمد شریف لکھیں اور درمیان میں مالك يوم الدين کو سات مرتبہ لکھیں۔ پھر آمین لکھنے کے بعد درود ابراہیمی لکھدیں اس کاغذ کو بارش کے پانی سے دھو کر اُن درختوں کی جڑوں میں ڈالدیں جس میں پھل آنے بند ہو گئے ہوں انشاء اللہ تعالیٰ اُسی سال پھل آنے لگیں گے۔ ہاں یہ ایک کاغذ کا عمل ایک درخت کے لئے ہے یاد رکھیں۔ (مجربات اکابر)

بدنظری ختم کرنے کے لئے:

جس کسی کو نظر کا خلل ہوتا ہے تو یہ تعویذ نہایت مجرب ہے۔ خواہ وہ آدمی سے متعلق ہو یا جانور سے سب کے لئے عام ہے۔ تعویذ کی عبارت کے الفاظ یہ ہیں بسم الله الرحمن الرحيم اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شر كل شيطان وَّهامة ومن كل عين لامة تحصنت بحصن الف لاحول ولا قوة الا بالله العلى العظيم. (مجربات اکابر)

بدنظری کے ختم کرنے کے لئے تیز اثر عمل و دعا:

خراساں میں ایک نظر لگانے والا تھا وہ ایک دن کچھ لوگوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ اسی درمیان ایک شخص اونٹ والا اپنے اونٹوں کو ہنکا کر لے جا رہا تھا۔ یہ نظر لگانے والا شخص اپنے دوستوں سے کہا کہ ان جانے والے اونٹوں میں سے کونسے اونٹ کا گوشت

کھاؤ گے دوستوں نے ایک عمدہ خوبصورت اونٹ کی طرف اشارہ کر کے بتایا۔ اس نظر لگانے والے شخص نے اسی اونٹ کی طرف نظر بھر کے دیکھا وہ خوبصورت اونٹ اسی وقت زمین پر گر گیا۔ مگر اونٹ کا مالک بڑا سمجھدار تھا اور عالم بھی تھا۔ مالک نے کہا کہ جس نے میرے اونٹ کو نظر لگائی ہے اس کو چاہئے کہ نظر کو جلدی ختم کرے اور یہ کلمات پڑھنے چاہئیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم. بِسْمِ اللّٰه عَظِيْم الشَّانْ شَدِيْدِ الْبُرْهَانْ مَاشَاءَ اللّٰهُ كَانَ حَبَسَ حَابِسٍ مِنْ حَجَرٍ يَّابِسٍ وَّشِهَابٍ قَابِسٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّي رَدَدْتُ عَيْنَ الْعَائِن عَلَيْهِ وَعَلٰى اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْهِ وَفِيْ كَبِدِهٖ وَكُلَيتِهٖ لحم رقِيقٌ وَّعَظِيْمٌ وَقِيقٌ فِيْمَا لَهٗ يَلِيق فارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فطور. ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْر. یہ دعا پڑھتے ہی وہ اونٹ فوراً صحیح وسالم کھڑا ہو گیا۔ جیسے کہ اس پر نظر لگی ہی نہیں تھی۔ لہٰذا اس دعا کو لکھ کر اس شخص کے گلے میں ڈالنا جس کو ہمیشہ نظریں لگتی رہتی ہیں۔ بہت مفید ہے اور ان کلمات کو پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے۔ بہت مجرب ہے۔ (مجربات صحیح مجربات دیربی)

نظر بد کے ختم کرنے کے لئے بہترین تعویذ:

جس شخص کو نظر ہو جائے اس کیلئے ایک کاغذ پر وہ تین سورتیں لکھ کر اس کے سر پر باندھ دیں۔ جن تین سورتوں میں حرف کاف نہیں ہے۔ (۱) والعصر (۲) لایلاف (۳) قل اعوذ برب الفلق، بسم اللہ کے ساتھ ساتھ۔ انشاءاللہ فوراً نجات حاصل ہوگی۔ (مجربات)

آنکھ کے زخم کے لئے اور ہر جانور کی بدنظری مٹانے کے لئے:

اگر کسی جانور کی آنکھ میں زخم ہو جائے یا گھوڑے، گائے، بھینس بکرا وغیرہ وغیرہ تمام جانوروں کی بدنظری کے شفا کے لئے اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت مفید پائیں گے۔ نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں:

یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

هو هو	۱۶۱۹۱ و ۱۳۱ و ۱۳ او ۸ ۱۱۱۱۱ خ اہ و ۱۱ اللہ ھو ھو	۱۱۱۱۱۱
	ان زس ف د ا ش م ن و ع ف ی س ر ا ی اللہ ھو ھو	
بنیع	ل م ع و ل س ھ د لا ل م ک س م ح م [illegible] م اللہ ھو ھو	۸
	ر وا ن خ ذ ک خ ج ش ت ظ خ ز ا ھ ط اللہ ھو ھو	۱۶
۱۱/۱۶/۱۶	م ی ش ذ ر ھ ط ح ام ر خ ع ط ک ل اللہ ھو ھو	۱۱ اللہ
	بنب ع س ی ل م ر ض ع م ب ر ل اللہ ھو ھو	ھو ھو
۱۳۱۲۱	[illegible]	

نظر بد سے حفاظت کا نقش:

اس نقش کو لکھ کر اس انسان کے گلے میں ڈال دیں جس کو نظر لگ چکی ہے یا نظر لگ جانے کا خوف ہو مفید پائیں گے۔ مجرب ہے۔

نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حسبنا	اللہ	ونعم	الوكيل
عزيز	صابق	محيط	مغنى
مانع	واحد	مهلك	عالم
محى	مميت	معبود	باقى

ایک عجیب نکتہ:

نظر کا لگنا حق ہے۔ نظر انسان کو قبر میں داخل کر دیتی ہے اور کھائے جانے والے جانوروں کو ہانڈی اور دیگ میں داخل کر دیتی ہے یعنی اس جانور کے گوشت پکنے کی نوبت

آجاتی ہے۔ صحیح روایت میں ہے کہ اگر کسی کو کوئی چیز بھلی اور تعجب خیز معلوم ہو اور وہ تعجب میں پڑنے والا شخص اس چیز کو دیکھ کر ماشاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ کہہ دے تو نظر لگنے سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

بدنظری سے نجات پانے کے لئے مجرب ہے:

اگر کسی کو نظر بد ہوگئی ہو تو اس کے لئے چاہئے کہ سات مرچ مٹھی میں لے کر مریض کے کل بدن کے چاروں طرف گھمائے ۷ مرتبہ اور ہر پھیرے میں یہ پڑھتا رہے۔ الاسلام حق والکفر باطل وبحق اللہ الحق بکلماتہ ولو کرہ المجرمون. پھر ان مرچوں کو آگ میں ڈال دیں۔ اگر نظر لگی ہوگی تو فوراً انشاء اللہ اسی وقت ختم ہو جائے گی اور اسی وقت مریض کو فائدہ وسکون مل جائے گا۔ مجرب ہے اور صحیح ہے وقت ضرورت پر فائدہ اٹھائیں۔

جس کو نظر بد لگنے کا اندیشہ ہو:

جس کو یہ خوف ہو کہ مجھے کسی کی نظر لگ جائے گی یا اس کو عام طور پر نظریں لگتی رہتی ہوں تو اس کو چاہئے کہ وہ ایسے موقع پر اس دعا کو پڑھ لیا کرے انشاءاللہ بدنظری سے محفوظ رہے گا۔

دعا یہ ہے: اَعُوْذُ بِ وَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ لَا شَئٌ اعظم منه بكلماته التامات الّتى لايجاوزهن برٌّ ولا فاجرٌ وَاَسْمَاءُ اللّٰهِ الْحُسْنىٰ وَمَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِىْ شَرٍّ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّىْ عَلىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ. (مجربات صحیح)

نظر بد سے حفاظت کی ایک اور دعا:

جس نے بھی ان دعاؤں کو صبح وشام پڑھا ہوگا وہ خود تجربہ کرے گا اور جان لے گا اس کے اثرات اور خاصیات اور فوائد کس قدر بھرے ہوئے ہیں اور ان کا کیا مقام واہمیت

ہے اور ان کلمات اللہ کے ذریعہ کس قدر نظر بد سے حفاظت ہے۔ کیوں کہ یہ دعائیں ہتھیار ہیں اور ہتھیار چلانے والے کے فائدے ہی کے لئے ہوتا ہے۔ ایک اوپر گزر چکی ہے اور یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّی لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَالَمْ یَشَاءُ لَمْ یَکُنْ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَعْلَمُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَاِنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْماً وَاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیٰطِیْنِ وَشِرْکِہٖ وَمَنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَۃٍ اَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّی عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ.

نظر بد سے بچنے کی ایک عام جامع مستند دعا:

جب نظر لگنے والے کو اپنی ہی نظر لگنے کا خوف و اندیشہ ہو تو اسے یہ دعا پڑھ کر اس شر کو دور کرنا چاہئے جس کو جناب محمد رسول اللہ ﷺ نے حضرت عامر بن ربیعہؓ سے فرمایا۔ جب سہیل ابن حنیفؓ کی انہیں نظر لگی کہ کیا تم نے دعاء برکت نہیں کی یعنی اللھم بارک علیہ نہیں پڑھا ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ پڑھ لیتے اور اسی سے متعلق حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آنحضرت ﷺ کو پڑھ کر دم کی، وہ گویا براہ راست آپؐ پر نازل ہوئی اس کے فائدے مند ہونے میں کون ایمان والا شک وشبہ کرسکتا ہے۔ ضرورت صرف اس کی ہے کہ ان دعاؤں کو یقین کامل کے ساتھ پڑھا جائے۔ پھر اس کا اثر مشاہدہ فرمائیں۔ جھاڑ پھونک اور دم کرنا بھی حقیقت میں ایک طرح کی دعا ہے اور اس کا اثر حیرت انگیز طریقہ پر ظاہر ہوتا ہے۔ جیسے نظر کا ہی لگنا یہ ایک ایسی حقیقت ہے کہ جس کا انکار کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی اور روزمرہ کی زندگی میں ہر انسان کو اس کا مشاہدہ اور تجربہ ہوتا ہے۔

نظر لگے ہوئے شخص کے لئے مجرب عمل:

سورت الحمد شریف اور چاروں قل ۷۔۷ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور دم کر کے ہی پانی پلا دیں۔ انشاء اللہ اسی لحہ تندرستی حاصل ہو جائے گی۔ (مجربات صحیح)

جب نظر لگ جائے تو کیا کرے:

حدیث شریف میں ہے کہ جس کو نظر لگ جائے تو حضور پاک ﷺ کے اس ارشاد سے جھاڑے یعنی یہ کلمات پڑھ کر نظر لگے ہوئے شخص پر دم کرے۔ بسم اللہ اللّٰھُمَّ اَذْھَبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا. پھر اس نظر لگے ہوئے شخص سے کہے اٹھ جا کر کھڑا ہو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس روایت کو ابن ماجہ نسائی وغیرہ نے بیان کیا ہے۔

کسی کی نظر اُتارنا:

اگر کسی کو کسی کی نظر لگ جائے تو نیچے والی آیت شریفہ سات مرچوں کے ساتھ سات مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ مرچوں کو نظر لگے ہوئے شخص پر سات مرتبہ گھمائیں اور سات مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر مریض پر دم بھی کر دیں اور ان مرچوں کو آگ میں چھوڑ دیں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً نظر بد ختم ہو جائے گی بہت مجرب ہے اور مستند ہے۔

آیت شریفہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم. وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ. پ:۲۹، سورۂ قلم رکوع نمبر۲ کی آخر آیتیں ہیں۔ مجربات حسن)

نکسیر کا تعویذ جو کہ مجرب ہے:

نکسیر والے کی پیشانی اور ماتھے پر یہ تعویذ لکھا جائے یا لکھ کر لٹکایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ بہت مفید پائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. قِیْلَ یٰاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآئَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ.

اور ایک مٹی کی ہنڈیا میں پنڈول ڈال کر اس میں پانی بھر کے رکھیں اور اس پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر دیں اور یہی پانی چند دن پلائیں۔ انشاء اللہ ہمیشہ کے لئے اس مرض سے نجات مل جائے گی۔ مجربات میں سے ہے۔ مجربات اکابر و زاد المعاد وغیرہ۔ (مجربات نظیر)

نکسیر کے مرض سے نجات پانے کے لئے:

نکسیر کے مرض سے نجات پانے کے لئے اس تعویذ کو زعفران سے لکھ کر اس میں کچھ خوشبو بھی ہو لکھ کر اس تعویذ و نقش کو سات دن پلائیں اور یہی نقش و تعویذ کو مقام نکسیر پر باندھ دیں انشاء اللہ باندھتے ہی نکسیر ختم جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لوطا	لوطا	لوطا
لوطا	لوطا	لوطا
لوطا	لوطا	لوطا

اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکھما من احدمن بعدہ انہ کان حلیماً غفوراً.

مرگی کے مریض کا علاج:

ایک اللہ کے ولی مرگی والے مریض کے داہنے کان میں اذاں اور بائیں کان میں اقامت کہہ کر ہی علاج فرمادیا کرتے تھے اور وہ فوراً اچھا ہو جاتا تھا مرگی کا اذاں و قامت ہی سے علاج کرتے تھے۔

مرگی سے مرض سے نجات پانا:

مرگی کے مریض پر حضور پاک ﷺ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ

اِلَیۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ. پڑھ کردم فرمایا کرتے تھےاور مرگی والے مریض پر آیۃ الکرسی اور معوذتین پڑھ کردم کرنا چاہیے اور انہیں مذکورہ آیتیں وسورتوں کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنے سے انشاءاللہ موت تک اس مرض سے نجات مل جائے گی۔ **نوٹ:** مرگی کا مخصوص نقش ہے ضرورت مند ملاقات کریں۔ (معمولات نبوی ﷺ) (مجربات اکابر)

جس شخص کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو:

مرگی کی شکایت میں نیچے والی آیات لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم رَبِّ اِنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيۡنِ وَاَعُوۡذُبِكَ رَبِّ اَنۡ يَّحۡضُرُوۡنِ. اور پینے کے لئے زعفران سے لکھ کر صبح نہار منہ ۲۱ دن پلائیں ورنہ چالیس دن انشاءاللہ اس مرض سے بالکلیہ نجات مل جائے گی۔ آیات شفا دوسرے مقام پر دیکھیں گے۔ (مجربات صحیح)

مرگی کے مرض سے شفا حاصل کرنے کا مجرب تعویذ:

جس شخص کو مرگی کی بیماری ہو، اس کے گلے میں یہ تعویذ لکھ کر ڈالدیں تو انشاءاللہ القوی نجات حاصل ہوگی، مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اَمۡ ابرمُوا اَمۡرًا فاذا مُبۡرِمُوۡنَ الٓمٓ. الٓمٓصٓ. الٓمٓرٰ. كٓهٰيٰعٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ يٰسٓ وَالۡقُراٰن الحکیم حٰمٓ عٓسٓقٓ ق ن والقلم وما یسطرون.

چیچک کے واسطے تعویذ:

اس تعویذ کو موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸	۱	۱۴	۱۱
۱۰	۱۵	۴	۵
۳	۶	۹	۱۶
۱۳	۱۲	۷	۲

یہ تعویذ پورے گھر کی چیچک سے حفاظت کے لئے:

اس تعویذ کو موٹے بڑے حرفوں میں لکھ کر گھر میں چپکا دیں یا ہر ایک کے بازو پر باندھیں مفید پائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلی	سلی	والقرعہ
السر	السر	یاوس
القرس	اس	السلام

بچے کی چیچک کے واسطے تعویذ:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاحافظ محمد محمد محمد یاحفیظ

محمد محمد محمد

سلام قولا من رب الرحیم

محمد محمد محمد

اللہ شافی محمد محمد اللہ کافی

اس تعویذ پر عامل مریض سے سات روپے زکوٰۃ کے ضرور لے اور یہ تعویذ بچہ کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دیں اور سات روپے اگر خود مریض ہو تو کسی ضرورت مند کو جو کہ مستحق ہو خیرات کر دے۔

چیچک کے لئے تعویذ:

اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں انشاءاللہ السلام مفید پائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ص	۹	۲
۲	۵	۷
۸	۱	۶

چیچک سے حفاظت کا گنڈا:

جب یہ خوف ہو کہ بچے کے چیچک نکلے گی یا نکل رہی ہو تو ایسی صورت میں نیلے رنگ کا دھاگہ لیں اور اس پر سورۂ رحمٰن پڑھیں اور جب فَبِاَیِّ آلاَءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانْ. آوے تو اس دھاگے پر ایک گرہ لگادیں اور دم کردیں۔ ایسے ہی کرتے کرتے ۳۱ گرہیں لگ جائیں گی۔ پھر اس دھاگہ کو چیچک والے کے گلے میں ڈال دیں چیچک کی تکلیف سے تخفیف ہوگی اور بہت مفید پائیں گے۔ مجرب ہے۔

چیچک کے واسطے مجرب تعویذ:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱	۱۴	۱	۸
۵	۴	۱۵	۱۰
۱۶	۹	۶	۳
۲	۷	۱۲	۱۳

اس تعویذ کو لکھ کر چیچک والے کے گلے میں ڈالیں۔ ڈالتے ہی گھٹ جائے گی اور بہت جلد شفا حاصل ہوگی۔

اگر رات کو بچے ڈرتے ہوں یا روتے ہوں:

گول دائرے کی شکل میں یہ اصحاب کہف کے نام لکھیں اور درمیان میں دائرے کے قطمیر لکھیں۔ اصحاب کہف کے نام یہ ہیں:

یملیخا مکسلمینا کشفوطط تبیونس کشا فطیونس آزرفتیونس یوانس بوس و کلبهم قطمیر یہ قطمیر درمیان میں لکھیں گے۔ تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں فائدہ ہوگا۔ مجربات اکابر۔ (مجات صحیح)

بچوں کی ہر تکلیف میں و آفات میں نجات کا تعویذ:

یہ تعویذ باوضو ہی لکھیں گے اس تعویذ کو رسول اللہ ﷺ حضرت حسنؓ و حسین رضی اللہ عنہما کو دیا کرتے تھے اور یوں فرماتے تھے کہ یہی تعویذ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے صاحبزادے حضرت اسمٰعیلؑ اور حضرت اسحاق علیہم السلام کو دیا کرتے تھے۔ تعویذ میں لکھنے والی عبارت یہ ہے: اعوذ بکلمات اللہ التامة من شر کل شیطان وھامة ومن شر کل عین لامة.

نوٹ: ہمارے بزرگوں کے مجربات میں سے یہ ہے کہ اوپر والی عبارت کے ساتھ تحصنت بحصن الف الف لاحول ولا قوة الا باللہ زیادہ کر دیں۔ (مجربات استاذ) (مجربات صحیح)

بچوں کے سوکھے یا مسان کے لئے مجرب علاج:

روغن زیتون ۱۰۰ گرام تل کا اصلی تیل لے کر دونوں کو ملا کر الحمد شریف مع بسم اللہ کے تین مرتبہ آیۃ الکرسی تین مرتبہ، سورۃ والصافات، لازب تک ۳/مرتبہ سورۃ جن شططا تک تین مرتبہ ۳۔۳ مرتبہ چاروں قل پڑھ کر اس تیل پر دم کریں۔ اس کے بعد اس بچہ کا سر منڈوا کر روزانہ یہ پڑھا ہوا تیل پورے بدن پر کہ کوئی جگہ باقی نہ رہے مالش کر دیا

کریں۔ ۴۰ دن تک مسلسل مالش کرتے رہیں۔ انشاء اللہ القوی یہ شکایت جڑ سے ختم ہوجائے گی۔ (مجربات مشائخ)

بچوں کی ہر شکایت کے لئے یہ تعویذ مجرب ہے:

ایک محدث عظیم قطب وقت رحمۃ اللہ علیہ بچوں کی ہر تکلیف میں یہ تعویذ دیا کرتے تھے جو کہ بہت مفید ہے انشاء اللہ تعالیٰ عبارت یہ ہے۔

اعوذ بكلمات الله التامات من شرما خلق وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه محمد واله وبارك وسلم. گلے میں ڈالیں گے۔ (مجربات خلیل)

بچوں کے رونے اور دودھ نہ پینے کی شکایت دور کرنے کے لئے:

اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو اور دودھ بھی نہ پیتا ہو اس کے علاوہ دوسرے قسم کی بچہ کی شکایتوں میں اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں۔ ڈالتے ہی سب شکایت ختم ہوجائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ تعویذ کی عبارت یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم وخشعت الاصوات لرحمن فلا تسمع الاهمسا افمن هذاالحديث تعجبون وتضحكون ولا تبكون ولبثوا فى كهفهم ثلث مائة سنينَ وزدادوا اتسعا .

ب	ط	د
ر	ہ	ج
و	ا	ح

نقش یہ ہے

بچوں کی حفاظت کا مجرب تعویذ:

یہ تعویذ ہمیشہ بچوں کی حفاظت کے سلسلہ میں مفید پایا گیا ہے۔ اس تعویذ کو نیا وضو

کر کے لکھیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم انی تو کلت علی اللہ ربی وربکم ما من دابۃ الا ھو اخذ بناصیتھا ان ابی علی صراط مسقیم اعوذ بکلماتِ اللہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ ومن ھمزات الشیاطین وان یحضرونٔ اللہ شافی اللہ ، کافی برحمتکَ یارحم الرحمین ٗ (مجربات صحیح)

برائے حاجت مفید ترین تعویذ:

صحیح روایت میں ہے کہ اصحاب کہف کے ناموں کو ایک کاغذ پر لکھ کر اس بچہ کے گلے میں ڈال دیں جو بہت روتا ہو۔ مجرب ہے (مجربات صحیح)

برائے نسبت:

اگر کسی لڑکی کا رشتہ نکاح کیلئے نہ آتا ہو اور وہ لڑکی پیغام نہ آنے کی وجہ سے آنکھیں اٹھا اٹھا کر دیکھتی ہو تو ایسی صورت میں اس لڑکی کے گلے میں اس تعویذ کو موم جامہ کر کے ڈال دیں انشاءاللہ بہت جلد ہی پیغام آنے لگیں گے نقش و تعویذ یہ ہے اور مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ نیچے والی عبارت بھی لکھیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا یھا النبی انا ارسلنا ک شاھدا ومبشرا ونذیرا وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجا وقمرمنیرا وبشر المومنین با ن لھم من اللہ وفضلا کبیراً او لا تطع الکافرین والمنافقین ودع اذاھم

وتوکل علی الله وکفی باللهِ وکیلا اعوذبکلماتِ الله التاماتِ من غضبه وعقابه وشر عباده ومن همزات الشیاطین وان یهزرون الله شافی الله کافی برحمتكَ یا ارحم الرحمین. (مجربات استاد)

رشتہ نکاح کے لئے دوسرا تعویذ:

مزید اسی رشتہ نکاح کی شکایت میں اس تعویذ کو لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دیں مفید ہے۔ نوٹ: اس شکایت کے لئے ایک مخصوص عمل اور بھی ہے۔ بالمصافحہ ملاقات کریں (محمد اشرف امروہوی)

بسم الله الرحمن الرحیم

عسق	طس	حم ق	الرن
احمد لک	مالک کافی	نافع	رحمٰن
محمد ابوبکر	ملک رب	الله	کفیل
حم عسق	طس	المص	ص ق ن

جس عورت کا حمل نہ ٹھہرتا ہے:

جس عورت کا حمل نہ ٹھہرتا ہو یا گر جاتا ہو۔ اس شکایت میں اس تعویذ کو موم جامہ کر کے لمبی ڈوری سے اتنا نیچا ڈال دیں کہ تعویذ پیٹ پر پڑا رہے۔ انشاء اللہ العزیز بہت جلد تیز اثر پائیں گے۔

بسم الله الرحمن الرحیم. الله یعلم بما تحمل کل انثیٰ وما تغیض الارحام وما تزداد وکُلِّ شیٔ عنده بمقدارِ عالم الغیب والشهاده الکبیر المتعالِ یا ذکریا انا نُبشرك بغلامِ ن اِسمُه یحیٰ اَلَم نَجعَلَكَ مِن قَبلُ سُمیاوصلی الله تعالیٰ علی خیر خلقك محمدوّ الِه واصحابه

اجمعین اعُوْذُ بِکَلمات اللہ التامات مِنْ غضبِہٖ وعقابہٖ وشرِّ عبادہ وَمِنْ هَمزَاتِ الشیاطین وَاِن یحضُرونَ اللّٰہ شافی اللہ کافی برحمتك یا ارحم الراحمین۔

نوٹ: صورت قصص کا نقش بنا کر ڈالنا بھی یہی کام دیتا ہے۔ (مجربات اکابر مجربات استاد)

حمل کی حفاظت کے لئے مجرب عمل:

ایک کالا دھاگہ عورت کی قد کے برابر لیں جس میں کہ گیارہ تار ہوں اکتالیس ۴۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ کے پڑھیں ایک مرتبہ فاتحہ پڑھنے میں اس دھاگہ میں گرہ لگاتے جائیں اسی طرح اکتالیس ۴۱ گرہ بن جائیں گی۔ لیکن اکتالیس ۴۱ مرتبہ فاتحہ پڑھنے سے اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں اور اس دھاگہ کو حمل والی عورت کے پیٹ پر بندھوا دیں بس۔ (مجربات اکابر) (مجربات صحیح)

مذکر اولاد کیلئے عمل:

جس کے ہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں لڑکے پیدا نہیں ہوتے تو ایسی صورت میں چاہئے کہ ان کلمات کو زعفران سے لکھ کر ابتداء حمل کی حالت میں ۲۱ دن عورت کو پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ مذکر اولاد پیدا ہوگی۔ کلمات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لاء لا الا من واللہ من وراء ھم محیط حیث یلون بالحق دہ فاہ ح ص د ۱۲

اولاد سے مایوسی کی حالت میں عمل:

اگر کسی کو اولاد سے مایوسی ہوگئی ہو تو چاہئے کہ روزانہ فجر کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد سورت مریم مکمل پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مایوسی نہ رہے گی۔ یہ عمل مجرب و آزمودہ ہے۔ (مجربات غلام)

اولاد کے لئے ایک مجرب عمل:

میرے استاذ محترم نے ارشاد فرمایا کہ اگر میاں بیوی تندرست ہوں اور ان کے اولاد سے مایوسی ہو تو جس دن عورت حیض سے پاک ہو اس دن تین انڈے دیسی مرغی کے ابالیں بعدہٗ ان کو چھیل لیں اور ایک انڈے پر لکھیں وَالسَّمَاءُ بَنَیْنٰھَا بِاَیْدٍ وَاِنَّا لموسعون. اس انڈے کو شوہر کھالے۔ دوسرے انڈے پر لکھیں والارض فرشنھا فنعم الماھدون اس کو بیوی کھائے۔ تیسرے انڈے پر لکھیں ومن کل شئ خلقنا زوجین لعلکم تذکرون. اسے آدھا آدھا کاٹ کر دونوں کھالیں اور قربت اختیار کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد سے محرومی نہ رہے گی۔ یہ عمل مستند ہے۔ (مجربات استاد)

جس عورت کے پیٹ میں بچہ گر جاتا ہو:

وہ عورت جس کا حمل گر جاتا ہو تو اس کے لئے چاہئے کہ ایک سفید کاغذ پر یہ کلمات لکھ کر اس کے گلے میں اس طرح ڈالیں کہ وہ تعویذ اس کے رحم کی جگہ پر رہے۔ کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ان اللہ یمسک السموات والارض ان تزولا کذالک امسکتک یاولد فلاں بنت فلاں ...... بان تقر فی مستقرک ومستودعک باللہ الذی لہ ماسکن فی اللیل والنھار وھو السمیع العلیم اسکن بجلال اللہ ۳ مرتبہ لکھیں۔ اسکن بجمال اللہ امکن بقدرہ اللہ اسکن بقوۃ اللہ اسکن یا ولد فلانہ ...... بنت فلانہ ...... باللہ الذی لہ مافی السمٰوٰت والارض طوعا وکرھا والیہ یرجعون وبعثوا فی کھفھم ثلاث مائۃ سنین وزدادوا تسعا ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم .

ایک خاص تعویذ:

اگر اللہ پاک کے ننانوے ۹۹ نام مبارک ایک کاغذ پر مع بسم اللہ کے لکھ کر عورت

کے گلے میں ڈالدی مذکورہ بالا طریقہ پر تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حمل گرے گا نہیں۔ مجربات میں سے ہے۔

حمل کی حفاظت کے لئے:

اگر کسی عورت کا حمل گرتا رہتا ہے یا بچہ مرا ہوا پیدا ہوتا ہو یا پیدا ہو کر مر جاتا ہو تو اس شکایت میں ایک سفید کاغذ پر اس آیت شریفہ کو لکھ کر عورت کے پیٹ پر باندھیں مسلسل انشاءاللہ مکمل حفاظت میں رہے گی۔

بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله الرحمن الرحيم هو هو هو الله فاوجس منهم خيفة قالوا لا تخف وبشوده بغَام حليم فاقبلت امرأته فى مرة فصكت وجهها وقالت عجوز عقيم.

دوکان ومکان کی خیر و برکت کے لئے نقش:

یہ نقش دوکان و مکان کی خیر و برکت کے لئے ہے ادب و احترام کے ساتھ لگائیں۔ استاذ محترم کا مخصوص طریقہ پر ہدیہ وتحفہ ہے۔ نیچے عبارت بھی لکھیں اور موٹے حرفوں میں لکھیں

بسم الله الرحمن الرحيم

لا	لا	لا
لا	لا	لا

عبارت یہ ہے: بسم الله الرحمن الرحيم يا وهاب هبلى من نعمة الدنيا والاخرة انك انت الوهاب اعوذ بكلمات الله التامات من غضبه وعقابه ونشر عباده ومن همزات الشياطين وان يحضرون الله شافى الله كافى برحمتك يا ارحم الراحمين. (مجربات صحیح)

جس مکان دکان میں آسیب کا خطرہ ہو:

جس مکان و دوکان میں آسیب کا خطرہ ہو اور ڈر لگتا ہو تو ایسے مکان وغیرہ کے ہر کمرے میں اس نقش کو لکھ کر لگا دیں یہ نقش ایسے مقام کے لئے مبارک نقش ہے اور بہت سے مقامات پر اس کا استعمال ہوا ہے۔ بہت مفید پایا گیا ہے۔ نقش مبارک یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۹۱۶	۹۹۱۹	۹۹۲۲	۹۹۰۹
۹۹۲۱	۹۹۱۰	۹۹۱۵	۹۹۲۰
۹۹۱۱	۹۹۲۴	۹۹۱۷	۹۹۱۴
۹۹۱۸	۹۹۱۳	۹۹۱۲	۹۹۲۳

اپنی اور گھر کی حفاظت کے لئے:

رات کو سوتے وقت بسم اللہ کے ساتھ آیۃ الکرسی پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے مکان کے چاروں طرف انگلی کے اشارے سے حاضر کر لیا جاتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس سے فتنہ وفساد کے موقع پر حفاظت ہوتی ہے۔ (مجربات استاذ)

دکان کی ترقی کے لئے مجرب تعویذ:


بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵۶۴۴۸۳۳	۵۶۴۴۸۳۷	۵۶۴۴۸۴۰	۵۶۴۴۸۲۶
۵۶۴۴۸۳۹	۵۶۴۴۸۲۷	۵۶۴۴۸۳۳	۵۶۴۴۸۳۸
۵۶۴۴۸۲۸	۵۶۴۴۸۴۲	۵۶۴۴۸۳۵	۵۶۴۴۸۳۲
۵۶۴۴۸۳۶	۵۶۴۴۸۳۱	۵۶۴۴۸۲۹	۵۶۴۴۸۴۱

یہ نقش زعفران سے کسی نیک شخصیت سے لکھوا کر دکان میں لگائیں انشاء اللہ گاہکوں کا دروازہ کشادہ ہو جائے گا۔ مجرب نقش ہے۔

دوسرا دکان وکارخانہ کی حفاظت وترقی کے لئے مجرب نقش:

یہ نقش مبارک بہت مبارک نقش ہے: یہ نقش مبارک بہت مبارک نقش ہے دکان کی ترقی کیلئے اور ہر طرح کی برکت کے لئے بہت خوب ہے اس کے نیچے دعاء حفاظت ضرور لکھیں اور دکان و مکان و کارخانہ فیکٹری میں اس کا استعمال فرمائیں دعاء حفاظت کا اہتمام کریں۔



۱۵۴۳	۱۵۳۰	۱۵۴۵
۱۵۴۴	۱۵۴۲	۱۵۴۰
۱۵۲۹	۱۵۴۶	۱۵۴۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم. ان الفضل بیداللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ وشر عبادہ ومن ھمزات الشیاطین وان یحضرون اللہ شافی اللہ کافی برحمتک یا ارحم الراحمین.

جو مال فروخت نہ ہو:

جو تجارت وغیرہ کا مال فروخت نہ ہوتا ہو اس کے لئے ایک کاغذ پر پچاس مرتبہ واؤ (و) لکھیں اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر یہ آیت بھی لکھیں۔ واذن فی الناس بالحج یأتوک رجالا وعلی کل ضامر یأتون من کل فج عمیق. مفید ثابت ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ پ ۱۷


گھر کی حفاظت کے لئے بے حد مفید ترین مجرب نقش:

یہ نقش اپنی ذات کے لئے تیار کیا گیا تھا اس نقش سے ایک نام نہاد حافظ...... جامع مسجد کا امام جس نے ناجائز میرے اعتبار سے فائدہ اٹھایا کہ میں نے اس نقش کو اس کو گھر میں لگانے کے لئے دیا تھا۔ اس نے یہ نقش مبارک فروخت کرنا شروع کر دیئے ایک سو اکیاون ۱۵۱ روپیہ میں بمبئی، سلکٹ، چکبالا پور، منڈیا، کے۔ جی۔ یف۔ ملیکوٹہ لمنکا پورہ یہ تو وہ جگہیں ہیں جس کا مجھے علم ہوا بکنے اور فروخت ہونے کا گویا کہ اس نے اس نقش مبارک بزنس اور کاروباری دھندہ بنالیا تھا۔ اس کے فوائد بہت ہیں گھر کی حفاظت کے لئے مخصوص نقش ہے اور اس میں حضور پاک ﷺ کا مبارک نقش ہے جو کہ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لکھوایا تھا۔ حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ کے لئے اور حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ نے اس نقش مبارک کو اپنے گھر میں استعمال فرمایا تھا جبکہ ان کے گھر میں خبیث جن نے قبضہ کرلیا تھا۔ اس نقش کو نئے وضو کر کے لکھیں نقش مکمل یہ ہے۔

نقش مکمل اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم ھذا کتاب من محمد رسول رب العالمین الی
من طرق الدار من العمار والزوار من العالمین والسائحین الاطارقا یطرق
بخیر یا رحمن اما بعد فان لنا ولکم فی الحق سعۃ فان تک عاشقا
مولعًا او فاجرًا مقتحمًا او داعیًا حقًا باطلًا ھذا کتاب اللہ ینطق
علینا وعلیکم بالحق انا کنا نستنسخ ماکنتم تعملون اترکوا صاحب کتابی
ھذا وانطلقوا الی عبدۃ الاوثان والاصنام والی من یزعم ان مع
اللہ الھًا اخر لا الہ الا ھو کل شئ ھالک الا وجھہ لہ الحکم والیہ
ترجعون تقلبون حٰمٓ لا تنصرون حٰمٓ عٓسٓقٓ تفرق اعداء اللہ و
بلغت حجۃ اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ فسیکفیکھم اللہ وھو
السمیع العلیم اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوات
وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم
وما خلفھم ولا یحیطون بشئ من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السمٰوٰت
والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم ○

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲



۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۹۹۱۶	۹۹۱۹	۹۹۲۲	۹۹۰۹
۹۹۲۱	۹۹۱۰	۹۹۱۵	۹۹۲۰
۹۹۱۱	۹۹۲۳	۹۹۱۷	۹۹۱۴
۹۹۱۸	۹۹۱۴	۹۹۱۳	۹۹۲۴

بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ عمر رضی اللہ تعالی عنہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ عثمان رضی اللہ تعالی عنہ	بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
بحق فرقان	بحق زبور	بحق انجیل	بحق لا الہ الا اللہ ابراہیم خلیل اللہ
بحق جبرئیل علیہ السلام	بحق داؤد علیہ السلام	بحق سلیمان	بحق توراۃ
بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	بحق اسرافیل بحق عزرائیل علیہ السلام	بحق میکائیل علیہ السلام	بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

مُردوں کو خواب میں دیکھنے اور ان سے باتیں کرنے کا عمل:

جو شخص کسی مردہ انسان کو خواب میں دیکھنا چاہے تو اس کو چاہئے کہ جمعہ کی رات میں چار رکعت نماز پڑھے اور چاروں رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سورت الہاکم التکاثر مکمل پڑھے سلام پھیرنے کے بعد ۱۱۳مرتبہ سورۃ الهاکم التکاثر پڑھ کر سو جائے اس عمل سے خواب میں مردہ کو دیکھے گا بھی انشاءاللہ تعالیٰ بات کرنے کا بھی موقع ملے گا۔

(مجربات حسن)

اگر کسی دشمن کا خوف ہو تو کیا کرے:


یہ دعا بڑی کمال اور تاثیر کی دعا ہے اس دعا کو مقدمہ کی حق پر کامیابی کے لئے پڑھنا بھی بے حد مفید ہے اگر پڑھنے والا حق پر ہوگا تو ضرور حق مل کر رہے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے اور صحیح روایت سے اس کا ثبوت ہے۔

ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ یا گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھیں انشاءاللہ دشمن کا خوف جاتا رہے گا اور اللہ تعالیٰ دشمنوں کے ہر شر اور تمام ان کی اسکیموں سے حفاظت میں رکھیں گے کہ دشمنوں ہی کو شکست مل کر رہے گی۔ دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

ناجائز تعلقات کو ختم کرنے کے لئے:

اگر کسی کے کسی سے ناجائز تعلقات ہو گئے ہوں تو ان کی تفریق و علیحدگی کرانے کے لئے یہ نیچے والا نقش بھوج پتر (پنساری کے ہاں ملنے والا کاغذ ہے جو کہ درخت کی کھال ہے) اُس پر زعفران سے لکھیں اور دو قبروں کے درمیان مٹی کی ہنڈیا میں رکھ کر دفن کر دیں۔

نقش یہ ہے:



جب دشمن حد سے زیادہ دشمنی پر تل جاوے:

جب دشمن ہاتھ دھو کر پیچھے پڑ جائے تو ایسے وقت میں ہر فرض نماز کے بعد یہی دعا اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ. ۲۱ مرتبہ اپنے دشمنوں کا تصور کرتے ہوئے پڑھے اس کے بعد اپنی سیدھی ہاتھ کی شہادت کی انگلی پر مع لعاب کے دم کریں اور آنکھیں بند کر لیں اور اپنی انگلی کو ننگی تلوار سمجھتے ہوئے اور دشمن کو اپنے سامنے کھڑا ہوا سمجھتے ہوئے قتل کر دے، جیسے تلوار سے ہی قتل کرتے ہیں۔ اس عمل سے انشاء اللہ العزیز دشمن کی تمام تدبیریں فیل ہو جائیں گی اور اس کی کوئی اسکیم کارگر نہیں ہوگی اور دشمن روسیاہ وذلیل ہو جائے گا مگر یہ عمل پابندی کے ساتھ برابر مسلسل ہونا چاہئے۔ (مجربات استاذ)

دشمن سے حفاظت اور زیر کرنے کے لئے:

دشمنوں کے شکنجے کو ڈھیلا کرنے کے لئے سورۃ تَبَّتْ یَدَا اَبِیْ لَھَبٍ. سات مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کیا کریں اور صبح وشام دشمن کے دھیان کے ساتھ آگ میں ڈالا کریں۔ (مجربات استاذ)

ایک شاندار مجرب عمل:

جن کو ظالموں نے ستا رکھا ہو اور ان کی ناک میں ظلم کرتے ہوئے دم کر دیا ہو تو

مظلوم کو چاہئے کہ گیارہ سو مرتبہ یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبْ بِالْقَھْرِ یَا بَدِیْع. عشاء کی نماز کے بعد ۱۱ روز تک ایک جگہ بیٹھ کر روزانہ پڑھیں ۷۔ ۷ مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی ملالیں مجرب ہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن زیر ہو جائیں گے۔ (مجربات مشائخ)

دشمن مخالف کے دل کو موم اور نرم کرنے کے لئے:

اگر کسی کا زبردست مخالف ہو اور اسکے دل کو موم اور نرم کرنا مقصود ہو تو یہ نیچے والا ایک نمبر ۱ کا نقش اور ۲ کا نقش اس کے گلے میں ڈالیں جس کے لئے محبت والفت پیدا کرنی ہے اور نمبر ۳ کا نقش مخالف دشمن کے تکیہ میں رکھ دیں اور اگر تکیہ میں رکھنا ممکن نہ ہو تو تعویذ بنا کر پتھر سے اپنے گھر میں دبا دیں گوشہ میں، اور شکر اور میٹھے پر یہ آیات پڑھ کر دم کریں: یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہُ وَالَّذِیْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ، ۳ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پھر گیارہ مرتبہ یہ آیت قرآنی پڑھیں قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرُ الرَّحِیْم.

اور دم کر کے جس طرح بھی ممکن ہو دشمنِ مخالف کو کھلا دیں نمبر ایک کا نقش:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵	۶	۱۲	۱۸	۴۴
۱۲	۱۹	۲۵	۱	۷
۲۱	۳	۸	۱۲	۲
۹	۱۵	۱۸	۲۲	۲
۱۷	۲۳	۳	۱	۱۱

ضروری نوٹ: نقش نمبر ۲ دو اور نمبر ۳ کا بالکل ایک ہی ہے کسی طرح کا کوئی فرق نہیں ہے اور نمبر ۳ کا نقش آگے دیکھیں اس میں فلاں بن فلاں کی جگہ پر مطلوب

ولدیت مطلوب اور طالب اور ولدیت طالب لکھیں گے۔غور وفکر کے ساتھ نقش بنائیں۔ یا کسی عربی جاننے والے سے معلوم کرلیں تاکہ نقش مکمل ہوجائے اور فائدہ حاصل کرنے والے بنیں۔اگر عدد ترتیب سے نہ لکھیں اور خانہ پری ترتیب نہ کریں گے تو نقش بالکل بیکار ہوجائے گا۔خیال رکھیں۔ (مجربات صحیح، مجربات استاذ)

نمبر۳:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ررررررررررررررررررررررررررررر

۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹۹

ب ب ب ب ب ب ب

غ غ غ غ غ غ غ

ث ث ث ث ث ث ث

ح ح ح ح ح ح ح

یا مقلب القلوب قلب قلب فلاں ...... بن فلاں ...... فلاں ...... ابن فلاں ...... یا مصرف القلوب صرف قلب فلاں ...... بن فلاں ...... فلاں ...... ابن فلاں یامؤلف القلوب الف قلب فلاں ...... بن فلاں ...... فلاں ...... ابن فلاں......

یا ناصر یا ناصر یاناصر صلی اللہ علی محمد وبارك وسلم دائما دائما دائما.

ایک عجیب مفید نصیحت کا لطیفہ:

علامہ امام جلال الدین سیوطیؒ فرماتے ہیں حضرت امام ابن جوزیؒ سے نقل کر کے

کہ شیخ ابن ناصرؒ نے اپنے استاذوں سے انہوں نے میمونہ سے جو بیٹی ہیں شاہ قول کی بغداد کی رہنے والی تھیں۔ روایت کیا ہے انہوں نے کہ میرے پڑوسی نے مجھے تکلیف دی میں نے دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑی کہ دونوں رکعتوں میں الحمد شریف کے بعد تمام قرآن کی ہر سورت کے شروع کی ایک ایک آیت پڑھی یعنی ایک سو چودہ سورتوں میں سے شروع کی صرف ایک ایک آیت پڑھی پھر نماز سے فارغ ہونے کے بعد میں نے دعا مانگی کہ اے اللہ تو میری کفالت فرما۔ اس کام میں یعنی اس پڑوسی کی تکلیف سے مجھے دور فرما پھر میں سوگئی اور پھر جب نیند سے بیدار ہوئی تو وہ پڑوسی صبح کے وقت اوپر سے نیچے اترا۔ اس کا پاؤں پھسلا اور گر پڑا اور مر گیا میں اس کے پاس موجود تھی عجیب تاثر کی چیز ہے۔

اگر کسی دشمن ظالم کو شریعت کی اجازت سے زیر کرنا ہو:

اگر واقعی کوئی شدید جانی دشمن ہو جو کہ ناحق تجھ کو دباتا ہو اور ناجائز زیادتیاں کرتا رہتا ہو بلکہ چند حق شناس مفتیوں سے ایسے شخص کے بارے میں فتوی لے کر کہ اگر وہ مفتی حضرات اس کو ایذا دینے کی اجازت دیں تو یہ عمل کرے کہ ایک تانبہ کے برتن میں یہ نقش لکھیں اور اس نقش کے درمیان میں فلاں فلاں کی جگہ جس کو ہلاک کرنا ہو اس کا نام لکھیں اور اس نقش کو لکھ کر خوشبو کی دھونی دیں اور اس برتن کو آگ کے قریب دفن کردیں کہ وہ آگ ایک دن رات ۲۴ گھنٹے اس برتن کو گرم رکھے مگر خدا کے واسطے معاف کرنا زیادہ اچھا ہے۔ کہیں کچھ زیادتی ہو کر آپ ظالم نہ بن جائیں اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اللہ واحد کی آگ میں جلتے رہیں اس بنا پر درگزر کا معاملہ کرنا چاہئے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا چاہئے کہ اے اللہ اس کو سچی ہدایت عطا فرما اور یہ عمل بیوقوفوں اور کم عقلوں کو ہرگز ہرگز نہ بتائیں کیوں کہ یہ عمل فوراً اثر کرتا ہے۔ اور اگر کسی نے کسی کے لئے ناحق کیا تو اس کے پاگل و دیوانہ ہونے کا سامان بھی ہے۔

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمٰن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمٰن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم

ظالم دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے جادو نما عمل:

یہ عمل علماء دین ومفیان شرح متین واکابرین سے اجازت لے کر کریں۔ اگر وہ اجازت دیں اس کے ہلاک کرنے کی تو یہ عمل کرے ورنہ ناجائز اس عمل کے کرنے کا خیال بھی نہ لائے۔ جس شخص کا کوئی دشمن ہو یا ظالم ہو جو اس پر ظلم کرتا رہتا ہو اور یہ شخص اس کے ظلم وستم سے مجبور وعاجز آگیا ہو اور مغرور ہو کر اس کی ہلاکت چاہتا ہو کہ یہ تباہ ہو جائے تو چاہئے کہ ایک اینٹ لے اور دریا کے کنارے قبلہ رو ہو کر اس اینٹ کو اپنے سامنے رکھے اور سورۃ یٰسین کو ۴۱ اکتالیس بار پڑھے اور جب ایک مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ لے تو ایک چاقو سے ایک خط اس اینٹ پر کھینچ دے اسی طرح اکتالیس ۴۱ بار کرے ہر مرتبہ ختم یٰسین پر خط کھینچتا رہے پھر اس اینٹ پر نماز جنازہ پڑھے۔ اس کو اپنا دشمن تصور کرتے ہوئے اس کے بعد اس اینٹ کو دریا میں پھینک دے۔ اس عمل سے دشمن بہت جلدی ہلاک ہو جاتا ہے۔ یہ عمل آپ کے پاس امانت ہے۔ اس کا استعمال مت کرنا مگر ہاں جب بے چین و بے قرار ہو جائیں دشمن کی دشمنی وظلم سے اور اس عمل کے کرنے سے پہلے اللہ پاک سے ڈریں اور خوب جان لو کہ آخر ایک دن تجھ کو بھی مرنا ہے اور تجھ سے تمام باتوں وعملوں کا حساب کتاب اللہ پاک لینے والا ہے اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف توجہ ودھیان دے۔ فَمَنْ عَفٰى وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ کہ جو شخص معاف کردے

اور صلح کرلے تو اس کا ثواب اللہ تعالیٰ پر ہے۔ (کماذکرہ دیربی)

جو شخص اپنے اوپر دشمن کے غلبہ پانے کا خوف کھائے:

اگر کسی شخص کو اپنے اوپر دشمن کے غلبہ پانے کا خوف ہو تو اس کو چاہئے کہ اس دن فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ فیل پڑھے الحمد شریف کے بعد یہ عمل بزرگان سلف کے مجربات میں سے ہے۔ (مجربات دمیری)

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کا مجرب وظیفہ:

اگر کوئی شخص دشمنوں کی دشمنی کا خوف کھائے اور وہ دشمن اسکیمیں تیار کرتے ہوں تو اس شخص کو چاہئے کہ چالیس ۴۰ مرتبہ سورۃ لایلاف قریش عصر کی یا فجر کی نماز کے بعد پڑھ لیا کریں۔ یہ عمل مجربات میں سے ہے اور مفید ہے۔ (مجربات صحیح والاستاذ)

سفر میں دشمن وغیرہ سے حفاظت کے لئے:

ابو طاہرؒ فرماتے ہیں کہ میں نے سفر میں جانے کا ارادہ کیا اور سفر میں جاتے ہوئے ڈر بھی لگ رہا تھا تو میں امام قزدینیؒ کے پاس کوئی عمل پوچھنے گیا جیسے ہی میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو امام صاحبؒ نے فرمایا کہ جو کوئی سفر کرنا چاہے اور کسی دشمن یا درندے کا خوف ہو تو سورۃ لایلاف قریش (کثرت سے) پڑھا کرے یہ سورۃ امن دینے والی ہے، ہر برائی سے۔ میں نے اس سورۃ کو اپنے سفر میں پڑھا تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اور اس سورۃ کی برکت سے مجھے کوئی تکلیف پیش نہ آئی (حالانکہ اس زمانے میں پیدل سفر ہوتا تھا، اور راستہ میں چاروں طرف لٹیروں اور درندوں وغیرہ سے بدامنی ہوتی تھی۔ اس صورتحال میں اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا۔ (فی الاثار)

ظالم حاکم کے سامنے جاتے وقت پڑھنے کا عمل:

اگر کسی شخص کو اپنی کسی مجبوری کی وجہ سے کسی ظالم، فرعون حاکم کے سامنے جانے کا اتفاق ہو تو حاضر ہونے سے قبل چاہئے کہ کم از کم سات مرتبہ آیت قطب پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم کے فیصلہ سے محفوظ رہے گا اور ظالم حاکم کا دل اس کے حق میں نرم ہوگا۔

اس آیت قطب کی بڑی بڑی تاثیریں تجربہ میں آئی ہیں۔ آیت قطب یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ م بَعْدَ الْغَمِّ اَمَنَةً يُّغَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يخفونَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّالَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّاقُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّهُمْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَافِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَافِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۔ (مجربات اکابر)

ظالم کے سامنے کھڑے ہو کر پڑھنے کا مجرب مفید عمل:

اگر کسی ظالم جابر انسان کے پاس جانے کا اتفاق ہو اور یہ شخص اس ظالم انسان کی زبان بند کرنی چاہے تو چاہئے کہ اس کے پاس کھڑا ہو کر ۵۱ اکیاون مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اس کی صورت کی طرف دیکھتے ہوئے بغیر آواز کئے ہونٹوں سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت اس ظالم انسان کی زبان بند ہو جائے گی اور زبان پر تالا قفل لگ جائے گا۔ یہ عمل میرے استاذ محترم کا مخصوص عطیہ ہے اور مجرب ہے۔ اس عمل کو ہر مخالف دشمن ظالم کے روبرو استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور اس کے ظلم و ستم و سرکشی سے نجات و امن میں رہیں گے۔ خاص طور پر عورتوں کے لڑائی جھگڑوں کے وقت یہ عمل لڑائی کا جواب دینے کیلئے اختیار کریں۔ انشاء اللہ مفید پائیں گے۔

سوتے ہوئے مخالف دشمن سے کچھ معلوم کرنا:

اگر کسی کا کوئی مخالف دشمن ایسا ہو کہ اس نے اس کے واسطے کوئی سازش تیار کی ہو یا اس کے خلاف کسی اسکیم میں شرکت کی ہو اور اس مخالفت دشمن سے کچھ دریافت کرنا ہو تو چاہئے کہ ایک کاغذ پر سورۃ بینہ یعنی لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا پوری سورۃ لکھے پھر وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَأْتُمْ فِیْهَا پارہ ایک رکوع ۸ میں کی دو آیتیں لکھیں اور تعویذ بنا کر مخالف دشمن کے سینہ پر رکھ دیں جبکہ وہ گہری غفلت کی نیند سوتا ہوا ہو انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت اس مخالف نے جو کچھ کیا کرایا ہوگا سب کچھ تفصیل کے ساتھ بتا دیگا اور اگر کچھ نہیں کیا ہوگا تو خاموش پڑا سوتا رہے گا مجرب و آزمودہ ہے۔ (مجربات صحیح)

کسی شخص کا کوئی جانی دشمن بلاوجہ قتل کرنے کے لئے پیچھے پیچھے پھرتا ہو:

جس کو دشمن قتل کرنے کے در پہ ہو اور اس کو اپنی حفاظت کا انتظام و بچاؤ نہ ملتا ہو تو اس شخص کو چاہئے کہ ۷ مرتبہ معوذتین (فلق والناس) آیۃ الکرسی ۱۱ مرتبہ اور لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه کی ایک تسبیح اور فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْم. ایک تسبیح اور اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ۷ مرتبہ صبح و شام یہ وظیفہ پڑھ لیا کریں انشاء اللہ الحفیظ کسی قسم کی اس دشمن سے تکلیف نہ پہونچے گی اور وہ کوئی بال بیکا نہیں کرسکتا اس عمل کے ساتھ یہ تعویذ بھی گلے میں یا بازو پر باندھ لیں تو زیادہ اچھا ہے۔ تعویذ کی عبارت یہ ہے لکھیں گے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم الر کھیعص حم عسق لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا ہو مولنا وعلی اللہ فلیتوکل المؤمنون، رب انی مغلوب فانتصر رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ہو علیہ توکلت وہو رب العرش العظیم۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵۹۱۵	۵۹۰۸	۵۹۱۳
۵۹۱۰	۵۹۱۲	۵۹۱۴
۰۰۱۱	۵۹۱۶	۵۹۰۹

اس تعویذ کو زعفران سے لکھیں انشاء اللہ دشمنوں کی نظروں سے اوجھل رہیں گے۔ ہر بات میں مجرب و آزمودہ ہے۔ (مجربات اکابر)

مذکورہ شکایت میں درود شریف تنجینا کارآمد ہے:

اگر مذکورہ اوپر والی شکایت میں صلوۃ یعنی درود شریف تنجینا پڑھیں تو کثیر فائدہ اپنی آنکھوں سے دیکھیں اس درود شریف کا نام صلوٰۃ تنجینا ہے۔ مناہج الحسنات میں ابن فاکہانی کی کتاب فجر منیر سے نقل کیا ہے کہ ایک بزرگ شیخ صالح موسی عزیز (نابینا) تھے انہوں نے اپنا گزرا ہوا قصہ مجھ سے بیان کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا اور میں اس میں موجود تھا۔ اس وقت مجھے غنودگی سی ہوئی اسی حالت میں جناب محمد رسول اللہ ﷺ نے مجھے یہ درود تعلیم فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ جہاز والے اس کو ہزار مرتبہ پڑھیں ابھی اس کو تین مرتبہ بھی مکمل نہ کیا تھا کہ طوفان کی تیز چلنے والی ہوا رک گئی اور تمام جہاز والوں نے نجات پائی۔ اس درود شریف کی برکتیں بے شمار ہیں اور ہر قسم کی دواؤں اور بیماریوں اور مشکلات سے حفاظت ہوتی ہے اور دل کو عجیب و غریب اطمینان اور چین حاصل ہوتا ہے۔ بزرگوں کے مجربات میں سے ہے۔ جو شخص اس درود شریف کو سوتے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھ لیا کرے تو زیارت اقدس سے چالیس دن کے اندر مشرف ہوگا۔ روزانہ ۷۰ مرتبہ صلوٰۃ تنجینا کا پڑھنا حاجتوں کے حل ہونے میں مفید ہے۔ یہ درود شریف تنگدستی مفلسی اور ناجائز مقدمہ وخونی وفوجداری مقدمہ ہی کیوں نہ ہو مفید ہے۔ ہر نماز کے بعد اس کو تین

مرتبہ پڑھنا بہت سی مشکلات کو دور کرتا ہے۔ جمعہ کے دن جمعہ کی اذان اور خطبہ کے درمیان کے وقت ایک ہزار مرتبہ فوری طور پر کسی بے بسی کو مٹادینے کا اثر رکھتا ہے۔ مجرب المجربات ہے۔ صلوٰۃ تنجینا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ صَلوٰۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ (صحیح مجرب المجرب)

دشمنوں کے مکروفریب سے بچنے کے لئے مجرب مفید عمل:

اگر کسی کا جانی مالی دشمن اس کے پیچھے بغیر کسی جرم وگناہ لگ گیا ہو تو چاہئے کہ خاص دوپہر زوال آفتاب کے وقت قبرستان میں جاکر قبلہ رو ہوکر اور دو قبروں کے درمیان بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ **لایلاف قریش** سورۃ پڑھے انشاء اللہ العزیز دشمنوں کے تمام شکنجے ڈھیلے پڑ جائیں گے۔ اس عمل کو اکیس یا چالیس دن مسلسل کرے۔

دشمنوں سے محفوظ و پوشیدہ رہنے کا مستند مجرب عمل:

اگر کسی شخص کے پیچھے اس کے دشمن لگ گئے ہوں اور یہ بے جرم ہو اور دشمن اس کے قتل کا منصوبہ باندھے ہوئے ہوں تو اس کو چاہئے کہ اس مجرب عمل کو اختیار کرے جیسا کہ حضرت ابن الکلبیؒ سے نقل ہے کہ کسی ظالم شخص نے کسی کو قتل کی دھمکی دی اس کو اپنے قتل ہونے کا خوف ہوا اس نے اللہ کے ولی سے ذکر کیا اُن اللہ کے ولی نے بتایا کہ گھر سے نکلنے سے پہلے سورۃ یٰسین شریف پڑھ لیا کیجئے پھر گھر سے نکلے یہ بے کس و بے بس انسان یہی عمل کیا کرتا تھا۔ خدا کے فضل وکرم سے اور اس عمل کی وجہ سے راستہ وغیرہ میں دشمن اس کو دیکھ نہیں پائے تھے کہ دشمنوں کی نگاہوں پر پردہ پڑ جاتا تھا۔ (معمولات اولیاء)

نوری طور پر غیبی مدد کا عمل واقعہ کے ساتھ:

رسالہ قرشیہ میں لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے مبارک زمانہ میں ایک شخص مدینہ المنورہ کی چیزیں فروخت کرنے کے لئے ملک شام لے جاتا اور ملک شام کی چیزیں مدینہ المنورہ میں لاتا اللہ پر توکل کرتے ہوئے لوگوں سے الگ تھلگ چلتا قافلہ کے ساتھ نہیں۔ ایک مرتبہ ملک شام سے مدینہ منورہ کو آرہا تھا کہ راستہ میں ایک لٹیرا چور گھوڑسوار ملا۔ لٹیرا بولا اے تاجر ٹھہر جا، تاجر بولا کہ میری جان چھوڑ دے اور سب کچھ مال ومتاع لے لے۔ لٹیرا بولا کہ اے تاجر مال تو سب میرا ہی ہے مگر تیری جان بھی لوں گا۔ تاجر نے ضد کی کہ ایسا نہ کر مگر لٹیرا نہیں مانا، تاجر بولا کہ ذرا مجھے تھوڑی فرصت اور مہلت دے دے لٹیرے نے مہلت دے دی اور یوں کہا کہ یہاں پر یہ جتنے بھی مردے اور لاشیں پڑی ہوئی ہیں سب نے بھی اسی طرح مہلت لی تھی۔ جس طرح تو لے رہا ہے۔ تاجر نے وضو کر کے چار رکعت نماز پڑھی نماز کے بعد آسمان کی جانب ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھی: یَا وَدُوْد یَاوَدُوْد یَاذِالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِیُٔ یَا مُعِیْدُ یَافَعَّالُ لِمَا یُرِیْد اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَاَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ بِهَا عَلٰی خَلْقِكَ رَحْمَتِكَ الَّذِیْ وُسِعَتْ كُلَّ شَیْءٌ لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَامُغِیْث اَغِثْنِیْ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ.

اسی وقت فوراً ایک سوار ہرے رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے ہاتھ میں نور کا ہتھیار لے کر آیا لٹیرے نے سوار کو دیکھ کر تاجر کو چھوڑ دیا اور سوار کی طرف رُخ کیا سوار نے لٹیرے کو گھوڑے پر سے زمین پر گرایا اور سوار تاجر سے بولا کہ اے تاجر لٹیرے کو قتل کر۔ تاجر نے جواب دیا کہ میں نے تو آج تک کسی کو قتل ہی نہیں کیا آنے والے سوار نے لٹیرے کو خود قتل کرنے کے بعد تاجر سے کہا کہ میں تیسرے آسمان کا فرشتہ ہوں۔

نوٹ: لوگوں کو چاہئے کہ اس ہتھیار کو ہروقت اپنے پاس رکھیں۔ بہت قیمتی ہتھیار ہے۔

نافرمان اولاد کے لئے عمل و نقش:

اولاد اگر نافرمان و سرکش ہو تو یہ نقش و تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دیں اور کسی میٹھی چیز پر یہ آیت ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ الرَّحِیْم.

تعویذ کی عبارت و نقش یہ ہے:

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ،الم نشرح پوری سورۃ لکھیں اس کے بعد نیچے یہ لکھیں، اعوذ بکلمات اللہ التامات من غضبہ وعقابہ و شر عبادہ ومن ھمزات الشیاطین وان یحضرون اللہ شافی اللہ کافی برحمتك یا ارحم الراحمین. (مجربات استاذ)

دوسرا تعویذ نافرمان اولاد کے لئے:

یہ تعویذ میرے استاذ محترم کا مخصوص عطیہ ہے اور مجرب و مفید ہے۔ وہ یہ کہ اس آیت کو لکھ کر تین مرتبہ تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں بہت مفید پائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ آیت یہ ہے ربنا ھب لنا من ازواجنا وذریتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما.

گمشدہ چیز کے لئے تعویذ:


اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس کے لئے اس تعویذ کو

لکھ کر درخت پر لٹکائیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم ربنا انك جامع الناس ليوم لا ريب فيه ان الله لا يخلف الميعاد اجمع بيني وبين فلاں...... بن فلاں...... اور اگر چیز گم ہوئی ہو تو اس کا نام لکھ دیں۔ (تجربات صحیح والاستاذ)

دوسرا تعویذ جوزوداثر ہے:

یہ تعویذ بہت زیادہ مجرب ہے اور بہت مفید ہے اگر گم ہونے والی چیز ہو تو لکھ دیں فلاں چیز گم ہوگئی ہے حاضر ہو جائے۔ تعویذ یہ ہے۔



بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله الرحمن الرحیم

طریقہ استعمال:

اس نقش کو لکھ کر مکان جس میں سے چیز گم ہوئی ہو ایک کونے میں دو پتھروں کے درمیان دبا دیں اور ہر گیارہ دن پر اس کونے سے بدل دیں اور دیوار پر انگلی کے اشرے سے استرجاع پڑھیں اور لکھیں کہ:

اگر کوئی گم ہو گیا ہو یا کچھ چرا لے گیا ہو:

اس حالت میں ایک کاغذ میں فرددناہ الی امہ پارہ نمبر ۲۰ سورۃ قصص لا تحزنون تک لکھ کر فرار ہونے والے کا نام اور ولدیت لکھ کر سائیکل کے پچھلے پہیے میں تعویذ بنا کر باندھ دیا جائے اور پہیہ کو الٹا گمایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ملے گی۔ (مجربات جوہر)

چور کو تکلیف دینے کا عمل:

اگر کسی نے چوری کی ہو اور پتہ نہ چلے تو اس عمل کے ذریعہ چور کو تکلیف دیں۔ پہلے لوگوں سے اظہار کر دے کہ جس نے تم میں سے ہماری چیز لی ہو واپس کر دے، اور مہلت دے اور جب مہلت کے ساتھ واپس نہ کرے تو یہ عمل کرے کہ ان کلمات کو ایک کاغذ پر لکھے اس آیت کو لکھنے کے بعد افرأیت من اتخذ الھه ھواہ واضله الله علی علم وختم علی سمعه وقلبه وجعل علی بصرہ غشاہ ولھم عذاب عظیم فان تولوا فقل حسبی الله لااله الا ھو علیه توکلت وھو رب العرش العظیم له له له له له له له ك ك ء ء ء ی ی ی ی ی ی ی

الا الا الا الا الا الا الاالا الا الاالصمد فتح بطن السارق من ھو سرق بحق لا حول ولا قوۃ الا بالله العلی العظیم ج احد جیاالمرا ۱۱ جبرائیل رجب یا ابیض اجب اجب اجب لنا بلورھانت.

چور کو تکلیف دینے کا دوسرا عمل:

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱۸	۱۲۱	۱۳۲	۱۱۱
۱۲۳	۱۱۲	۱۱۷	۱۲۲
۱۲۳	۱۲۶	۱۱۹	۱۱۶
۱۳	۱۱۵	۱۱۴	۱۲۵

فتح بطن السارق من ھو سرق

اس نقش کو تین پانوں میں لکھ کر فلیتہ بنالیں اور مال والا شخص اس فلیتہ کو چراغ میں جلائے اور تین تعویذ اسی کے آگ میں جلائے اور مٹی کے برتن میں لکھ کر آگ میں دفن کرے بلاشبہ چور کو ایسی تکلیف ہوگی کہ فوراً چوری کا مال واپس کر دے گا۔ یا یہ کہ دستوں کی بیماری میں گرفتار ہو کر لمبا بیمار ہو جائے گا مگر یہ سب کام ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر ہونے چاہئیں۔ چوری ہونے کے بعد سے لے کر۔ (مجربات استاذ)

گمشدہ چیز وغیرہ کیلئے ایک اور نقش:



اس نقش کو لکھ کر خوشبو کی دھونی دے کر کسی پھلدار درخت میں لٹکائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ کھوئی ہوئی چیز یا بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔

چور کو شناخت کرنے کے لئے:

چور کو شناخت کرنے کے لئے یہ کام کریں کہ کچھ مقدار میں کچے چاول لیں۔ اتوار کے دن سات مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کریں۔ فَلَوْلَا اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَاَنْتُمْ حِیْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ۔ پھر یہ چاول ان کو کھلائیں جن پر چوری کا شبہ ہو، جو چور ہوگا اس کے حلق سے نیچے نہیں اتریں گے اور تھوکنے پر منہ سے خون آئے گا۔

بہت ضروری نوٹ:

اوپر والی تدبیر سے کئی چوریاں پکڑی گئی ہیں مگر یاد رکھیں کسی پر بلاوجہ بدگمانی کرنا اور اس کے چور ہونے پر یقین کر لینا بغیر کسی ثبوت و دلیل کے درست نہیں ہے۔ ہاں حکمت سے کام لیں، چوری کا مسئلہ بہت دشوار اور مشکل ہے۔ میرے شیخ پیر و مرشد حق شناس و حقیقت شناس مد ظلہم العالی نے ارشاد فرمایا کہ اگر چوریاں ان عملیات سے معلوم ہو جایا کرتیں تو چور چوری کرنے سے پہلے اس عمل کے کرنے والے کو گولی مارتا پھرتا، اور میرے شیخ پیر و مرشد مد ظلہم العالی نے ارشاد فرمایا کہ دنیا میں سے اگر چوری ختم ہو جاتی تو ہزاروں قفل تالے فروخت کرنے والے پریشان ہو جاتے۔ ہزاروں پکے پکے مضبوط مکانات بنانے والے راج مستری پریشان ہو جاتے۔ ہزاروں اینٹیں اور بھٹہ لگانے والے پریشان ہو جاتے۔ ہزاروں دروازے بنانے والے اور تیار کرنے والے پریشان ہو جاتے ہزاروں پولیس والے اپنی نوکری سے محروم ہو جاتے۔ لہٰذا چوری کا دروازہ یا چوری کا علم ان عملیات سے معلوم ہونا یقینی طور پر نہیں ہے بلکہ یہ جو عملیات آپ کے سامنے ہیں بعض عاملوں کے تجربات ہیں۔ قرآن و حدیث سے اس سلسلہ میں متعین ہونا ثابت نہیں ہے اور کسی پر بلاوجہ بدگمانی کرنا بھی صحیح نہیں ہے۔ حضرت عیسیٰؑ نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس نے چوری کی پھر آپ نے اس سے فرمایا کہ تو نے چوری کی اس نے کہا نہیں تو حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا صحیح کہتا ہے میری آنکھ نے غلط دیکھا بدگمانی کے سلسلہ میں اس واقعہ کو سامنے رکھیں اور اپنی تدبیر و حکمت و مصلحت سے کام لیں۔ ان عملیات کے بل بوتے پر کسی کو چور قرار دینا صحیح نہیں ہے۔

نیند سے بیدار ہونے کے لئے:

اگر کوئی شخص رات کو یہ چاہے کہ میری آنکھ فلاں وقت کھل جائے یعنی میں نیند

سے بیدار ہو جاؤں تو اس اس کو سوتے وقت سورۃ مزمل کی شروع کی پانچ آیات سات مرتبہ اور سورت حشر کی آخر کی تین آیات تین مرتبہ پڑھ کر سونا چاہئے انشاء اللہ، انشاء اللہ تعالیٰ جس وقت کا ارادہ کر کے سوئے گا اسی وقت آنکھ کھل جائے گی۔ صحیح مجرب ہے۔

رات کو آنکھ کھلنے کے لئے:

دارمی نے روایت کی ہے کہ جو شخص سورۃ کہف کی آخر کی تین آیت پڑھے۔ رات میں بیدار ہونے کے لئے تو وہ اسی وقت جاگے گا جس وقت کا ارادہ کیا ہے۔ یعنی آنکھ کھل جائے گی۔ اسی روایت کو نقل کرنے والے صحابی رسول ﷺ حضرت عبدہؓ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس کا تجربہ کیا ہے تو ہم نے اس عمل کو ویسا ہی پایا جیسا کہ ذکر ہوا۔ سبحان اللہ، اللہ تعالیٰ کی عجیب شان ہے دشوار سے دشوار کام اس کی رحمت اور اس کے کلام کی برکت سے آسان ہو جاتا ہے۔

استخارہ کے لئے عمل جو مجرب اور بہت آسان ہے

عشاء کی نماز کے بعد سونے سے پہلے بستر پر بیٹھ کر باوضو آٹھ سو سولہ (۸۱۶) مرتبہ یاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِی پڑھیں اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف ملالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلی رات میں ہی مقصد حل ہو جائے گا۔ ورنہ پھر دوسری رات میں کریں یا پھر تیسری رات میں کریں۔ خواب نے اندر پوری معلومات حاصل ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ مجرب ہے۔ (مجربات صحیح)

استخارہ کا ایک اور مجرب طریقہ:

سورۃ والشمس والليل والضحیٰ والتین، اور قل ھو اللہ ان سب سورتوں کو سوتے وقت باوضو پڑھ کر قبلہ رخ ہو کر اور اپنے مقصد کا خیال دل میں لا کر سو جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کام کا اچھا یا بُرا ہونا بہت جلد معلوم ہو جائے گا۔ اگر

ظاہر نہ ہو تو پھر سات دن تک ایسا ہی کریں۔ یہ بزرگوں کے مجربات میں سے ہے۔

استخارہ کے واسطے عمل:

اگر کسی کام کا اچھا یا بُرا ہونا معلوم کرنا ہو پہلے استخارہ کر لینا چاہئے۔ استخاروں میں سے ایک استخارہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد نیا وضو کریں اور ایک سو ایک مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ. پڑھیں اور تمام ہر قسم کے گناہوں سے سچے دل سے توبہ کریں اور یہ سمجھیں کہ میں آج نیا مسلمان ہوا ہوں پھر دو رکعت نماز استخارہ کی نیت سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد آیۃ الکرسی دوسری رکعت میں قل یاَیھا الکافرون والی سورۃ ملائیں۔ پھر بعد کو ایک سو ایک مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ کر دعا مانگیں استخارہ کی دعا بہت سی کتابوں میں ہے اور مشہور بھی ہے دیکھ کر پڑھ لیں، اور درود شریف پڑھتے ہوئے زمین پر سو جائیں صبح کو اٹھنے پر جس طرف کو زیادہ رجحان ہو کام کے کرنے یا نہ کرنے کا وہ کریں بعض مرتبہ ایسا بھی ہوگا کہ خواب کے اندر صاف طریقہ پر کوئی آکر بتا دے گا۔ بعض بزرگوں نے یہ بات بھی لکھی ہے کہ خواب میں اگر سبز ہری چیز دیکھے تو سمجھ لے وہ کام کرنا اچھا ہے اور اگر لال سرخ یا سفید یا کالی چیز دیکھے تو جان لے کہ وہ کام کرنا اچھا نہیں ہے۔

ضروری بات:

استخارہ میں اگر کوئی بات معلوم نہ ہو تو پھر استخارہ سات رات مسلسل کرنا چاہئے انشاءاللہ الخیر ضرور اچھا بُرا کام کا ہونا معلوم ہو جائے گا اگر معلوم نہ ہو تو پھر اپنے استخارہ میں غلطی جانے کہ وہ صحیح طریقہ پر نہیں کر سکے اور نہ ہو سکا۔

ضروری ہدایت: جب استخارہ میں اچھا یا برا معلوم ہو جائے تو پھر اس کے خلاف نہ کرے مثلاً کام کا کرنا معلوم ہو تو کام کر ہی ڈالے اور اگر کام کے کرنے میں

برائی معلوم ہو استخارہ میں تو ہرگز نہ کرے۔ اس کے خلاف ہرگز نہ کرے میرے شیخ پیرو مرشد مدظلہم العالی نے ارشاد فرمایا کہ خلاف کرنے میں بہت جلد تباہ و برباد ہونے کا ڈر ہے گویا کہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مشورہ سے منہ موڑتا ہے۔

اگر استخارہ میں جلدی درکار ہو:

اگر کسی کے اچھے یا بُرے معلوم کرنے میں شدید مجبوری آپڑے کہ سات دن استخارہ کرنے کی مہلت وفرصت نہ حاصل ہو تو پھر ۱۴ رکعت نماز استخارہ ۲۔۲ رکعت پر سلام کے ساتھ ایک جگہ پر ہی کھڑے ہو کر ادا کرے اور مذکورہ دعائیں اوپر والے طریقہ کے مطابق مکمل کرے۔ انشاء اللہ الرحمٰن اس سے بھی مقصد حل ہو جائے گا۔

ایک نادر استخارہ کا طریقہ:

بعض بزرگوں سے یہ طریقہ ثابت ہے کہ دو رکعت نماز استخارہ کی نیت سے پڑھے کہ اول رکعت میں الحمد شریف پڑھتے ہوئے اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم پر آئے تو اس آیت کو پڑھے جب تک گردن دائیں یا بائیں کو گھوم نہ جائے۔ اگرچہ بعض مرتبہ کئی گھنٹہ بھی لگ سکتے ہیں اور بعض مرتبہ چند لمحوں میں بھی معلوم ہو سکتا ہے یعنی گردن گھوم جائے گی اور جب دائیں یا بائیں کو گردن گھوم جائے تو اپنی بقیہ نماز پوری کرے اگر داہنی طرف کو گردن گھوم جائے تو کام میں خیر جانے اور بائیں طرف گھومنے پر برائی جانے۔
(مجربات صالحین)

استخارہ کا ایک اور طریقہ:

اگر کسی کو کسی کام کا اچھا یا بُرا نتیجہ معلوم کرنا ہو تو جمعہ کی رات میں سونے سے پہلے دو رکعت نمازِ استخارہ مکمل پڑھ کر ایک سجدہ کرے اور اس سجدہ میں ۳۱۳ مرتبہ یا علیم یا خبیر پڑھ کر باوضو سو جائے انشاء اللہ العلیم اسی رات میں پوری معلومات ہو جائے گی۔
(مجربات ابرار)

محبت کے لئے مجرب عمل:

یہ عمل جائز محبت کے لئے کریں انشاء اللہ الودود بہت جلد اثر کرنے والا ہے۔ استاذ محترم نے خاص طور پر اس کی رہنمائی فرمائی تھی۔ ایک سفید سادے کاغذ پر اس تعویذ کو لکھیں اور ایک مرغی کا انڈا اس تعویذ والے کاغذ میں لپیٹ کر صالحین بزرگوں کی دو قبروں کے درمیان دفن کر دیں۔ انشاء اللہ کامیابی ملے گی اور محبت اور دشمنی کے تعویذ اور نقوش لکھنے کے اصول شروع کتاب میں ضرور دیکھ لیں نقش یہ ہے ۱۱ط م ۱۱۱۱ ۹ ۱۱۱ ح ط ۱۱۱۱۸۹۸۱ فلاں ...... بن فلاں ...... درمیان فلاں ...... بن فلاں ...... کے محبت و الفت واقع ہو۔ طریقہ پہلے فلاں کی جگہ پر جس سے محبت چاہی جارہی ہے اس طلوب کا نام اور اس کے باپ کا نام لکھیں اگر عورت ہے تو دونوں جگہ ماں کا نام لکھیں گے۔

میاں بیوی کی محبت کے لئے زوردار تعویذ:

جن میاں بیوی کے درمیان آپس میں رنجش رہتی ہو ان کے لئے یہ نقش و تعویذ استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رنجش مٹ جائے گی اور آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

یاولی بسم اللہ الرحمن الرحیم یاولی

اللّٰھم الفھم کما الفت بین محمد و عائشۃ

فلاں ...... بنت فلانۃ ...... فلاں ...... بن فلاں ......

یا رؤوف یا ودود

یاولی یا ودود یا لطیف یا رؤوف

طریقہ استعمال: اس نقش کو خوشبو والی روشنائی سے لکھ کر کسی پھلدار درخت میں لٹکائیں کہ مسلسل ہلتا رہے۔ درمیان میں زوجین کا نام لکھیں۔

محبت کے لئے دوسرا نقش:

میاں بیوی میں جو طالب محبت ہو اس کے گلے میں اس تعویذ کو لکھ کر ڈالیں پہلے فلاں کی جگہ پر طالب کا نام اور دوسرے فلاں کی جگہ پر محبت کے مطلوب کا نام لکھیں گے اور محبت کے تعویذ و نقش لکھنے کے اصول شروع کتاب میں دیکھیں۔ محبت کے دوسرے نقش کی عبادت یہ ہے۔ بسم الله الرحمن الرحيم والقيت عليك محبة منى ولتصنع علىٰ عينى ويا مقلب القلوب ويا مسخر السموٰت السبع والارضين السبع قلب لفلاں ...... قلب فلاں ...... ابن فلانيه ...... بالخير لاراء الحقوق يا ودود يا ودود يا ودود حبب يا لطيف.

نوٹ: اس نقش کی عبادت کو کسی اچھے عربی جاننے والے سے پوچھ کر لکھیں یا معلوم کر لیں تاکہ فائدہ حاصل ہو۔ اور نقش بے فیض نہ ہو۔

عوام وخواص میں اپنی محبت پیدا کرنے کے لئے:

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میری عزت لوگ کیا کریں تو اس کا صحیح طریقہ تو یہ ہے کہ وہ لوگوں کی عزت کیا کرے ایک ہاتھ سے دو اور ایک ہاتھ سے لو، آپ لوگوں سے اچھے اخلاق سے پیش آئیں لوگ آپ سے بھی اچھے اخلاق سے پیش آئیں گے۔ یہ عمل میرے شیخ پیر و مرشد کا بتایا ہوا ہے جو کہ حقیقت وصداقت پر قائم ہے پھر بھی ویسے ایک عمل لکھتا ہوں جو کہ مستند ہے۔ وہ یہ کہ ایسے شخص کو چاہئے کہ جمعرات کے دن روزہ رکھے کھجور یا چھوارہ سے افطار کرے بعد نماز مغرب تین سو تیرہ مرتبہ بسم الله الرحمن الرحيم ایک ہی جگہ پر بیٹھ کر پڑھے اس کے بعد زعفران وگلاب سے بسم الله الرحمن الرحيم کے حروف کو علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھے (جیسے ب س م) سات مرتبہ لکھے پھر اس تعویذ کو عطر کی خوشبو لگا کر دائیں بازو پر یا گلے میں ڈال لیں۔ انشاء اللہ الرحمٰن سب

لوگوں کی نظروں میں پیارا ہو جائے گا۔ زیادہ اچھی بات تو یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت پر کمر باندھ لے پھر اللہ کی اللہ کے رسول ﷺ کی فرشتوں کی جناتوں کی انسانوں کی نظر میں محبوب ہو جائے گا۔ (مجربات صالحین)

وہ گھر جس کا ہر فرد ایک دوسرے کے مخالف رہتا ہو:

اگر کسی گھر میں اختلاف کی آگ لگی رہتی ہو اور ایک دوسرے کے مخالف ہو کہ کوئی کسی کا کہنا نہ مانتا ہو۔ جیسا کہ یہ مرض اس دور میں اکثر لوگوں کے گھروں میں پھیلا ہوا ہے تو اس حالت میں مجرب و آزمودہ عمل اختلافات کو مٹانے کے لئے یہ ہے کہ جو بھی کھانا کھائیں اور کھلائیں اس کھانے پر ۱۱ رمرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر کھائیں اور ہر ایک کے کھانے پر دم کر دیا کریں۔ گھر کی عورتوں کو تاکید کریں کہ کھانا باوضو پکائیں آٹا بھی گوندھیں تو باوضو ہو کر ہنڈیا میں پکائیں تو باوضو مسالہ بھی پیسیں تو وہ بھی باوضو، بہتر یہ ہے کہ جس پانی سے آٹا وغیرہ گوندھیں اس پانی پر اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کریں پھر اس پانی سے آٹا وغیرہ گوندھیں یہ عمل مستقل مسلسل استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورے گھر پر اللہ کی رحمت نازل ہوگی اور سب سے عمدہ بات اس کے اول یہ ہے کہ اس گھر کے تمام مرد مسجد میں جا کر جماعت ہی سے نماز پڑھا کریں اس میں خاص حکمت و مصلحت رکھی ہوئی ہے اور یہ بات مستند اور مجرب ہے۔

محبت کے واسطے عمل:

بارش کے پانی پر ۳۱۳ رمرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کر دیں اور جس کی محبت مطلوب ہے اس کو پلائیں۔

محبت کے لئے ایک اور عمل:

نمک پر سات مرتبہ الم نشرح والی سورۃ پڑھ کر دم کریں اور صبح و شام جس کی

محبت مطلوب ہے اس کے دھیان کے ساتھ آگ میں ڈالیں۔

عزت کیلئے بیش بہا نقش:

بسم ۱	اللہ ۱	الرحمٰن ۱۱	الرحیم
الرحیم ۱۲	الرحمٰن	اللہ	بسم ۱۳
اللہ	بسم ۹	الرحیم ۱۲	الرحمٰن ۱۰
الرحمٰن ۱۵	الرحیم ۳	بسم ۵	اللہ

ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو

اللہ اللہ اللہ

۱۰۰۲	۱۰۱۰	۱۰۰۵
۱۰۰۸	۱۰۰۶	۱۰۰۴
۱۰۰۷	۱۰۰۲	۱۰۰۹

یہ نقش ان لوگوں کے واسطے ہے جن کی عزت پہلے تھی پھر ختم ہوگئی کہ لوگو نے اسے اپنی نظروں سے گرادیا ہو اور یہ لوگوں کی نظروں میں ذلیل ورسوا ہو اور یہ اپنی بے عزتی کی وجہ سے پریشا ہو۔ لہٰذا اس نقش کو محبت کے اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے لکھے۔ پھر بازو پر یا گلے میں ڈال لیں یہ نقش میاں بیوی کی محبت میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر بھولنے کا مرض ہو تو کیا کرے:

اگر کسی کو کوئی بات بھولنے کا مرض ہو تو اس کو چاہئے کہ رات کو سات بادام کی گری پانی میں بھگو دیں صبح کو اس کا سرخ چھلکا اتار کر ایک ایک گری پر سات سات مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کریں پھر ان باداموں کو باریک پیس کر صبح کو نہار منہ کھائیں۔ آیت یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم. تَنْزِیْلُ الْکِتَابِ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَھَا اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّی وَّالَّذِیْنَ کَفَرُوْا عَمَّا اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ. یہ عمل اکیس (۲۱) دن مسلسل کریں۔ (مجربات روح)

جس مسلمان کے دل پر علم کی بات جمتی نہ ہو:

جس کو قرآن وحدیث یا کوئی علمی بات دل ودماغ پر محفوظ نہیں رہ پاتی ہو تو اس کو چاہئے کہ رات کو سوتے وقت سینہ پر دایاں ہاتھ رکھ کر اکیاون مرتبہ یـا عـلـیـم پڑھنا مسلسل اپنا وظیفہ بنا لے انشاءاللہ تعالیٰ اس طریقہ سے حالت میں بہت سدھار ہو جائے گا۔کثیر فائدہ حاصل ہوگا۔ (مجربات استاذ)

جس کو قرآن مجید وغیرہ حفظ کرنا مشکل پڑتا ہو اس کی آسانی کیلئے مخصوص عمل:

یہ عمل حضور پاک ﷺ نے حضرت علیؓ کو ضعف حفظ کی شکایت پر بتایا تھا۔حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت علیؓ حضور علیہ السلام کی خدمت میں تشریف لائے اور اپنے دماغ وحافظہ کے کمزور ہونے کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے یہ عمل تعلیم فرمایا کہ جب جمعہ کی رات آئے تو آخری رات کو اٹھ کر چار رکعت نماز پڑھو اگر آخری رات نہ ہو سکے تو آدھی رات کو اٹھو اور اگر آدھی رات کو بھی نہ اٹھ سکو تو شروع رات ہی میں سہی چار رکعت نماز پڑھو کہ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورت یٰسین شریف دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورت دخان تیسری رکعت میں الحمد کے بعد الم تنزیل سجدہ والی سورت چھوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سورت ملک پڑھو۔پھر جب نماز سے فارغ ہو تو پھر اللہ تعالیٰ کی خوب خوب تعریف کرو اور مجھ پر اور تمام نبیوں پر درود بھیجو۔اپنے تمام بھائی جو گزر گئے ہیں اور جو زندہ ہیں سب کے لئے استغفار کرو۔(مثلا پہلے سورت فاتحہ پڑھے ایک مرتبہ پھر دونوں، درود ابراہیمی پڑھے پھر سـلامٌ عـلـیَ الْمُرْسَلِیْنَ پڑھے پھر یہ پڑھے۔رَبَّنَـا اغْـفِـرْلَـنَـا وَلِاخْـوَانِـنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَبِجَمِیْعِ الْـمُؤْمِنِیْـنَ وَالْـمُؤْمِـنَـاتُ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتُ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْم. ایک مرتبہ پڑھے پھر یہ دعا پڑھو۔ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا

مَا ابْقَيْتَنِي وَارْحَمْنِي اَنْ اَتَكَلَّفَ مَالَا يَعْنِيْنِي وَارْزُقْنِي حُسْنَ النَّظْرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّي اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ وَاَنْ تَطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِيْ فَاِنَّهٗ لَا يُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ وَلَا يُؤْتِيْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

پھر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے علی اس عمل کو تین یا پانچ یا سات جمعہ کی رات کو مسلسل کرو انشاء اللہ ضرور کامیاب ہوں گے۔ دعا قبول ہوگی قسم ہے اس بابرکت ذات کی جس نے مجھے نبی بنا کر بھیجا ہے کسی ایمان والے سے بھی دعا کا قبول ہونا واپس نہ ہوگا۔ حضرت علیؓ نے ایسا ہی کیا۔ اس کے بعد حضرت علیؓ پھر آپ ﷺ کی خدمت میں تشریف لائے اور عرض کیا کہ یا اللہ کے رسول ﷺ پہلے میں قریب چار آیتوں کو یاد کرتا تھا وہ یاد نہیں رہتی تھیں اور اب قریب قریب چالیس ۴۰ آیتوں کو یاد کر لیتا ہوں اور وہ محفوظ ہو جاتی ہیں اور کہیں بھول چوک نہیں ہوتی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے قرآن میرے سامنے کھلا ہوا موجود ہے۔ اک حدیث یاد کرتا تھا پھر بول جاتا تھا اور اب کئی کئی حدیثیں یاد کر لیتا ہوں اور ایک حرف بھی نہیں چھوٹتا۔

فائدہ عظیم: یہ حدیث شریف ترمذی شریف اور حاکم نے روایت کی ہے یہ عمل اس مبارک ذات کا بتایا ہوا ہے جس پر صاحب قرآن نے اپنا قرآن نازل فرمایا اور وہ مبارک ذات ﷺ پر یہ اپنے مرید اور خلیفہ اور اپنی لاڈلی پیاری بیٹی حضرت فاطمہؓ کے شوہر داماد کو بتاتی ہے اور وہ مبارک ذات اپنی مبارک زبان سے یوں فرماتی ہے کہ اے علی یہ عمل تیرے لئے بھی اور جس کے تو یہ عمل بتادے اس کے لئے بھی مفید ہوگا۔ آپ ﷺ کا مفید بتانا گویا کہ اللہ تعالیٰ ہی کا مفید بتانا ہے۔ اب وہ کون خوش نصیب مسلمان ہے جو اس عمل سے فائدہ اٹھائے۔

لقوہ کی خواب میں بشارت شدہ اکسیر دوا:

یہ دوا خواب کی بشارت شدہ ہونے کے ساتھ مجرب و آزمودہ ہے اور مفید ہے وہ یہ کہ گیئے کے دودھ میں دارچینی (دال چینی) ڈال کر دو تین ابال دیں۔ پھر اس دودھ پر سورۃ یٰسین پڑھ کر دم کر کے رکھ دیں اور سات لونگیں پیس کر ایک ٹکیہ بنا کر اس دودھ سے کھالیں۔ صبح نہار منہ اور اس دودھ کو شہد سے میٹھا کریں گے اور یہ عمل سات دن مسلسل کرتے رہیں، انشاء اللہ مفید پائیں گے۔ (مجربات صحیح، مجربات جوہریہ)

بچہ کی ولادت کی آسانی کے لئے تعویذ:

اگر کسی عورت کو بچہ کی ولادت کے وقت تنگی و دشواری پیش آئے تو اس کے لئے یہ کلمات لکھ کر بندھوائے جائیں مستند و مدلل ہے۔ کلمات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الٰہ الا اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ رب العرش العظیم الحمدللہ رب العالمین کانھم یرونہ مایوعدون لما یلبثوا الا ساعۃ من نہار بلاغ فھل یھلك الا القوم الفاسقون.

واقعہ سبق آموز:

حضرت عکرمہؓ نے حضرت عباسؓ سے روایت کیا ہے فرمایا حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک گائے کے پاس سے گزرے جس کے پیٹ میں بچہ پھنسا ہوا تھا گائے بولی اے روح اللہ میرے لئے دعا کیجئے۔ میں جس پریشانی میں مبتلا ہوں اس سے اللہ تعالیٰ مجھے نجات عطا فرمائے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا فرمائی یا خالق النفس من النفس ویا مخلص النفس من النفس ویا مخرج النفس خلصھا، بیان کرنے والے راوی فرماتے ہیں کہ اس گائے نے بچہ جن دیا اور اسی وقت کھڑے ہو کر اس کو سونگھنے لگی۔

جب عورت پر بچہ کی پیدائش دشوار ہو جائے تو اسے یہ تعویذ لکھ کر دینا چاہئے۔

ولادت سے متعلق بہت تیز اثر تعویذ:

اصحاب کہف کے ناموں کو اور ان آیتوں اذا السّماءُ انشقت و اذنت لربها وحقت و اذاالارض مدت و القت مفیاها وتخلت و اذنت لربها حقت اهیا و اشراهیا لکھ کر بچہ کی ولادت کی حالت سے قبل تعویذ بنا کر الٹی ران میں بندھوا دیں۔ الحمدللہ بڑی سہولت سے بچہ کی ولادت ہو جاتی ہے مگر یہ بات یاد رکھیں کہ بچہ کی ولادت کے بعد اس تعویذ کو فوراً کھولدینا چاہئے ورنہ بندھے رہنے سے نقصان بھی اٹھا سکتے ہیں۔ (مجربات صحیح، مجربات استاذ، مجربات اکابر)

بخار کا تعویذ:

حضرت مروزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابوعبداللہ کو اطلاع ہوئی کہ مجھے بخار ہے۔ انہوں نے مجھے بخار کا تعویذ دیا جس میں یہ لکھا تھا۔ بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله وبالله محمد رسول الله قُلنا یا نار کونی برداً وّسلامًا علیٰ ابراهیم و ارادوا به کیدا فجعلنهم الاخسرین اللهم بجبرائیل ومیکائیل واسرافیل شفا صاحب هذا الکتاب محولك وقوتك وجبروتك اله الحق آمین (مجربات صحیح)

جس شخص کو بخار سردی لگ کر آ رہا ہو:

اس بخار کی شکایت میں گیارہ مرتبہ قلنا یانار کونی بردا وسلامًا علی ابراهیم پڑھ کر دم کریں اور سات مرتبہ بسم الله مجریها ومرسٰها انّ ربی لغفور الرحیم. پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ اسلام بہت جلد فائدہ ہوگا۔

بخار کا علاج:

حضرت شاہ عبدالعزیزؒ اور حضرت شاہ مولانا اسحٰق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا عمل تھا کہ بخار والے کے واسطے گلے میں باندھنے کیلئے قلنا یا نار کونی بردا وسلاما علی ابراھیم لکھ کردیتے تھے اور پینے کے لئے سلام قولا من رب الرحیم لکھ کر دیتے تھے۔ (مجربات اکابر)


ہر قسم کے بخار کے لئے تعویذ مجرب ہے:

کسی بھی طرح کا بخار ہو اس کے لئے یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دیں اور تین تعویذ لکھ کر زعفران سے صبح کو نہار منہ پلا دیں گلے کا اور پینے کا یہی ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	بسم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمٰن

بخار والے کے لئے مجرب تعویذ:



اس نقش کو لکھ کر بخار والے کے گلے میں ڈالدیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً اس کا اثر نظر آئے گا۔فلاں......ابن فلاں......کی جگہ پر بخار والے کا نام اور ولدیت لکھیں۔(مجربات خاص وصحیح)

بخار کے ختم کرنے کے لئے عجیب وغریب تعویذ:

ایک کاغذ پر تین جگہ یا اللہ لکھیں ایک موٹا **یا اللہ** پھر اس سے چھوٹا **یا اللہ** پھراس سے چھوٹا یا اللہ پھر گول دائرے کے برابر برابر کاغذ کاٹ لیں سب سے پہلے سب سے موٹے والے الفاظ یا اللہ کے دائرے کی گول بنا کر اس انسان کو پانی سے کبھی بھی کھلا دیں۔ جس کو بخار پیچھا نہ چھوڑتا ہو۔

کسی وقت بھی اگر پہلی گولی سے بخار نہ جاوے تو دوسری گولی جو درمیان والے دائرے کا یا اللہ ہے اس کی گولی بنا کر کھلا دیں انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا اور اگر پھر بھی بخار نہ اترے تو پھر تیسری گولی تیسرے دن کھلا دیں۔ زندگی بھر کا ہمیشہ کا تجربہ ہے انشاء اللہ ہر حالت میں بخار جاتا رہے گا۔ اس کی مزید اجازت تمام مسلمانوں کو دیتا ہوں اختیار فرمائیں۔ جس وقت ضرورت پڑے یہ عمل ایک بزرگ سے حاصل ہوا ہے جس کی انہوں نے مجھے اجازت عطا فرمائی اور میں بھی اس کی اجازت دیتا ہوں۔

(مجربات صحیح)

درد کے ختم کرنے کا مستند علاج:

مسلم شریف میں ہے کہ حضرت عثمان ابن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے درد کی شکایت کی کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں اور اسلام قبول کیا ہے میرے بدن میں درد ہوتا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بدن میں جہاں پر درد معلوم ہوتا ہے وہاں پر ہاتھ رکھو اور یہ پڑھو۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم تین بار پھر سات مرتبہ یہ پڑھو اعوذ بعزۃ اللہ وقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّمَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

درد و بیماری کے دفع کا مستند علاج:

بخاری شریف اور مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے گھر والوں میں سے جب کسی پر دم کرتے تو داہنا ہاتھ اس پر پھیرتے اور یہ دعا پڑھتے اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسْ اَذْهِبِ الْبَاسْ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشِفَاءَ اِلَّا شِفَائُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا.

درد کے واسطے مجرب و مفید بہترین تعویذ:

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۵
۱۰	۵	۴	۱۵

یہ تعویذ پورے بدن کے درد کے دفع کے لئے مفید ہے۔ نقش کے ساتھ نیچے والی عبارت لکھیں گے اور اس تعویذ کو موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں گے۔ انشاء اللہ السلام مفید پائیں گے۔ عبارت کے الفاظ یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم وبالحق انزلناہ وبالحق نزل وما ارسلناك الا مبشر ونذیرا اعوذبکلمات اللہ التامات من غضبه وعقابه وشر عباده ومن همزات الشیاطین وان یحضرون اللہ شافی اللہ کافی برحمتك یا ارحم الراحمین. (مجربات استاذ)

سینہ کے درد کے واسطے مستند و مجرب عمل:

اگر کسی بھی شخص کے سینہ میں کسی بھی طرح کا درد ہو اور ان آیات شریفہ کو لکھ کر سینہ

پر یا گلے میں اس طرح ڈالیں کہ وہ تعویذ سینہ پر رکا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ سینہ کے درد سے شفاونجات مل جائے گی۔ مجرب وآزمودہ ہے۔ تعویذ میں لکھے جانے والی عبارت یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم ذالك تخفيف من ربكم ورحمة بسم الله الرحمن الرحيم آلئٰن خفف الله عنكم وعلم ان فيكم ضعف بسم الله الرحمن الرحيم يريد الله ان يخفف عنكم وخلق الانسان ضعيفا بسم الله الرحمن الرحيم واذا سألك عبادى عنى فانى قريب اجيب دعوة الداع اذا دعان بسم الله الرحمن الرحيم الم تر الىٰ ربك كيف مدا الظل ولو شاء لجعله ساكنا بسم الله الرحمن الرحيم الم تر الىٰ ربك كيف مد الظل ولو شاء لجعله ساكنا بسم الرحمن الرحيم وله ما سكن فى الليل والنهار وهو السميع العليم بسم الله الرحمن الرحيم صلى الله عليه وسلم (مجربات صحابہ، مجربات صحیح)

سر کے درد کے دور کرنے کے لئے مجرب عمل:

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ارادہ فرمایا کہ بنوامیہ کے خاندان میں ایک چاندی کا ڈبہ تھا جس میں تالا قفل لگا ہوا تھا اور اس ڈبہ پر لکھا ہوا تھا شفاء من کل داع یعنی اس میں ہر بیماری کے لئے شفاء ہے) اس چاندی کے ڈبہ کے اندر یہ بات لکھی ہوئی تھی کہ اگر کسی کے شدید قسم کا سر کا درد ہو تو اسے طبیب و حکیم کے پاس جانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ یہ کلمات پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے سر کا درد ختم ہو جائے گا اس عمل کو بہت سے موقعوں پر استعمال میں لایا گیا تو ہمیشہ مفید ہی پایا گیا وہ کلمات یہ ہیں۔ بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله وبا لله ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجْعُ سَكَّنْتُكَ بِالَّذِىْ يُمْسِكُ السَّمَاءَ

اَن تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلاَّ بِاِذْنِهٖ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوْفٌ الرَّحِيْم. بسم الله الرحمن الرحيم بسم الله وبالله ولا حول ولا قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم. اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجْعُ سَكَّنْتُكَ بِالَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلاَ وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْماً غَفُوْرًا.

(مجربات دیرینه)

جس کے پورے بدن میں درد ہو:

جس شخص کے پورے بدن میں درد ہو تو اس کے لئے چاہئے کہ اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر استعمال کرائیں انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے: بسم الله الرحمن الرحيم وَمَا لَنَا اِلاَّ نتوكل على الله وقد هدانا سبلنا ولنصبرن على ما اذيتمون وعلى الله فليتوكل المتوكلون وبالحق انزلناه وبالحق نزل وما ارسلناك الا مبشرو ونذيرا صلى الله على محمد واله وسلم وبارك وسلم. (مجربات اکابر)

دانت کے درد کی مستند دعا:

بیہقی عبداللہ ابن رواحہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے دانت کے درد کی شکایت کی، تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا مبارک ہاتھ ان کے رخسار پر جس طرف درد تھا رکھ کر سات مرتبہ یہ پڑھا ابھی اس دعا کو پڑھ کر رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ مبارک ہٹایا بھی نہیں تھا کہ پہلے ہی درد ختم ہو گیا۔ وہ دعا یہ ہے: اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ مَايَجِدُ وَفُحْشَهُ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الْمَكِيْنِ الْمُبَارَكِ عِنْدَكَ.

سر درد کے لئے بہترین عمل:

یہ عمل مستند بھی ہے اور مفید ثابت ہو چکا ہے کہ جس کے سر میں درد ہو اس کے لئے

چاہئے کہ اس کا سر پکڑ کر اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا۔ والی آیت پڑھ کر دم کرے یقین کے ساتھ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے فائدہ اٹھائیں گے اور یقنی فائدہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ہی شفاعطا فرمانے والے ہیں۔

جس کے سر میں درد ہمہ وقت رہتا ہے:

جس کے سر میں درد ہر وقت رہتا ہو اس کو چاہئے کہ ایک کاغذ پر سات مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھیں اور اس کو اپنی ٹوپی یا پگڑی میں سلوا کر مکمل ادب واحترام کے ساتھ پہنا کرے یہ عمل مجرب ہے اور مفید پایا گیا ہے اور انشاء اللہ مفید پائیں گے۔ (مجربات صحابہ)

سر درد کا مستند علاج:

حدیث میں ہے کہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے ارشاد فرمایا کہ اے علیؓ جب تمہارے سر میں درد ہو تو سر پر یعنی درد کی جگہ پر اپنا ہاتھ رکھو اور سورت حشر کی آخیر کی آیات (تین آیتیں ہیں) پڑھو اس روایت کو دیلمی نے روایت کیا ہے۔

جس کے سر میں درد ہو اس کے لئے تعویذ:

سر درد کے لئے مستند تعویذ ہے کہ ایک کاغذ پر صلی اللہ علیہ وسلم اول و آخر لکھیں درمیان میں اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھیں پھر سر درد والے کے سر میں یا گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔ (مجربات ابرار)

عظیم فائدہ:

یہ آیت وبالحق انزلناہ وبالحق نزل وما ارسلناك الا مبر ونذیرا.
درد کی بیماری کے لئے مفید مجرب عمل ہے بیماری کی جگہ پر سیدھا ہاتھ رکھ کر اس آیت

شریف کو پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اللہ جل شانہ کے حکم سے بیماری و درد سے نجات ملتی ہے۔
محمد بن سماکؒ بیمار ہوئے تو ان کے مریدین و شاگردان کا قارورہ ایک عیسائی حکیم کے پاس علاج کی غرض سے گئے۔ راستہ میں ایک نہایت حسین چہرہ عمدہ لباس کہ ان کے جسم سے بہترین خوشبو آ رہی تھی بزرگ ملے۔ ان بزرگ نے معلوم کیا کہاں جا رہے ہو۔ ان شاگردوں نے بتایا حضرت ابن سماک کا قارورہ دکھانے کے لئے فلاں حکیم کے پاس جا رہے ہیں۔ ان بزرگ نے فرمایا تعجب ہے اللہ کے ولی اور دوست کے ئے خدا کے دشمن سے مدد چاہتے ہو۔ اس قارورہ کو پھینک دو اور واپس جا کر ان سے کہو کہ درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ۔ وہ بزرگ یہ بتاتے ہی روپوش غائب ہو گئے۔ ابن سماک رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد مریدوں نے واپس ہو کر اپنے استاذ و پیر سے راستہ کا حال بیان کیا۔ ابن سماک رحمۃ اللہ علیہ نے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہی کلمات پڑھے۔ درد سے فوراً نجات مل گئی ابن سماک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے مریدوں و شاگردوں سے فرمایا کہ وہ بزرگ حضرت خضر علیہ السلام تھے۔ (تفسیر مبارک)

سر کے درد کے لئے بہترین جھاڑ:

ہر قسم کے سر کے درد کی جھاڑنے کے لئے عمل یاد رکھیں اور آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اکیس مرتبہ یا اللہ پڑھ کر دم کر دیں۔ انشاء اللہ سر کے درد کو فائدہ ہوگا۔ (مجربات احمدیہ)

سر درد کے لئے مجرب جھاڑ:

یہ عمل اور جھاڑ بزرگوں کے عملیات میں سے ایک مجرب جھاڑ و عمل ہے کہ سر درد والے کی پیشانی پر سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے ۳ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھیں۔ (مجربات صحیح)

بسم اللہ شریف سے روم کے بادشاہ کو درد سر سے شفا ہوئی:

روایت ہے کہ روم کے بادشاہ نے جو نصرانی تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ مجھے ہر وقت سر میں ایسا درد رہتا ہے کہ کسی وقت بھی سکون ہی نہیں ملتا اور نہ کسی دوا سے مجھے فائدہ ہوتا ہے لہٰذا آپ مجھے کوئی دوا روانہ فرما دیجئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک ٹوپی روم کے بادشاہ کے پاس روانہ فرما دی۔ جب جب وہ بادشاہ اس ٹوپی کو سر پر رکھتا سر کا درد ٹھہر جاتا، اور جب وہ ٹوپی سر سے اتار لیتا پھر درد ہونے لگتا۔ بادشاہ کو بڑا ہی تعجب ہوا۔ ٹوپی کو جو ادھیڑ کر دیکھا تو اس میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھی ہوئی تھی اس کو دیکھا کہ کیا اچھا دین ہے جس کی ایک آیت سے مجھ کو شفا و نجات ملی۔ (مجربات اکابر)

زیارت اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف:

اگر کوئی طالب صادق اور عاشق صادق اس درود شریف کو سوتے وقت باوضو ۲۰۰ دو سو مرتبہ پڑھنے کا اپنا عمل بنالے تو انشاء اللہ الرحمٰن بہت جلدی زیارتِ رسول کریم ﷺ سے فیض یاب ہو: اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ بِرُؤْیَۃِ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لئے:

حضرت ابو حفص ابن شاہین رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے (روزانہ) تو جب تک وہ اپنی جگہ جنت میں نہیں دیکھ لے گا موت نہ آئے گی۔

فائدہ: اسی طرح انشاء اللہ تعالیٰ موت سے پہلے پہلے آپ ﷺ کی زیارت اقدس سے بھی مشرف ہوگا۔ (حدیث نبوی)

اسی سے متعلق ایک اور مستند عمل:

اگر کوئی شخص محبت وشوق کے ساتھ سورت قدر جمعہ کے دن ہزار مرتبہ پڑھنا اپنی عادت بنالے تو وہ انسان مرنے سے پہلے پہلے جناب رسول اللہ ﷺ کی زیارت سے بہرہ ور ہوگا۔ اسی طریقہ سے اگر کوئی شخص ۲۰۰ مرتبہ درود شریف رات کو سونے سے پہلے اپنے اوپر لازم کرلے تو اس کو بھی آپ ﷺ کی زیارت سے سرفرازی نصیب ہوگی۔ بفضل اللہ تعالیٰ۔

اس میں اسم اعظم ہے:

رسول اللہ ﷺ کی صحابی حضرت ابودرداءؓ کی لونڈی نے آپ سے معلوم کیا کہ آپ کونسی نسل سے ہیں آپ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ تیری طرح سے میں بھی ایک انسان ہوں لونڈی نے کہا آپ انسان معلوم نہیں ہوتے ہیں کیوں کہ میں نے آپ کو چالیس دن تک مسلسل زہر کھلایا ہے، مگر آپ جوں کے توں ہی ہیں کہ آپ کی صحت پر بھی کوئی اثر تک نہیں ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ کیا تجھ کو معلوم نہیں کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں ان کو کوئی چیز نقصان نہیں دیتی اور میں تو اسم اعظم کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہوں۔ لونڈی نے معلوم کیا کہ وہ اسم اعظم کیا ہے۔ حضرت ابودرداءؓ نے فرمایا کہ اسم اعظم یہ ہے "بسم اللہ الذی لایضر مع اسمہ شئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم"۔ اس کے بعد لونڈی سے آپؓ نے دریافت کیا کہ تو نے کس وجہ سے مجھے زہر کھلایا۔ لونڈی نے جواب دیا مجھے آپ سے بغض وحسد تھا۔ یہ جواب سن کر ان صحابی رسول ﷺ نے اس لونڈی سے فرمایا کہ تو اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لئے آزاد ہے اور تو نے جو کچھ میرے ساتھ کیا ہے وہ بھی سب معاف ہے۔

فائدہ: حدیث شریف میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نام یعنی اسم اعظم کے ساتھ جو

بھی دعا کیجئے تو اللہ تعالیٰ اس کو پورا فرما دیتے ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص بھی اس دعا کو (اسم اعظم جو اوپر بیان کیا ہے) صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کو مکروہ اور اچانک آنے والی بلاؤں اور مصیبتوں سے محفوظ رکھیں گے۔

حضرت ابان بن عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد صاحب کو فرماتے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو بندہ صبح و شام ۳۔۳ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔ پڑھ لے گا تو اس کو کوئی چیز تکلیف نہیں دیتی۔ ترجمہ یہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے مبارک نام کے ساتھ ہم نے صبح کی کہ جس مبارک نام کے ساتھ آسمان یا زمین میں کوئی چیز نقصان نہیں دے سکتی اور وہ سننے والا ہے اور جاننے والا ہے۔

اسم اعظم:

میرے ایک مخلص نیک سیرت دوست بیان کرتے ہیں کہ اس میں اسم اعظم ہے اور بیان کرتے ہیں کہ میرا تجربہ بھی ہے کہ میری حاجتوں میں اس سے فائدہ ہوا وہ یہ ہے
یَا اَللّٰهُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اِلٰهَنَا وَاِلٰهَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمُیَسِّرُ لِکُلِّ عَسِیْرٍ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

ترجمہ: اے اللہ اے ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہنے والی ذات اے سب کو قائم سنبھالنے والی ذات اے عظمت و جلال اور احسان و اکرام کے مالک اے ہمارے معبود اور ہر چیز کے معبود ایسے معبود جو کہ تن تنہا ہے آپ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ آپ ہی ہر دشواری کو آسان فرمانے والے ہیں اور آپ ہر چیز پر قدرت رکھنے والے ہیں۔ اے حی و قیوم ذات تمام رحم فرمانے والوں میں سب سے زیادہ رحم فرمانے والے تیری

رحمت کا آسرا اور مدد کی ضرورت ہے۔

دین ودنیا کی بھلائی کے لئے انمول اور قیمتی خزانے:

اگر کوئی شخص نہایت پریشان ہو یا فقر وفاقہ کی نوبت آئی ہو یا کسی اور طریقہ سے پریشان ہو تو یہ عمل کرے انشاء اللہ الرحمٰن بہت جلد اس کی تمام پریشانیاں ختم ہو جائیں گی اول وآخر۔ امرتبہ درود شریف اور درمیان میں ۵۰۰ پانچ سومرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قوۃ الا باللہ معنی کا دھیان کرتے ہوئے پڑھیں کہ نہ کوئی نفع دینے والی طاقت ہے اور نہ کوئی نقصان دینے والی قوت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر دل کو حاضر کر کے متعین وقت پر روزانہ بلاناغہ چالیس دن پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمان کے خلاف اللہ تعالیٰ کی مدد ہوگی۔

(فرمودات استاذ وصیح)

ننانوے بیماریوں کی دوا:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ لَا حول ولا قوۃ الا باللہ ایک کم سو (۹۹) بلاؤں اور مصیبتوں کا علاج اور دوا ہے۔ جن میں سب سے چھوٹی بلا رنج وغم کا دور ہونا ہے۔

لاحول ولاقوۃ الاباللہ کے فضائل:

حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تم کو جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے کا پتہ نہ دوں۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا وہ کون سا دروازہ ہے؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور ایک حدیث میں ہے کہ میں تم کو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ کا پتہ نہ بتاؤں! حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ ننانوے (۹۹) مرضوں کی دوا ہے جس میں سب سے چھوٹا مرض رنج وغم ہے! زید بن ثابتؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں تم کو جنت کے خزانوں میں

سے ایک خمانہ نہ بتاؤں تم کثرت کے ساتھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ پڑھتے رہا کرو۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ لَا حَوْلَ وَلَا قوّۃ اِلَّا باللّٰہ کثرت کے ساتھ پڑھو کیوں کہ وہ جنت کا خزانہ ہے! حضرت مکحولؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا باللہ ولا منجیٰ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ پڑھے گا (کثرت کے ساتھ) تو اللہ تعالیٰ اسے ستر (۷۰) پریشانیاں اور مصیبتیں دور فرمادیں گے کہ اُن ستر میں سب سے چھوٹی مصیبت فقر و فاقہ ہے۔ (مشکوٰۃ شریف)

دنیا و آخرت کے غموں سے نجات:

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت عوف بن مالک اشجعیؓ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میرے لڑکے سالم کو دشمن مشرکین نے قید کرلیا ہے اس کی ماں شدید پریشان ہے مجھے کیا کرنا چاہئے اور اسی کے ساتھ اپنی محتاجگی اور ناداری کی شکایت کی، تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں تجھ کو اور تمہارے لڑکے کو حکم دیتا ہوں کہ تم کثرت کے ساتھ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا باللہ العلی العظیم پڑھا کرو۔ ان دونوں ماں باپ نے حکم کو اپنایا کہ کثرت کے ساتھ یہ کلمہ پڑھنے لگے۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ جن دشمنوں نے لڑکے حضرت سالم کو قید کر رکھا تھا وہ کسی دن ذرا غافل ہوئے حضرت سالمؓ نے موقع پا کر قید سے نکل آئے اور چلتے ہوئے چار ہزار بکریاں بھی دشمنوں کی اپنے ساتھ لے آئے حضرت عوفؓ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر دریافت کیا کہ کیا یہ بکریاں ان کیلئے حلال ہیں حضور پاک ﷺ نے حلال ہونے کی اجازت دی۔ (تفسیر قرآن)

اس عمل کی برکت کا عجیب واقعہ:

حضرت ابو الخیر اسحاق عراوی بیان کرتے ہیں کہ جب فارس کے شہر کرخ جگہ مقام کے پاس فارسی سپاہ کا جنرل اذ دمہر اسی ہاتھیوں کی فوج لے کر جہاد میں مسلمانوں

کے مقابلہ میں آیا تو ان جنگی ہاتھیوں کی کثرت کو دیکھ کر مسلمانوں کے گھوڑے اور ان کے جانوروں اور تمام مسلمانوں کے دستے واپس چلے جانے کے قریب ہو گئے۔ اس جہاد میں مسلمانوں کے امیر لشکر حضرت محمد بن قاسم بہت پریشانی میں پڑ گئے طرح طرح کی تدبیریں اختیار کیں مگر کوئی تدبیر مفید نہ ہوئی۔ آخر کار مجبور ہو کر اونچی آواز سے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھنا شروع کیا۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لشکر کے لئے اس کو ایک مضبوط حفاظت کا ذریعہ بنا دیا کہ کافروں دشمنوں کے ہاتھی جو مسلمانوں پر چڑھ رہے تھے فوراً رک گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو شدید پیاس اور گرمی میں مبتلا فرما دیا کہ اس پیاس و گرمی سے پریشان ہو کر بجائے مسلمانوں کے پانی کی طرف بھاگنے لگے۔ ہاتھی چلانے والوں نے پانی کی طرف جانے سے ہر طرح روکنے کی تدبیریں کیں مگر وہ ہاتھی ان کے قبضہ سے باہر تھے۔ (فی الاثار)

قریب زمانے میں اس عمل کی برکت کا واقعہ:

ایک مرتبہ کانپور میں حکومت کی بے جا ظلم و ستم سے تنگ آ کر وہاں کے مسلمان بے چین و بے قرار ہو کر جلسہ و جلوس اور میٹنگیں کر رہے تھے۔ اپنی اپنی رائے لوگ دے رہے تھے۔ ایک بزرگ وہاں موجود تھے جو کہ اس وقت مجدد ملت کے درجہ پر فائز تھے۔ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ میری رائے تو یہ ہے کہ تم لوگ یہ جلسہ و جلوس کے جھگڑوں میں نہ پڑو بلکہ حکومت کے ظلم و ستم کی اب دوسری تدبیر اختیار کرو کہ توبہ و استغفار کرو اور ہر دن پانچ سو مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھنا اپنے اوپر لازم کر لو انشاء اللہ چند روز میں یہ تمام ظلم و ستم کا بازار ٹھنڈا ہو جائے گا، مسلمانوں نے ان بزرگ کی رائے کو پسند کیا اور لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھنا شروع کر دیا حقیقتاً چند روز میں ہی تمام حکومت کی زیادتیاں مٹ گئیں اور مسلمانوں نے ٹھنڈی سانس لی۔ اور اللہ پاک کا

فضل شامل حال ہوا۔

اس عمل کو کتنی مرتبہ پڑھنا چاہیے:

مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ دینی و دنیاوی ہر طرح کی پریشانیوں سے بچنے کے لئے اور اپنی حاجتوں کو پورا کرنے کے لئے لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللہ والا عمل بہت مجرب اور مفید عمل ہے وہ یہ ہے کہ روزانہ پانچ سو مرتبہ (۵۰۰) مرتبہ لَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا باللہ اور اول و آخر ۱۰۰۔۱۰۰ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی حاجتوں کے لئے دعا کریں۔

وہ مسافر جس کے پاس کچھ نہ ہو وہ کیا کرے:

اگر کوئی شخص مسافر بے سامان ہو پاس پلے کچھ نہ ہو تو وہ کسی درخت کے نیچے یعنی درخت کے سایہ میں ننگے سر بیٹھ کر ۳۱۲ مرتبہ رَبِّ اِنِّیْ لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْر۔ پڑھے اور اللہ سے دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد غیبی مدد حاصل ہوگی۔ ورنہ پھر دوبارہ ایسا ہی کرے بس تین مرتبہ سے زیادہ ضرورت پیش نہ آئے گی۔ انشاء اللہ مقصد حل ہو جائے گا۔

جو شخص تنگدست ہو اس کے لئے آسان وظیفہ:

جو شخص اپنی تنگدستی اور غریبی میں بے چین ہو وہ روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ اشراق کی نماز کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ وَھُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کریں۔ مجربات میں سے ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ اٹھائیں گے۔ مطلب یہ ہے کہ جو بھی اپنی کمائی و کاروبار کا ذریعہ لے کر کھڑے ہوں گے تو انشاء اللہ الغنی گمان کے خلاف اللہ تعالیٰ کی نصرت و مدد حاصل ہوگی اور عظیم برکت پائیں گے۔

جملہ قسم کی پریشانیوں سے خاص کر تنگدستی کے لئے مجرب عمل:

ایسا شخص جو پریشانیوں کے پہاڑوں میں دبا ہوا ہو اس کے لئے ہے کہ چار سو پچاس (۴۵۰) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ. چالیس دن پڑھیں اور اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف ملالیں تمام بزرگوں نے اس عمل کو اپنی ہر پریشانی میں استعمال فرمایا ہے اور اس کے ذریعہ اپنے مقصد حل کئے ہیں بلکہ بعض بزرگوں نے تو اس عمل کو اپنے مریدوں کے لئے وظیفہ طے فرمادیا ہے اور ان بزرگوں کا فرمان ہے کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے متعلقین کو دین کے ساتھ دنیا کی فلاح و کامیابی بھی ملے۔

ایک شاندار عمل:

ہر نماز کے بعد ۱۰۰ (سو) مرتبہ یہ آیت قرآنی پڑھیں وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرِجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبْ. انشاء اللہ الغنی رزق میں خوب برکت پائیں گے اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف شامل کرلیں۔ یہ عمل مجرب بھی ہے اور مستند بھی ہے۔

دوسرا شاندار عمل:

جن لوگوں پر رزق تنگ ہوگیا ہو ان کو چاہئے کہ گیارہ سو گیارہ مرتبہ (۱۱۱۱) یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبْ بِالرِّزْقِ یا بدیع، ۱۱ دن مسلسل پڑھیں اول و آخر درود شریف شامل کرلیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن میں ہی اس عمل کا اثر نظر آجانے لگے گا مگر یاد رہے کہ یہ عمل ایک ہی جگہ پر بیٹھ کر عشاء کی نماز کے بعد یا فجر کی نماز کے بعد پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد حالت میں سدھار ہوجائے گا۔ مجربات میں سے ہے مجرب عمل ہے۔

خیر و برکت کے لئے مستند عمل:

ایک صحابیؓ نے حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے فقر و فاقہ

کی شکایت پیش کی تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم اپنے گھر میں داخل ہوا کروتو سلام کر کے داخل ہوا کرو چاہے گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو پھر درود شریف پڑھ لیا کرو پھر قل هو الله احد سورۃ پڑھ لیا کرو ان صحابیؓ نے اس پر عمل شروع کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو اتنا مالا مال فرما دیا کہ ان صحابیؓ نے اپنے بال بچوں ہی کو نہیں بلکہ پڑوسیوں اور رشتہ داروں کی بھی خبر گیری کی!

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبیر بن مطعمؓ کو بتایا کہ سفر میں ان پانچ سورتوں کو پڑھیں (۱) سورۃ کافرون (۲) سورۃ اذا جاء (۳) سورۃ قل ہو اللہ (۴) سورۃ فلق (۵) سورۃ ناس۔ ہر سورۃ کے اول بسم الله الرحمن الرحيم پڑھیں اور سورۃ ناس کے آخر میں بھی بسم اللہ پڑھیں اس طور پر بسم اللہ چھ دفعہ پڑھی جائے گی۔ حضرت جبیر بن مطعمؓ فرماتے ہیں کہ جب کبھی میں سفر میں جاتا تھا مالدار ہونے کے باوجود بھی راستہ کا خرچ ساتھ میں چلنے والے ساتھیوں سے کم رہ جاتا تھا اور میرا حال بُرا ہو جاتا تھا۔ لیکن جب میں نے یہ سورتیں پڑھنا شروع کیں تو سفر سے گھر واپس ہونے تک اپنے تمام دوستوں سے اچھی حالت میں رکھتا ہوں اور راستہ کا خرچ و مال بھی ان سب سے زیادہ میرے پاس رہتا ہے۔ میرے شیخ پیر و مرشد مدظلہ العالی نے ارشاد فرمایا کہ ہر اچھے عمل کے شروع میں درود شریف پڑھ لینا چاہئے اور فرمایا کہ اس عمل کے شروع میں بھی ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف شامل کر لیں تو اچھا ہے۔

ہمیشہ مال کی برکت کے لئے:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ میرے مال میں برکت و زیادتی ہوتی رہے تو اس کو چاہئے کہ اس درود شریف کو (کثرت) سے پڑھا کرے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ. انشاءاللہ تعالیٰ اس کے .ن میں ہمیشہ برکت رہے گی۔ نقص واقع نہ ہوگا۔

دین ودنیامیں عافیت کے لئے:

جو شخص یہ چاہے کہ مجھے دین ودنیا میں بے ہودگی اور ہر معاملہ میں آسانی ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد ۲۵ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھا کرے اور نماز کے بعد تسبیح فاطمہ کا پڑھنا دین ودنیا کے امور کی کشادگی میں مدد حاصل ہوتی ہے۔

(مجربات ابرار)

فقروفاقہ کی عجیب دعا:

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور اس نے کہا اے اللہ کے رسول دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیر لی ہے۔ دنیا نے مجھے چھوڑ دیا ہے یعنی میں مال کی حاجت کی وجہ سے بہت پریشان ہوں کہ فقروفاقہ میں مبتلا ہوں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ آپ فرشتوں کی دعا کی جس کی وجہ سے مخلوق کو رزق دیا جاتا ہے کیوں نہیں اختیار کرتے ہو۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا طلوع فجر (فجر کا وقت شروع ہونا) سے لے کر سورج نکلنے سے پہلے تک اس دعا کی ایک تسبیح سو مرتبہ پڑھو اور یہ پانچ کلمے ہیں۔ ہر کلمہ پڑھنے سے ایک فرشتہ پیدا ہوتا ہے۔ جو تیرے واسطے دعا واستغفار کرے گا اور دنیا تیرے پاس ذلیل وپست ہو کر آئے گی۔ وہ پانچ کلمے یہ ہیں۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ. پھر وہ شخص چلا گیا کچھ زمانے کے بعد آیا اور آکر کہنے لگا یا اللہ کے رسول ﷺ میرے پاس دنیا اس قدر زیادہ آئی ہے کہ میں نہیں جانتا اس کو کہاں رکھوں۔ (روایت نبوی ﷺ)

طریقہ عمل:

یہ دعا فجر کے سنتوں اور فرضوں کے درمیان پڑھنی چاہئے۔ بزرگوں کا عمل اسی طریقہ پر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اگر توفیق دیں تو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا باللہ کی ایک تسبیح بھی ساتھ میں پڑھ لینی چاہئے۔ انشاء اللہ الرازق رزق میں برکت ہوگی اور یہ تسبیح گناہوں کی معافی کا ذریعہ بھی ہوگی ایک تسبیح روزانہ پڑھ لینے سے سو فرشتے پیدا ہوتے رہیں گے جو کہ اس کے لئے توبہ و استغفار کرتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔

جو شخص کاروبار روزگار کی وجہ سے پریشان ہو اس کیلئے سورت یٰسین کا عمل:

اگر کوئی شخص کاروبار کی طرف سے سچا محتاج ہو اور کوئی صورت روزگار کی اس کو حاصل نہ ہو تو اس کو چاہئے کہ یہ سورت یٰسین کا عمل کرے انشاء اللہ اللطیف ضرور مدد ملے گی اور یہ سورت یٰسین کا عمل ہر بے چینی کے وقت اختیار کرنا چاہئے۔ بزرگوں کے تجربات میں سے عجیب مجرب عمل ہے۔ وہ یہ ہے کہ پہلے ۱۱ مرتبہ درود شریف پھر سات مرتبہ سبحان اللہ اور سات مرتبہ استغفرُ اللّٰه پھر اَعُوْذُ باللہ بسم اللہ پڑھ کر سورۃ یٰسین کو شروع کرے۔ جب پہلی مبین پر پہنچے تو لفظ مبین کو سات مرتبہ پڑھے۔ مُبِیْنٌ مُبِیْنٌ مُبِیْنٌ مُبِیْنٌ مُبِیْنٌ مُبِیْنٌ مُبِیْنٌ پھر بسم اللہ پڑھ کر شروع سورۃ سے پڑھے جب سورۃ یٰسین میں دوسری مُبِیْنٌ آوے پھر لفظ مُبِیْنٌ کو سات مرتبہ پہلے کی طرح کہہ۔ پھر بسم اللہ پڑھ کر شروع سورۃ سے پڑھے پھر جب چوتھی مُبِیْنٌ آوے تو سات مرتبہ مُبِیْنٌ کہہ کر بسم اللہ پڑھ کر شروع سے سورۃ سے پڑھے پہلی ہی کی طرح سے اسی طرح پوری سورۃ میں سات مُبِیْنٌ آویں گے اسی طرح مکمل سورت پڑھے پھر سورت ختم کر کے سات مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰه سات مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰه اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر

اپنی تمام حاجتوں کے لئے دعا کرے جس کو تو چاہئے اور اس عمل کو چالیس دن کرے ناغہ کسی دن بھی نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کہیں نہ کہیں ترقی روزگار کی صورت ہوگی۔ (مجربات یعقوب)

فقروفاقہ کا مجرب عمل:

روزانہ مغرب کی نماز کے بعد یا عشاء کی نماز کے بعد سورۂ مزمل گیارہ مرتبہ اول و آخر درود گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں گے اور جب مزمل پڑھتے پڑھتے فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا پر پہنچا کریں تو ۲۵ پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ پڑھیں۔ یہ عمل پابندی کے ساتھ چالیس دن کریں۔ نوچندی جمعرات سے شروع رکنا افضل ہے۔ نوچندی جمعرات کا مطلب پیچھے آچکا ہے۔ یعنی نیا چاند نظر آنے ے بعد سب سے پہلی جمعرات کو نوچندی جمعرات کہتے ہیں۔

رزق کی کشادگی کے لئے مجرب عمل:

جو شخص رزق کی تنگی میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد چودہ سو چودہ مرتبہ یا وہاب اور اس کے بعد سو مرتبہ یہ دعا پڑھے يَا وَهَّابُ هَبْلِي مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ اور فجر کی نماز کے بعد سورۃ اِذَا جَاءَ (۲۱) اکیس مرتبہ ظہر کی نماز کے بعد سورۃ اِذَا جَاءَ ۲۲ مرتبہ عصر کی نماز کے بعد ۲۲ مرتبہ مغرب کی نماز کے بعد ۲۴ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد ۲۵ مرتبہ یہی سورۃ پڑھے اول و آخر سورۃ درود شریف اتنی ہی مرتبہ پڑھے جتنی مرتبہ سورۃ پڑھے۔ انشاء اللہ الفتاح رزق کی کشادگی بہت جلدی حاصل ہوگی۔ یہ عمل بزرگوں کے مجربات میں سے ہے۔

رزق و مال وغیرہ کی برکت کا عجیب و غریب تعویذ:

یہ تعویذ استاذ محترم مدظلہ العالی نے مخصوص طریقہ پر رزق کی برکت اور مال کی

کشادگی اور ہر قسم کی سہولت و آسانی کا مجھے میری ذات ہی کے لئے تحفہ میں بھیجا تھا کہ اس تعویذ کو موم جامہ کر کے بازو پر یا گلے میں ڈال لیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۶۱۵۶	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۱
۲۶۱۶۷۶	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۶
۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۷۳	۲۶۱۵۷۹
۲۶۱۵۷۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۳

میں یہ تعویذ صرف اور صرف اس کتاب والے کے لئے ہدیہ کرتا ہوں اور عرض ہے صاحب کتاب یہ تعویذ کسی کو ہرگز نہ دیں۔ صرف صاحب کتاب خود استعمال فرما سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ اس تعویذ کو تعویذ کے اصولوں یعنی جمعرات کے دن عددوں کو ترتیب سے بھر کر موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر یا گلے میں ڈال لیں اور اس کے ساتھ ساتھ صبح کو سورۃ یٰسین اور شام کو مغرب کی نماز کے بعد سورۃ واقعہ پابندی کے ساتھ پڑھا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس تعویذ کی عجیب و غریب تاثیر دیکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہی اپنے فضل سے نوازتے ہیں۔ (مجربات قمریہ)

رزق کی اور مال کی برکت کے لئے مجرب عمل:

بے سہارا اور بے یارومددگار لوگ اس عمل سے ضرور نفع حاصل کریں۔ اس عمل کے اختیار کرنے والے کے پاس تنگ دستی نہیں رہ سکتی۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ عمل یہ ہے کہ بارہ رکعت چاشت کی نماز پڑھ کر ۵۰۰ مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ العلی العظیم پڑھا کریں اول و آخر ۱۰۰۔ ۱۰۰ مرتبہ درود شریف ملا لیا کریں اور اپنے مقصد کے لئے دعا کریں۔ مجربات میں سے ہے کہ یہ عمل کبھی بھی خطا نہیں کرتا اللہ تعالیٰ ہی کی توفیق سے اس عمل کا فیض (فائدہ) مل کر ہی رہتا ہے۔ پابندی کے ساتھ اختیار فرمائیں۔

استغفار کرنے والے سے تنگدستی مٹنے کا وعدہ کیا گیا ہے:

قرآن کریم میں استغفار کے چھ فائدے اللہ تعالیٰ نے بیان فرمائے ہیں۔ سیدنا حضرت نوح علیہ السلام کی زبانی (۱) گناہوں کا معاف ہونا (۲) آسمان سے بارش کا ہونا (۳) غربت تنگدستی ختم ہو کر مالی مدد ملنا (۴) بے اولاد والے کا اولاد والا ہونا (۵) باغات حاصل ہونا (۶) باغات کے لئے پانی نہروں کا جاری ہونا۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو کوئی اپنے اوپر استغفار پڑھنا ضروری کر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی میں کشادگی پیدا فرما دیتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ استغفار کرنے والے کو اللہ تعالیٰ ایسی جگہ سے رزق عنایت فرماتے ہیں کہ اس کو وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

(پ ۲۹، سورۃ نوح، رکوع ۱)

استغفار قبول ہونے کی تین شرطیں ہیں:

توبہ استغفار کے قبول ہونے کی تین شرطیں آئی ہیں اول اپنے کئے ہوئے گناہوں پر نادم و شرمندہ ہونا دوسرے آئندہ کے لئے مضبوط عہد اور وعدہ ہو کہ پھر گناہ نہ کروں گا تیسرے جس وقت توبہ استغفار کرے اس وقت بھی گناہ کو چھوڑ دے۔ (کتب تفسیر)

استغفار کس وقت پڑھنا چاہئے:

ہم جیسے گنہگاروں کو تو ہر وقت ہی استغفار کرنا چاہئے۔ خاص طور پر صبح کے وقت استغفار کرنا زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے صحابۂ کرام کے بارے میں فرمایا ہے۔ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ کہ یہ رسول اللہ کے ساتھی صبح کے وقت استغفار کرتے ہیں۔ (تفسیر قرآن)

رسول اللہ ﷺ کتنی مرتبہ استغفار کرتے تھے:

حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں روزانہ ستر (۷۰)

مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ بعض حدیث میں آیا ہے کہ ۱۰۰۔۱۰۰ سو سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں اس میں مسلمانوں کو اپنے معصوم نبی کے فرمان پر غور کرنا چاہئے کہ وہ نبی جو معصوم ہے اور معصوموں کی جماعت یعنی نبیوں اور رسولوں کے سردار ہیں ہر طرح کے گناہ سے پاک و صاف ہیں وہ معصوم نبی روزانہ سو مرتبہ استغفار کرتے ہیں تو ہم جیسے گنہگاروں کو تو زیادہ استغفار کرنا چاہئے گویا کہ معصوم نبی نے اپنے روزانہ ۱۰۰ مرتبہ استغفار کو بیان فرما کر ظاہر کیا کہ تمہارا استغفار میرے استغفار سے کم نہ ہونا چاہئے۔

استغفار کی ایک بڑی عجیب و غریب تاثیر:

علماء کرام نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر کافر غیر مسلم بھی استغفار پڑھنے والے ہوں تو وہ بھی دنیا میں قہر الٰہی و عذاب الٰہی سے محفوظ رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ. کہ اللہ تعالیٰ ان کافروں کو بھی عذاب میں گرفتار نہیں فرمائیں گے جب کہ ان کے درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس ہوگی اور اللہ تعالیٰ اُن کافروں کو بھی عذاب نہیں دیں گے۔ جب کہ وہ کافر استغفار کرنے والے ہوں گے۔ (تفسیر قرآن مجید)

سید الاستغفار یعنی سب سے اعلیٰ استغفار:

استغفار کے مختلف الفاظ ہیں، استغفار چاہے اردو وغیرہ میں ہو جیسے توبہ کہتے ہیں یا استغفار عربی زبان میں ہو کہ اس میں بھی مختلف الفاظ ہیں جس میں توبہ اور معافی کا مضمون ہو چھوٹا استغفار جیسے استغفر الله. اے اللہ میں اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں۔ یا بڑا استغفار ہو جسے آپ نماز کی کتابوں میں دیکھیں گے، اور ایک استغفار ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سید الاستغفار یعنی سب سے اعلیٰ استغفار یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یوں کہے۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا

عَبْدِكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتَ وَاَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْلِيْ فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ!

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس بندے نے اخلاص اور دل کے یقین کے ساتھ دن میں کسی وقت اللہ تعالیٰ کے دربار میں استغفار پڑھے اور اسی دن رات سے پہلے پہلے اس کو موت آ گئی تو بے شک وہ جنت میں جائے گا۔ اسی طرح اگر کسی نے رات کو کسی وقت اسی استغفار کو پڑھا اور صبح ہونے سے پہلے پہلے موت آ گئی تو وہ بے شک جنت میں جائے گا۔ (یہ حدیث حضرت شداد بن اوسؓ سے روایت ہے)

خیر و برکت اور رزق کی ترقی کے لئے:

اگر کوئی شخص خیر و برکت و رزق میں وسعت و کشادگی چاہتا ہو تو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ یہ پڑھا کرے۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ الْخَبِيْرُ. پھر اس کے بعد یہ پڑھے: اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ. (تفسیر قرآن المجید)

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میرے رزق میں برکت بارش کی طرح ہو:

اگر کوئی شخص خیر و برکت اور رزق میں وسعت کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ شام کو مغرب کی نماز کے بعد سورت واقعہ ایک مرتبہ اور فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سورۃ یٰسین پڑھا لیا کرے اور ایک تسبیح ان کلمات کی بھی پڑھے۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ وَهُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ. ان شاء اللہ تعالیٰ خوب کثیر رزق میں فراوانی ہوگی اور بارش کی طرح برکت ہوگی اگر اس کے ساتھ ایک تسبیح استغفار کی اور ملا لیں صبح کے وقت تو نور علیٰ نور ہوگا اور رنج و غم سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

(مجربات دیری)

سورۃ یٰسین کی فضیلت:

روایت میں ہے کہ سورۃ یٰسین شریف کی بیس برکتیں ہیں جو کوئی بھوکا اس سورۃ کو پڑھے گا وہ سیر اور آسودہ ہو جائے گا اور جو پیاسا پڑھے گا اس کو لباس نصیب ہوگا اور جو عورت شوہر والی پڑھے گی اس کو شوہر اور جو مرد بے بیوی والا پڑھے گا اس کو جوڑا نصیب ہوگا اور جو بے امن آدمی اس کو پڑھے گا امن والا ہو جائے گا اور جو بیمار پڑھے گا وہ شفا پانے والا ہو جائے گا اور جو سفر کی حالت میں پڑھے گا تو سفر میں اس کی مدد کی جائے گی اور جو رنج وغم کی حالت میں پڑھے گا۔ اس کا رنج وغم مٹ جائے گا اور جس کی کوئی چیز گم ہوگئی ہوگی اور وہ اس سورت کی تلاوت کرے گا تو اس کو وہ چیز یا اس کا نعم البدل مل جائے گا اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ سورۃ یٰسین قرآن کریم کا دل ہے جو شخص بھی اس کو اللہ کے لئے پڑھے گا اس کی ضرور مغفرت کردی جائے گی اور اس سورۃ کو روح نکلتے وقت پڑھا کرو۔ (مجربات دیربی)

سورۃ واقعہ سورۃ غنی بھی ہے سورۃ واقعہ کی تفصیلی فضیلت:

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیمار ہوئے تو حضرت عثمان غنیؓ ان کی بیماری کی عیادت کے لئے ان کے پاس تشریف لائے حضرت عثمان غنیؓ نے طبیعت اور حال معلوم کرنے کے بعد دریافت فرمایا کہ میں آپ کو کچھ مال خزانہ (بیت المال) سے دیدوں۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔ حضرت عثمان غنیؓ نے فرمایا کہ اگر آپ کو ضرورت نہیں ہے تو وہ مال آپ کی اولاد کے کام میں آئے گا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے جواب دیا کہ میری گیارہ لڑکیاں ہیں اور میں نے اپنی ہر لڑکی کو سورۃ واقعہ پڑھنے کی نصیحت کردی ہے۔ کیوں کہ میں نے جناب محمد رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص سورۃ واقعہ رات کو پڑھے گا تو اس کے قریب کبھی بھی فاقہ نہیں

آ ئے گا۔ لہٰذا میری تمام لڑکیاں سورۃ واقعہ تلاوت کرتی ہیں۔ بعض روایت میں آیا ہے کہ سورۃ واقعہ سورِ غنی ہے۔ لہٰذا مفلسی کو دور کرنے کے لئے سورۃ واقعہ اکسیر ہے۔ تمام ہی بزرگانِ سلف وخلف واکابرین رحمہم اللہ نے اس سورۃ کو اپنی زندگی کا وظیفہ بنایا ہے، اور بتایا ہے کہ یہ حقیقت ہے کہ اس سورۃ کا پڑھنے والا کبھی بھی فاقہ سے نہیں مر سکتا اس سورت کی تلاوت اختیار کرنے والے کو رزق دینے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ لہٰذا اس سورۃ کو رات کو پڑھنا چاہئے۔ رزق کے مسئلہ میں مجرب و مستند ہے۔

ایک لطیفہ: سوال یہ ہے کہ اس سورۃ واقعہ کو رات میں کب پڑھے۔ مغرب کے بعد یا عشاء کے بعد کیوں کہ کچھ لوگوں کا عمل مغرب کے بعد پڑھنے کا ہے اور کچھ کا عمل عشاء کے بعد سونے سے پہلے پڑھنے کا ہے اور پڑھتے ہیں۔ ایک مرتبہ طلباء و علماء میں ذکر ہو رہا تھا کہ اس سورۃ واقعہ کو مغرب کے بعد پڑھے یا عشاء کے بعد سونے سے پہلے پڑھے۔ کچھ علماء نے فرمایا کہ عشاء کے بعد پڑھے سونے سے پہلے کچھ اس کے برعکس بھی فرما رہے تھے۔ بندہ ذلیل بھی اس مجلس میں موجود تھا۔ بندہ ذلیل نے کہا کہ اس سورۃ کو مغرب کی نماز کے بعد ہی پڑھنا چاہئے۔ پوچھا کیوں؟ میں نے جواب دیا کہ اگر مغرب کے بعد پڑھ لو گے تو عشاء تک یا سونے سے پہلے پہلے تک کھانا آجائے گا اور اگر عشاء کے بعد سوتے وقت پڑھو گے تو پھر کھانا کس وقت آوے گا سب کے سب اس بات پر خوش ہو گئے اور کہنے لگے کہ واقعی ہاں اس سورۃ کو مغرب کی نماز کے بعد ہی پڑھنا چاہئے۔ اس عمل یعنی سورۃ واقعہ کی تلاوت کرنے پر مسلمانوں مردوں اور خاص طور پر عورتوں کو متوجہ ہونا چاہئے کہ جب تک اس سورۃ کی تلاوت کرنے والا اللہ کی اس زمین پر اور اس نیلے آسمان کے نیچے رہے گا۔ فاقہ میں مبتلا نہ ہوگا۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے وعدوں پر یقین کامل رکھا جائے اور آپ ﷺ کی اطاعت پر مضبوط ہو جائے۔ روٹیوں کا غم نہ کھائے بلکہ آخرت اور دین کا غم کھائے۔ رزق کے بارے میں تو یوں فرمایا

کہ تمہارا رزق آسمانوں میں ہے اور تمہیں مل کر رہے گا۔ موت نہ آئے گی جب تک اپنے رزق کا نصاب اور کوٹہ پورا نہ کرلو گے۔

اس صورت کو عمل میں لانے کا عمل:

اس سورۃ واقعہ کو اپنے عمل میں لانے کا طریقہ یہ ہے کہ سات دن مسلسل روزے رکھے جائیں یعنی درمیان میں روزہ کا ناغہ نہ ہو اور روزے رکھنا جمعہ کے دن سے شروع کریں اور پھر اس سورۃ کو ہر نماز کے بعد پچیس مرتبہ پڑھیں۔ عشاء تک کوئی دوسرا کام نہ کریں۔ سوائے اس سورۃ کے اور درود شریف و استغفار کے پھر عشاء کی نماز کے بعد اسی سورۃ کو ایک سو پچیس ۱۲۵ مرتبہ تلاوت کریں۔ پھر ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ دعا مانگیں۔ اب آپ اس سورۃ کے عامل بن گئے۔ اب آپ صرف اتنا کریں گے کہ رات میں مغرب کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

اگر رزق کی برکت ختم ہوگئی ہو تو کیا کرے:

اگر کوئی شخص رزق کی تنگی سے پریشان ہو اور وہ اس بات کا طالب ہو کہ اس کے رزق میں کشادگی اور برکت ہو تو اس کو چاہئے کہ صبح فجر کے بعد سورج نکلنے سے قبل سورۃ یٰسین اور شام مغرب کے بعد ۲۵ پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھے۔ انشاء اللہ الرزاق اس عمل سے رزق بارش کی طرح آسانی سے میسر ہوگا۔ (مجربات ابرار)

ایک انوکھا عمل رزق سے متعلق:

اگر کوئی شخص جمعہ کی نماز کے بعد سات مرتبہ الحمد شریف اور سات مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس. ان تینوں سورتوں کو سات سات مرتبہ پڑھے اس کے بعد: اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ یَامُبْدِیُ یَامُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ

ہِــوَاكَ. اس دعا کو بھی سات ہی مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس انسان کو اپنے علاوہ کسی دوسرے کا محتاج نہ بنادیں گے اور اس کے لئے وہاں سے رزق کا حاصل کرنے کا سامان عطا فرمادیں گے اور اس کے لئے وہاں سے رزق کا حاصل کرنے کا سامان فرمادیں گے جہاں سے اس کا گمان ہوگا اور وہاں سے بھی جہاں سے اس کو گمان نہ ہوگا یہ عمل بزرگان دین وعلماء شرح واتقیاء کا مخصوص عمل ہے۔ صرف ہر جمعہ کے دن ہفتہ میں ایک دن کرنے کا ہے۔ (مجربات حامد)

رزق کی برکت کے لئے مجرب مستند عمل:

بزرگوں کے مجربات میں سے یہ ایک مجرب ہے کہ جو شخص صبح کو فجر کی نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ آیت پڑھا کرے۔ وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور بزرگوں کا قول ہے کہ فرمایا کہ رزق کے مسئلہ میں بہت مجرب عمل ہے۔ آیت یہ ہے: اَللّٰـهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ. (پ۲۵)

حضرت آدم علیہ السلام کی دعا:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کرنی چاہی تو انہوں نے سات مرتبہ خانۂ کعبہ کا طواف کیا۔ اس وقت خانۂ کعبہ بنا ہوا نہ تھا بلکہ ایک سرخ ٹیلہ تھا۔ طواف کے بعد آدم علیہ السلام نے دو رکعت نماز پڑھی اور یہ دعا پڑھی: اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّيْ فَاغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُبَاشِرُ قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمُ اَنَّهٗ لَنْ يُصِيْبَنِيْ اِلَّا مَا كَتَبْتَهٗ عَلَيَّ فَارْضِنِيْ بِمَا قَسَمْتَهٗ لِيْ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ. پس اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام پر وحی بھیجی کہ میں نے تم کو معاف کر دیا اور جو بھی تمہاری اولاد میں سے اسی دعا کو پڑھ کر مجھ سے دعا مانگے گا میں اسے بخش دوں گا اور اس کا رنج وغم دور

کردوں گا اور تنگدستی و غریبی کو اس کی دونوں آنکھوں سے نکال دوں گا اور ہر تجارت کرنے والے کو اس سے نفع دوں گا اور دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آئے گی، اگر چہ وہ دنیا کو نہ چاہے۔ (الاحیاء)

رزق کی کشادگی کے لئے عمل:

یہ عمل رزق کی فراخی و کشادگی کے لئے عجیب ہے کہ فجر کی نماز کے بعد مستقل یاوَھَابُ چودہ سو مرتبہ اور اول و آخر ۲۱۔۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھنے کو اپنا وظیفہ بنالے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی نہ اس کے پاس آئے گی اور نہ اس کی اولاد کے پاس آئے گی۔

قرض کے لئے مستند دعا:

جب کوئی مجبوری ولاچاری کی وجہ سے قرض میں مبتلا ہو جائے تو یہ دعا ایک تسبیح ہر نماز کے بعد پڑھے اور یہ دعا حدیث شریف میں آئی ہے: اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ. کچھ بھی نہ تو کم سے کم اس دعا کو ۲۱۔۲۱ مرتبہ ضرور پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرضہ ادا ہونے کا انتظام ہو جائے گا۔ حضرت علیؓ کے پاس ایک غلام آیا اور کہنے لگا میں اپنے آقا و مالک کی رقم ادا کرنے سے عاجز ہو گیا ہوں۔ لہٰذا میری امداد کیجئے حضرت علیؓ نے فرمایا کہ میں تجھے چند کلمات ایسے بتلاتا ہوں جو مجھے رسول اللہ ﷺ نے بتلائے ہیں۔ اگر تیرے اُوپر صبر کے پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس قرض کو ادا فرمادیں گے۔ یہ پڑھا کرو (۱) اَللّٰهُمَّ اكفني بحلالك عن حرامك، 'صبیر' ایک پہاڑ کا نام ہے اور قرض کے لئے یہ دعا خوب ہے۔ ایک تسبیح پڑھ لیا کریں۔ (حدیث شریف)

دُعا تمام عبادتوں کا مغز ہے:

حدیث شریف میں ہے کہ دعا تمام عبادتوں کا لب لباب ہے۔ اَلدُّعَاءُ مَخ

اَلْعِبَادَۃ. دعا مومن کا ہتھیار ہے۔ اَلدُّعَاءُ صَلَاحُ الْمُؤْمِنِ. دعا دین کا ستون ہے۔ الدُّعَاءُ عِمَادُ الدِّیْنِ. دعا آسمان وزمینوں کا نور ہے۔ الدُّعَاء نور السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. یہ دعا مومن کا ہتھیار ہے۔ اس ہتھیار کو تمام مسلمانوں کے گھروں میں رہنا چاہئے اس دعا کے ستون سے تمام مسلمان اپنی کمر مضبوط رکھیں، حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے کہ جب لوگ دعا مانگنا کم کر دیں گے، تو بلائیں نازل ہونگی اور جب بادشاہ ظلم کرنے لگیں گے تو بارش روک لی جائے گی اور جب تم آپس میں خیانت کرنے لگو گے تو مال دولت مشرکوں کو مل جائے گا اور جب لوگ زکوٰۃ دینا ختم کر دیں گے تو مویشی چوپائے جانور مرنے لگیں گے اور جب زنا کی کثرت ہو جائے گی تو زمین میں زلزلے آئیں گے۔ اور جب لوگ جھوٹی گواہی دینے لگیں گے تو طاعون کی بیماریاں پھیلیں گی۔ (اسد الغامہ) (فی شان صحابہ)

قرض کے واسطے وظیفہ:

قرض کے لئے یہ سورت بزرگانِ دین کے عملیات و فرمودات میں سے ہے کہ جب انسان قرض میں مبتلا ہو جائے تو سورۃ لایلاف قریش ہر فرض نماز کے بعد ۷ مرتبہ پڑھ کر قرض کی ادائیگی کے لئے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ قرض کے ادا ہونے کا انتظام فرما دیں گے۔ (مجربات اکابر)

قرضدار و غمگین حضرات مصیبت میں مبتلا وقیدیوں کیلئے نجات کا راستہ:

حضورِ پاک ﷺ ایک دن نماز کے وقت کے علاوہ غیر وقت میں مسجد میں تشریف لائے تو کیا دیکھا کہ مسجد میں ایک صحابی جن کا نام ابو امامہؓ ہے بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے ابو امامہ تجھ کو کیا ہوا کہ میں تم کو مسجد میں نماز کے وقت کے علاوہ بیٹھا ہوا دیکھتا ہوں۔ حضرت ابو امامہ فرمانے لگے یا اللہ کے رسول ﷺ مجھ کو فکریں لگی ہوئی ہیں

اور لوگوں کے بہت سے قرضے میرے ذمہ ہوگئے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا میں تم کو ایسے کلمات نہ بتاؤں کہ اگر تم اس کو پڑھو تو اللہ تعالیٰ تمہاری فکر کو دور کر دے گا اور تمہارے قرض کو ادا کر دیں گے۔ ابوامامہؓ نے عرض کیا کہ ہاں یارسول اللہ ﷺ ایسی دعا بتائیں۔ حضور پاک ﷺ نے فرمایا صبح وشام یہ پڑھا کرو۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعِجزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالْ. حضرت ابوامامہؓ کا بیان ہے کہ میں نے ان کلمات کو پڑھا۔ پس اللہ تعالیٰ نے میری فکریں دور کر دیں اور میرے قرض کو ادا کر دیا۔

فائدہ: اس دعا کو ہر نماز کے بعد اکیس اکیس مرتبہ ضرور پڑھنا چاہیے۔

اسی قرض کے سلسلہ میں نصیحت والا واقعہ:

حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبلؓ سے فرمایا جبکہ جمعہ کے روز ان کو نہیں دیکھا تھا۔ آپ ﷺ نماز پڑھائی۔ یہ معاذ ابن جبل آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا اے معاذ تجھ کو کیا ہوا ہے میں نے تم کو جمعہ میں نہیں دیکھا۔ معاذ ابن جبل بولے یارسول اللہ ﷺ میرے اوپر ایک یہودی کی اُوقیہ چاندی (قرض) تھی پس میں نے آپ ﷺ کی جانب چلا تو اس یہودی نے مجھے آپ کے پاس آنے سے روک دیا اس پر رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا اے معاذ میں تم کو ایسی دعا نہ بتاؤں کہ اگر تمہارے اوپر احد پہاڑ کی برابر قرض ہو تو بھی اس کو اللہ تعالیٰ ادا فرمادیں گے۔ اے معاذ یہ پڑھا کرو: اَللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ

حِسَابٍ. رَحْمٰنُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمُھُمَا تُعْطِیْ مَنْ تَشَاءُ مِنْھُمَا وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَاءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَّحْمَۃٍ مِنْ سِوَاكَ.

ایک حدیث شریف میں ہے کہ وہ حضرت معاذؓ نے کہا کہ میرے ذمہ ایک شخص کا قرضہ تھا پس میں اس کے تقاضہ سے ڈرا اور دو دن گھر میں ٹھہرا رہا میں نہیں نکلا اور میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا اے معاذ تم نے آنے میں کیوں تاخیر کی میں نے عرض کیا۔ میرے ذمہ ایک شخص کا قرض تھا پس میں نے اس سے خوف کھایا یہاں تک کہ میں نے شرم محسوس کی اور اس بات کو ناپسند کیا کہ وہ قرض خواہ راستہ میں مل جائے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا میں تجھے چند کلمات نہ بتاؤں کہ اگر تیرے اوپر پہاڑوں کی برابر قرض ہو تو اس کو بھی اللہ تعالیٰ ادا فرمادیں گے۔ معاذ بان جبل فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ ہاں رسول اللہ ﷺ ایسی دعا ضرور بتایئے آپ ﷺ یہ دعا ضرور بتایئے۔ آپ ﷺ نے گزشتہ والے کلمات بتائے۔ طبرانی نے گزشتہ کلمات کے ساتھ ان الفاظ کو بھی بتایا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ عَنِ الْفَقْرِ وَاَقْضِ عَنِّیَ الدَّیْنَ وَتُوَفِّنِیْ فِیْ عِبَادَتِكَ وَجِھَادًا فِیْ سَبِیْلِكَ.

فائدہ: یہ دعا بھی بہت مجرب ہے اور آزمودہ ہے کہ کم سے کم اس دعا کو ہر نماز کے بعد ۲۱۔۲۱ مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ زیادہ کی کوئی حد نہیں جتنا چاہے زیادہ پڑھیں۔

قرض کے لئے مفید مجرب عمل:

چاشت کی نماز کے بعد اکہتر ۷۱ مرتبہ الم نشرح والی سورت چالیس دن مسلسل پڑھیں انشاء اللہ قرض کے ادا ہونے کی صورتیں پیدا ہو جائیں گی۔

حاجتوں کے پورا ہونے کی دعا:

اگر کوئی حاجتمند اس دعا کو فجر کی نماز کے بعد چالیس مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے

اور اپنے جائز مقصد کے لئے دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔ دعا یہ ہے۔
یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ.

ایک عظیم الشان فائدہ زبردست مصیبتوں کے دور کرنے کیلئے:

حضرت علامہ امام نسفیؒ نے اپنی کتاب کافی میں لکھا ہے کہ جو شخص قرآن کریم کی چودہ سجدوں کی آیتوں کو ایک مجلس ومقام پر پڑھے اور ہر سجدہ کی آیت پر سجدہ بھی کرلے تو اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت کو ضرور پورا فرمائیں گے اور اس کے مسئلوں میں کافی ہوں گے (شرح نور الایضاح)

جس عورت کا شوہر تندخو اور کڑوے مزاج کا ہو:

جس عورت کا شوہر کڑوے مزاج کا وہ اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد ۲۰۰ مرتبہ یہ دعا پڑھے یَا مُقَلِّبُ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارُ یَا خَالِقَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا لَطِیْفُ یَا غَفَّارُ. اوّل وآخر سات سات مرتبہ درود شریف بھی ملالیں انشاء اللہ مفید پائے گی یہ عمل میرے استاذ محترم کا بتایا ہوا ہے جو کہ مجرب بھی ہے۔

مشکل ضرورت کو حل کرنے کے لئے:

مشکل کام کو آسان وحل کرنے کے لئے یہ عمل پڑھیں کہ گیارہ سو مرتبہ یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ. اول وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ روز میں ہی اس عمل کا اثر نظر آجائے گا۔ مگر یاد رہے کہ یہ عمل ایک مجلس بیٹھک میں مکمل کرلیں اور عشاء کی نماز کے بعد ہو۔ (مجربات شیخ)

سورۃ اخلاص کی فضیلت پر نصیحت پکڑنے کا واقعہ:

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر کبیر میں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ جناب

محمد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حضرت جبرئیل علیہ السلام بیٹھے ہوئے تھے۔ اچانک ایک صحابی تشریف لائے تو حضرت بولے کہ یا اللہ کے رسول ﷺ ھذا ابو ذرؓ، یہ ابوذر ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اَوَ تعرِفونہ۔ آپ نے ان کو کیسے جان لیا۔ حضرت جبرئیلؑ فرمانے لگے ھو اشھر عند نا منہ عندکم ، مدینہ منورہ میں جتنی ان کی شہرت ہے اس سے زیادہ آسمان میں ہم فرشتوں کے درمیان شہرت ہے۔ حضور پاک ﷺ نے فرمایا بما ذا نال ھذہ الفضیلۃ یہ عظمت ان کو کیسے حاصل ہوئی حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جواب دیا کہ یہ فضیلت کو ان کو دو عمل سے ملی ہے لصغرہ فی نفسہ اپنے آپ کو خود چھوٹا سمجھتے ہیں یعنی دل میں اپنی بڑائی نہیں ہے۔ دوسرا عمل یہ ہے کہ کثرۃ قرأتہ قل ھو اللہ احد کہ یہ قل ھو اللہ والی سورۃ سورتِ اخلاص بہت پڑھتے ہیں جس کی وجہ سے آسمانوں کے فرشتوں میں ان کا چرچا ہے۔ (تفسیر القرآن المجید)

بے چینی کے وقت کی دعا:

جب جناب محمد رسول اللہ ﷺ کو کوئی فکر و پریشانی پیش آتی تھی تو آپ ﷺ کی یہ دعا ہوتی تھی یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ. اس دعا کے پڑھنے سے ہر قسم کی پریشانی ختم ہو جاتی ہے اور ہر قسم کا رنج و غم مٹ جاتا ہے۔ میں نے اپنے استاذ محترم مدظلہ العالی کو اس دعا کو کثرت سے پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔ میں نے اس قدر زیادہ پڑھنے کا سبب اور وجہ معلوم کی تو انہوں نے فرمایا میری کنواری لڑکیاں (بے نکاح) بیٹھی ہیں۔ ان کے نکاح کے رشتہ کے واسطے اس دعا کو پڑھتا ہوں۔ میں نے دیکھا کہ وہ ہر وقت چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے اس دعا کو پڑھتے تھے اور فرمایا کہ جب حضور پاک ﷺ پر مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹتے تھے تو آپ ﷺ کی زبان مبارک پر بھی کلمات جاری ہوتے تھے لہٰذا اس دعا کو اپنی بے چینی کے وقت پڑھنا چاہیے اس کے پڑھنے کیلئے وقت اور جگہ متعین نہیں ہے۔ ہر وقت خوب کثیر پڑھیں۔

حج بیت اللہ شریف کے واسطے خواب میں بشارت شدہ دعا:

حضرت علامہ دمیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مجھے حج کا بہت شوق لگا ہوا تھا اور حج کرنے کی ایک تڑپ تھی اور دل میں حج کرنے کی بے چینی تھی۔ حج کو جانے کی طاقت خرچ ونفقہ نہ ہونے کی وجہ سے نہیں تھی خواب میں ایک روز ایک بزرگ کی زیارت ہوئی تو میں نے ان بزرگ سے یہ عرض کیا کہ مجھے حج کرنے کا شوق لگا ہوا ہے۔ حج کئے ہوئے بہت دن ہوگئے اور میرے پاس کوئی انتظام نہیں ہے کہ جو میں حج کرسکوں لہٰذا مجھے کچھ رہنمائی فرمایئے تو ان بزرگ نے یہ دعا پڑھنے کو بتائی۔ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الـرَّقِيْـبُ الْمَنَّانُ. علامہ دمیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس دعاء کی برکت سے اُسی سال مجھے حج نصیب ہوا۔ جبکہ میرے پاس کچھ بھی پلے نہیں تھا۔ لہٰذا اس دعا کو کثرت سے پڑھنا چاہئے۔

مشکلات کو آسان کرنے کے لئے عمل:

جب کبھی کوئی ظاہری یا باطنی پریشانی لاحق ہو اور ہر طرف سے ناامید بے کسی و بے بسی غالب ہو تو اللہ تعالیٰ شانہٗ جو حقیقی کام بنانے والے ہیں ان کی بارگاہ میں رات کی تنہائی میں دو رکعت نماز نفل مدد طلب کرنے کی نیت سے پڑھے اور دعا کرے۔ دعا کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت اور تکلیف کو رو رو کر اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کرے۔ چند دن ایسا ہی کریں۔ اٹھتے بیٹھتے استغفار اور درود شریف کی کثرت رکھیں اور روزانہ ۳۴۱ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل پڑھیں۔ یہ بڑی ہی خیر و برکت کا عمل ہے اور بہت جلد اس کا ظہور آپ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (مجربات اکابر)

بزرگوں کا مخصوص عمل:

بزرگانِ دین کا یہ بھی عمل بہت تیز اثر ہے کہ زمانہ کی پریشانیوں اور طرح طرح

کے حادثوں میں اور شدید بیماریوں کے وقت آیت کریمہ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. کا ورد کرتے ہیں اول آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی حاجتوں کے متعلق پیش کریں انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے رنج وغم سے نجات ملے گی۔
(مجربات منہ رمنہ)

ہر قسم کی پریشانی کے دور کرنے کے لئے:

ہر قسم کی پریشانی و الجھن کے موقع پر ۳۱۳ مرتبہ اسی آیت کریم لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. کسی نماز کے بعد متعین کر کے پڑھ لیا کریں خاص طور پر عصر کی یا فجر کی نماز کے بعد ہو تو زیادہ اچھا ہے اور سوتے وقت الم نشرح والی سورۃ سترہ مرتبہ پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں بس کافی ہے۔

ایمان پر خاتمہ ہونے کے لئے:

یہ عمل ایمان پر خاتمہ ہونے کے لئے مستند ہے اگر سوتے وقت پانچوں کلمے اور چاروں قل یعنی کافرون، اخلاص، فلق ناس ایک مرتبہ پڑھ کر سونے کی عادت بنالیں۔ اس طرح پر کہ اس کے پڑھ لینے کے بعد کسی طرح کی گفتگو نہ کریں تو انشاء اللہ تعالیٰ ایمان پر خاتمہ اچھا ہوگا۔

ایمان پر خاتمہ اچھا ہونے کے لئے دعا قرآنی:

مجھ کو میرے استاذ محترم مدظلہ العالی نے یہ قرآن کریم کی دعا خاتمہ بالخیر ہونے کے لے بتائی ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد اس دعا کو پڑھ لینے والے کا خاتمہ اچھا ہوتا ہے۔ اور بری موت سے حفاظت رہتی ہے۔ دعا یہ ہے: رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ.

مستجاب الدعوات ہونے کے لئے:

میرے شیخ پیر و مرشد مدظلہ العالی نے ارشاد فرمایا کہ اس دعا کو روزانہ ستائیس مرتبہ پڑھنے والا مسلمان مستجاب الدعوات یعنی ان لوگوں میں سے ہو جاتا ہے۔ جن کی دعائیں اللہ تعالیٰ فوراً قبول فرمالیتے ہیں بن جاتا ہے۔ بشرطیکہ حلال رزق استعمال کرتا ہو دعا یہ ہے۔ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابْ. اس دعا کو ۲۷ مرتبہ روزانہ چوبیس گھنٹہ میں کسی وقت بھی پڑھ لینا چاہیے۔ (الشیخ)

ابدال کے درجہ کو پانے کی دعا:

مواہب الدنیہ میں ہے کہ حضرت معروف کرخیؒ سے روایت ہے کہ جو شخص اس دعا کو دن رات میں کسی وقت بھی تین مرتبہ پڑھ لے گا اس کا نام ابدال کے رجسٹر میں لکھ دیا جائے گا۔ دعا یہ ہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ ﷺ.

اگر کوئی شدید ضرورت پیش آجائے:

حضرت شیخ شہاب الدینؒ نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ اگر کوئی سخت ضرورت سامنے آجائے تو وہ حاجتمند آدمی بدھ (چہارشنبہ) جمعرات اور جمعہ ان تین دن کا روزہ رکھے۔ جمعہ کے دن خاص طور پر غسل کر کے جمعہ کی نماز کو جاتے ہوئے یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت پوری ہو جائے گی اور فرمایا کہ یہ عمل مجرب و آزمودہ ہے۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. اَلَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ. وَاَسْئَلُكَ

بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ اَلَّذِیْ مَلٰأَتْ عَظْمَةُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. اَلَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَنَتِ الْوُجُوْهُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَبْصَارُ وَوَجِلَتْ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْيَتِهٖ اَنْ تُصَلِّیْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وان تُعْطِيْنِیْ مَسْئَلَتِیْ! وَتُقْضٰی حَاجَتِیْ وَتَسْمِيْهَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

بات میں سچائی رزق میں برکت دشمنوں کے شر سے حفاظت کیلئے:

مجربات علی میں یہ عمل مستند و مدلل ہیں کہ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میرے بولنے میں سچائی رہے تو سورۃ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر پڑھا کرے کثرت کے ساتھ اور اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے رزق کی خوب برکت عطا فرمائیں، تو سورت فلق کثرت کے ساتھ پڑھا کرے اور اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میں دشمنوں کے شر و فتنہ سے محفوظ رہوں تو سورت ناس کثرت کے ساتھ پڑھا کرے۔

مدد و نصرت کا تحفہ:

علماء دین و زرگان دین اولیاء اللہ کے مجربات سے ایک مجرب یہ ہے کہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کو پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور جس مقصد خیر کے لئے بھی اس عمل کو پڑھیں گے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مقصد حل و آسان ہو جائے گا۔ اگر چہ کتنا ہی دشوار و مشکل مسئلہ وقصہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن کے اندر اندر ہی اس مشکل کی گرہ کھل جائے گی۔ بلکہ بعض علماء کرام نے تحریر فرمایا ہے کہ اس عمل کی تمام خوبیاں و فضیلتیں اب تک کسی نے نہیں لکھیں اور نہ کسی نے بیان کیں اور بعض روایت میں ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا جا رہا تھا تو آپ کی

زبان مبارک پر یہی حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل. کلمہ تھا اور بعض روایت میں ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کو دشمنوں نے قتل کرنے کا منصوبہ کرلیا تھا تو آپ ﷺ کی زبان مبارک پر یہی حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل کلمہ تھا اس بنا پر تمام اولیاء اللہ و بزرگان دین رزق کی تنگی کے لئے کاروبار سے پریشانی اور انسان کے لئے مقدمہ کی کامیابی کے لئے جوکہ جائز حق رکھتا ہو اس کے حاصل کرنے کے لئے دشمنوں کے شکنجہ کو کمزور اور فیل کرنے کے لئے ظالموں کی اسکیموں کو ناکامیاب بنانے کے لے اس کا وظیفہ مخصوص طریقہ پر بتایا ہے اور میرے استاد محترم کا فرمان ہے کہ آخرت کے چمکانے کا وظیفہ کلمۂ طیبہ اور دنیاوی زندگی کو چمکانے کا وظیفہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل ہے۔

اس بنا پر اس وظیفہ کو اس وقت خاص طور پر یاد رکھنا چاہئے۔ جبکہ مصیبتوں سے کلیجے منہ کو آرہے ہوں۔ اور کسی کام کی بگڑی بنتی نظر نہ آرہی ہو اس کے معنی کا دھیان کرتے ہوئے پڑھیں کہ ہم کو تو ہمارا اللہ ہی کافی ہے اور بہترین کام بنانے والا ہے۔ اس وظیفہ کو پابندی کے ساتھ جگہ کی تعین کے ساتھ پڑھیں۔

دل کو نورانی بنانا اور بے قراری کا علاج:

میرے شیخ پیر و مرشد مدظلہم العالی نے مخصوص طریقہ پر بتایا کہ عصر کی نماز کے بعد پانچ مرتبہ سورت نباء عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ کا پڑھنا دل کو نورانی بناتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کرتا ہے اگر اسی سورۃ کو پابندی سے پڑھنے والا اس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے دل کی دھڑکن والے مریض کو پلادے تو اسی وقت سے سکون و چین حاصل ہوتا ہے۔
(مجربات صحیح)

اگر شوہر اپنی بیوی سے نفرت کرے:

اگر کوئی شوہر اپنی بیوی سے نفرت کرتا ہو جس کی وجہ سے گھر میں بے چینی و بے

قراری کی آگ لگی ہوئی ہوتو ایسی حالت میں چاہئے کہ قرآن کریم کی یہ آیات لکھ کر تعویذ بنا کر اس تعویذ کو خوشبو کی دھونی دے کر عورت کے گلے میں ڈلوادیں تعویذ کی عبارت یہ ہے: بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم فلما رأینه اکبرنه وقطعن اَیْدِیَهُنَّ وقلنَ حاش لِلٰہِ مَا هٰذَا بَشَرِ اِنْ هٰذَا اِلَّا مَلَکٌ کریم بسم الله الرحمن الرحیم صلی اللّٰہ علی محمد وبارك وسلم.

ایک عجیب مستند عمل:

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم. پھر سورۃ حشر کی آخری تین آیت پڑھے تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے اس پر رحمت کی دعا کرنے کے لئے مقرر فرمادیتے ہیں۔ شام تک اور اگر اسی شام کو پڑھے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے رحمت کی دعا کرنے کے لئے مقرر فرمادیتے ہیں اور اگر وہ اس دن مر گیا تو شہادت کا درجہ حاصل ہوگا۔

تمام حاجتوں کے لئے مخصوص تعویذ:

اس تعویذ کو تمام حاجتوں میں اکسیر ومفید پایا گیا ہے اور اس کو نئے وضو کر کے لکھیں تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر یا گلے میں کالے دھاگے سے ڈال لیں۔ نقش کی خانہ پری ترتیب سے کریں۔ اس کا خاص خیال رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ مفید پائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

۴۳۷	۴۵۲	۴۴۷	۴۴۴
۴۴۸	۴۴۳	۴۳۸	۴۵۱
۴۴۲	۴۴۵	۴۵۴	۴۳۹
۴۵۳	۴۴۰	۴۴۱	۴۴۶

اللھم صلی علی محمد وعلیٰ ال محمد کما صلیت علی

ابراهيم وعلىٰ ال ابراهيم انك حميد مجيد رب انى
مغلوب فانتصر بحق بسم الله الرحمن الرحيم.

ہر نیک کام کے مدد وتوفیق حاصل کرنے کی دعا:

معتبر حوالہ سے یہ دعا ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ سے معلوم کیا گیا ہے کہ آپ کو اتنے بڑے بڑے نیک کام کرنے کی توفیق کیسے حاصل ہوئی تو امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے اس دعا کو مانگتا رہا ہوں۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ عَلٰى طَاعَتِكَ. اے اللہ ہم آپ سے آپ کی اطاعت پر مدد مانگتے ہیں۔اس دعا کو ہر نماز کے بعد ۳ یا سات مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

اچھا خاتمہ ہونے کے لئے عمل:

اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت والے خزانوں میں سے اچھی موت کا ہونا ایک عظیم خزانہ ہے کہ جس انسان کو دنیا سے رخصت ہوتے وقت کلمہ پڑھنے کی توفیق مل جائے۔بعض مرتبہ ناقدری کی وجہ سے ایسا بھی ہوتا ہے کہ دنیا سے جاتے وقت ایمان سے ہاتھ دھو کر جاتا ہے۔ایمان کے ساتھ اور موت کے وقت زبان پر کلمہ آجانے کے لئے مسواک ہے۔

علامہ شامیؒ نے فتاویٰ شامی جلد نمبر ۱، صفحہ ۸۵ میں تحریر فرمایا ہے کہ ومن منافعه تذكير الشهادة عند الموت رزقنا الله ذالك بمنه وكرمه یعنی مسواک کے فائدوں میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ موت کے وقت کلمہ شہادت یاد آتا ہے۔اللہ تعالیٰ اپنے احسان وکرم سے اس کے پڑھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے بھی مسواک کے ستر فائدے تحریر فرمائے ہیں اُن ستر میں سے موت کے وقت کلمہ شہادت پڑھنے کی توفیق ہونا بھی لکھا ہے۔

مسواک کرنے سے اللہ پاک بھی راضی ہوتے ہیں اور فرشتے بھی راضی وخوش ہوتے ہیں۔بلغم کا مرض بھی ختم ہو جاتا ہے۔آنکھوں میں روشنی بڑھتی ہے۔مسواک کی

سنت کی برکت سے ہی مرتے وقت کلمہ پڑھنا یاد آجاتا ہے۔ مسواک کرنے اور پکڑنے کا طریقہ کسی عالم سے معلوم فرمائیں۔

اگر کسی کا کوئی عمل خراب ہو گیا:

اگر کسی شخص کا عمل بگڑ گیا ہو اور وہ شخص عمل کے بگڑنے کی وجہ سے پریشان ہو تو اس کو چاہئے کہ روزانہ پابندی کے ساتھ سوتے وقت باوضو ایک ہزار بار ۱۰۰۰ صَلَّی اللّٰہ عَلیَ النَّبِی الْکَرِیْم وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اس طرح پڑھے کہ اس درود شریف کے درمیان میں ۳۱۳ مرتبہ دعاذ والنون یعنی لاَ اِلٰـهَ اِلاَّ اَنْـتَ سُبْـحَانَكَ اِنِّیْ کُنْـتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ. پڑھے اور اول وآخر اس درود کو ۵۰۰ پانچ سو مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد رہائی نصیب ہوگی۔ (مجربات مخصوص)

تمام دعاؤں میں سے ایک افضل دُعا:

اس دعا سے بڑھ کر اور کون سی دعا ہو سکتی ہے کہ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت سی دعائیں بتائیں کہ جن کو ہم یاد بھی نہ رکھ سکے اور خواہش یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے سب دعائیں مانگیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تم کو نہ بتاؤں کہ جو ان سب دعاؤں کو شامل اور جمع کرنے والی ہو تو یوں کہا کرو۔ اَللّٰهُـمَّ اِنَّـا نَسْـئَلُكَ مِنْ خَیْـرِ مَا سَأَلَكَ مِنْـهُ نَبِیُّكَ مُحَـمَّـد صلی اللہ علیہ وسلم وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا سْتَعَاذَمِنْهُ نَبِیُّكَ مُحَمَّـد صلی اللہ علیہ وسلم وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْكَ الْبَلاَغُ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰه. (حدیث نبوی)

جو شخص غلیظ اور گندے خیالوں اور وسوسوں سے پریشان ہو:

جس انسان کو برے برے خیال اور شیطانی وسوسوں نے پریشان کر رکھا ہو تو وہ

شخص کثرت سے اٹھتے بیٹھتے یہ دعاءِ قرآنی پڑھا کرے۔ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنَ. انشاء اللہ تعالیٰ اس کی کثرت سے یہ شکایت جاتی رہے گی۔ (مجربات استاذ)

ہر قسم کے بُرے خیالات سے نجات کا وظیفہ:

جس انسان کو شیطانی وسوسوں نے پریشان کر رکھا ہو اور وہ ان بُرے خیالات سے عاجز و تنگ آ گیا ہو کہ صحیح عقیدوں سے بھی باہر نکلنے کا ارادہ پر مجبور ہو تو اس کو چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ ایمان مفصل پڑھا کرے اور ساتھ ساتھ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا. ملا لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وسوسوں کی جڑ کمزور پڑ جائے گی اور برے خیالات سے نجات حاصل ہوگی۔ ایمان مفصل کسی عالم سے دریافت فرمالیں۔

جس انسان کو نیکیاں کرنا مشکل اور دشوار ہو:

اس دعا کے پڑھنے سے نیکیاں کرنا آسان ہو جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنے سے بچنے کی قوت اور نیکی کرنے کی طاقت حاصل ہوتی ہے اور گناہوں سے نفرت ہونے لگتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتے ہوئے ڈر و خوف لگنے لگتا ہے اور یہ دعا حدیث شریف میں آئی ہے۔ دعا یہ ہے: اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوَاهَا وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا.

جو لوگ گندے ماحول کی وجہ سے نیک کام کرنے کیلئے پریشان ہوں اور حفاظت میں آنا چاہتے ہوں:

اس دعا کو ہر نماز کے بعد تین تین مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ اس سے اللہ تعالیٰ کی حفاظت حاصل ہوتی ہے اور اس دعا کی برکت سے تمام برائیاں بری معلوم ہونے لگتی ہیں اور اچھائیاں اچھی لگنے لگتی ہیں۔ خاص کر نوجوان حضرات جو کہ جوانی کے نشہ میں کہ بچی

بات ان کے دل و دماغ میں نہ اترتی ہو کہ کانوں سے سُننا بُرا، زبان سے بولنا کڑوا، اور آنکھوں سے ناگوار معلوم ہوتا ہو اور دل سے نفرت کرتا ہو اور وہ نوجوان حضرات اپنی زندگی خراب کر رہے ہیں تو ایسے گناہوں کے مریضوں کے لئے یہ دعا یقینی طور پر بہترین مدد کا ذریعہ ہے۔ ضرور اس کو استعمال میں لائیں اور دعا حدیث شریف میں بھی آئی ہے۔

دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوذُبِکَ من شرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شرِّ بَصْرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مِنِّیْ اے اللہ پناہ چاہتا ہوں میں آپ کی اپنے کانوں کے شر سے اور اپنی آنکھوں کے شر سے اور اپنی زبان کے شر سے اور اپنے دل کے شر سے اور اپنی منی کے شر سے۔

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں پیدا ہو کر مر جاتے ہوں:

ایسی شکایت کے لئے یہ تعویذ استعمال کرائیں کہ ایک کاغذ پر اکسٹھ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر تعویذ بنا کر کالے رنگ کے دھاگے سے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کی زندگی مقدر میں ہوگی تو ہر بلا سے امن و حفاظت میں رہیں گے اور بچہ کی جانب سے کچھ صدقہ بھی صحیح مستحق کو دیں۔ (مجربات صحیح)

آخرت کے اندر نجات پانے کا ایک عظیم الشان ورد:

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں ننادوے مرتبہ دیکھا پھر میں نے چاہا کہ اگر اس مرتبہ اللہ تعالیٰ کی زیارت ہوگی تو ضرور اللہ تعالیٰ سے معلوم کروں گا کہ اے اللہ مخلوق کو اپنے عذاب سے قیامت کے دن کس چیز کے ذریعہ نجات فرمائیں گے۔ بہر حال میں نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا پھر میں نے کہا کہ اے اللہ آپ کا نام مبارک ہے اور آپ کی عظمت سب سے زیادہ بلند و بالا ہے۔ آپ مجھے مطلع فرما دیجئے کہ کس چیز کے ذریعہ اپنے بندوں کو قیامت کے دن نجات فرمائیں

گے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح و شام یہ کلمات پڑھے گا وہ میرے عذاب سے نجات پائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْاَبَدِ الْاَبَدُ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْفَرْدِ الصَّمَدُ سُبْحَانَ اللّٰہِ مَنْ بَسَطَ الْاَرْضَ مَاءَ جَمَدَ سُبْحَانَ مَنْ خَلَقَ الْاَرْضَ فَاَحْصَاھُمْ عَدَدَ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ.

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْوَاحِدِ الْاَحَدْ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَافِعِ السَّمَاءِ بِغَیْرِ عَمَدْ. سُبْحَانَ مَنْ قَسَمَ الرِّزْقَ وَلَمْ یَنْسَ اَحَدْ. سُبْحَانَ مَنْ لَمْ یَتَّخِذْ زَوْجَۃً وَلَا وَلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَہٗ کُفُوًا اَحَدُ. (درمختار) عفو والجمان)

وضو کرنے کے بعد کیا پڑھنا چاہیے:

جو شخص وضو کرنے کے بعد سورۃ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر مکمل ایک مرتبہ پڑھے تو وہ صدیقوں میں سے ہوگا اور جو شخص اس سورۃ کو دو مرتبہ پڑھے تو اس کا نام شہیدوں کے رجسٹر میں لکھ دیا جائے گا اور جو شخص اس سورۃ کو تین مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس انسان کو نبیوں کی جماعت میں اٹھائیں گے۔ عبارت حوالہ کی یہ ہے: من قرأ فی اثر وضوءٖ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر واحدۃ کان من الصدیقین ومن قرأھا مرتین کتب فی دیوان الشھداء ومن قرأھا ثلثا حشرہ اللہ محشر الانبیاء اخرجہ الدیلمی کذا فی المواقی وشرح نور الایضاح اشرف الایضاح ص،۳۵ وکذا نور الفتاح ص ۵۱ اور ایک فضیلت اس میں منقول ہے کہ جس نے وضو کے بعد اسی سورت کو پڑھا تو اس کے پچاس ۵۰ سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔ من قرأھا فی اثر الفرضوء غفر اللہ لہ ذنوب خمسین سنۃ ص ۳۶، نور الفتاح شرح نور الایضاح ۵۱ن.

باغ بغیچہ اور کھیتی کی حفاظت کے لئے:

اگر کھیتی وغیرہ محفوظ نہیں رہتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل کیا جائے کہ زمین میں بیج تخم ڈالنے سے پہلے نیا وضو بنا کر کھیت کے چاروں کونوں پر دو دو رکعت نماز نفل پڑھے پھر بیج ڈالیں بیج ڈالنے کے بعد دعا کرے کہ اے اللہ میں تیرا عاجز و قاصر غلام ہوں اور اے اللہ جو میرے کرنے کا کام تھا وہ میں انجام دے چکا، بس آپ ہی کی حفاظت میں ہے۔آپ اس کو تربیت فرما کر میرے حوالہ فرما دیجئے اور اس میں برکت بھی عطا فرمائیے۔اللہ تعالیٰ سے خوب رو رو کر دعا کریں۔دعا کے اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ (مجربات صالحین)

گندے خوابوں سے حفاظت:

جو شخص یہ چاہے کہ مجھے بُرے، گندے خواب نہ نظر آئیں تو اس کو چاہئے کہ سوتے وقت سترہ مرتبہ الم نشرح والی سورۃ پڑھ کر سینہ پر دم کر کے سوئے۔انشاء اللہ تعالیٰ برے خوابوں سے حفاظت رہے گی اور اچھے خواب نظر آیا کریں گے۔ (مجربات استاذ)

جانوروں کی سرکشی ختم کرنے کے لئے:

اگر آپ کا کوئی سا بھی جانور ہو جو کہ شوخی و سرکشی کرتا ہو تو اس کے گلے میں اس تعویذ کو لکھ کر ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ مفید پائیں گے۔تعویذ میں لکھے جانے والی عبارت یہ ہے۔بسم اللہ الرحمن الرحیم ولا طلھہ ھو ھو ھو دھست ھو ھو ھو ھو ھو ھووھو ھو ھو ھو ھو ھو ھوہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ امھا ھیالو لوس درود بر حضرتؑ لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم.

غلہ کی حفاظت کیلئے:

غلہ کی حفاظت کے لئے مجرب و مستند ہے کہ ایک کاغذ پر حروف مقطعات جو کہ

قرآن کریم میں سورتوں کے اول میں لکھے ہوئے ہیں ان کو لکھیں اور یہ نام بھی لکھیں عبداللہ عروۃ قاسم سعید ابو بکر سلیمان خارجہ عمر نوح علی موسی ابراھیم اور لکھ کر غلہ میں رکھ دیں۔

سورۃ یٰسین شریف کی تاثیر پر حیرت انگیز نصیحت کا واقعہ:

کلام اللہ شریف کی تفسیر کے مفسر علامہ امام ناصر الدین رحمۃ اللہ علیہ پر ایک مرتبہ سکتہ کی حالت طاری ہوئی جس میں انسان کی کیفیت کی مثال مردہ کی ہو جاتی ہے۔ لوگوں نے ان کو یہ سمجھ کر کہ ان کا انتقال ہو گیا ہے قبر میں دفن کر دیا۔ دفن کرنے کے بعد حضرت علامہ رحمۃ اللہ علیہ کی سکتہ کی حالت ختم ہوئی تو قبر میں دیکھتے ہیں مگر کچھ نظر نہیں آتا قبر کے اندر اپنی اس بے چینی کی حالت میں سورۃ یٰسین شریف پڑھنی شروع کر دی اتنے میں ایک کفن چور ان کا کفن چرانے کے لئے ان کی قبر کے سب تختے ہٹا دیئے حضرت امام صاحب جو اپنی قبر سے سیدھے کھڑے ہوئے تو کفن چور ڈر و خوف کی وجہ سے فوراً مر گیا۔ اللہ تعالیٰ نے امام صاحب کو اس مشکل سے نجات عطا فرمائی۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ اس واقعہ سے عبرت و سبق حاصل کریں۔

کھانے کے نقصان سے بچنے کیلئے:

اگر تو کھانا نقصان دینے کا خوف رکھتا ہو تو کھانا شروع کرنے سے پہلے اس دعا کو تین مرتبہ پڑھ انشاء اللہ تعالیٰ اس کھانے کا نقصان نہ ہوگا یقین کے ساتھ پڑھیں یقینی فائدہ ہوگا دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم۔ یہ دعا اسم اعظم کے بیان میں گزر چکی ہے پیچھے دیکھ لیں۔

دوسری دعا اسی سلسلہ میں:

اگر اس نیچے والی دعا کو پورے یقین کے ساتھ سات مرتبہ پڑھ کر کھانا کھائیں تو

کھانا مضر نہ ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ مگر اس کے ساتھ کامل یقین ضروری ہے کہ دونوں جہاں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے بڑھ کر ثانی اور دوسری طاقت نہیں ہے کہ جو کسی طرح کا نقصان ونفع دے سکے۔ مگر ہم اس زمانے کے اندع اپنے دلوں کو ٹول کر دیکھیں کہ ہمارے ایمان ویقین کمزور ہو چکے ہیں۔ ورنہ گزشتہ زمانے کے حالات میں ہے کہ اہل اللہ اور بزرگوں نے اسی دعاء کو پڑھ کر زہر کے پیالے پی لئے ہیں جیسا کہ کتب معتبرہ میں ہے اور ایک حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے قریب زمانہ میں کچھ لوگ (ایمان کی کمزوری کی وجہ سے) اپنے دین کو تھوڑے سے مال کے بدلہ پر بھی فروخت کرنے کو ترجیح دیں گے اور صبح کو آدمی مؤمن ہوگا اور شام کو کافر (اسی ایمان کی کمزوری کی وجہ سے) وہ دعا یہ ہے۔ بسم اللہ خیرَ الاسماء بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم۔

جس انسان کو اپنے گھر میں وحشت معلوم ہو:

جس انسان کو اپنے گھر میں ڈر وخوف وحشت لگتی ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اپنے گھر میں کبوتر پالے رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک صاحب آئے اور کہنے لگے کہ یارسول اللہ ﷺ جب میں اپنے گھر میں داخل ہوتا ہوں تو وحشت لگتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنے گھر میں کبوتر پال لو یہ علاج مستند ہے اور اس سے گھر کی وحشت ختم ہو جائے گی۔ (حدیث نبوی ﷺ)

جب کسی درندے وغیرہ کا خاص طور پر شیر کا خوف ہو:

اگر کہیں بھی راستہ یا گھر یا جنگل وغیرہ میں شیر وغیرہ سامنے آجائے تو اس دعا کو پڑھ لیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آجائے گا۔ یہ دعا بزرگوں کے مجربات میں سے ہے۔ اَللّٰھُمَّ احْرِسْنَا بِعَیْنِكَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاحْفَظْنَا بِرُکْنِكَ الَّذِیْ لَا یُرَامُ

وَارْحَمْنَا بِقُدْرَتِكَ عَلَيْنَا لَا تُهْلِكْ وَاَنْتَ رَجَاءُ نَا يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ.

ایمان کی حفاظت کے لئے مدلل وظیفہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت تک اس کے ایمان کی حفاظت فرماتے رہیں تو اس کو چاہئے کہ وہ نماز مغرب کی سنتوں کے بعد کسی سے گفتگو کرنے سے پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ دونوں رکعتوں میں الحمد شریف کے بعد فلق والناس ایک مرتبہ پڑھے اس عمل سے اللہ تعالیٰ اس کے ایمان کی حفاظت فرماتے ہیں۔

یٰسین شریف کا اپنے پڑھنے والے کے بدخواہ کا آنکھ نکالنا:

حضرت امام شافعیؒ نے اپنی بعض تالیفات میں ایک ولی اللہ زبیدہ شہر کے رہنے والے سے نقل فرمایا ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ میں ایک جنازہ کے ساتھ مغرب کی نماز کے بعد گیا دفن کے بعد جب لوگ چلے آئے اور اندھیرا ہو گیا تو میں وہیں رہ گیا میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص کتے کی صورت کا قبر میں گیا اور زبان نکالتے ہوئے تھکا ہوا نکلا اور سیدھی آنکھ سے کانا میں نے اس سے حال معلوم کیا اس نے کہا کہ میں اس میت سے برائی کرنے گیا تھا اور مجھ سے کسی نے اسی وقت کہا کہ اگر یہ سورت ملک بھی پڑھتا ہوتا تو وہ سورت تیری دوسری آنکھ بھی نکال لیتی۔ (فضائل قرآن)

حفاظت کا مضبوط قلعہ:


مجھے بعض صالحین ومعتمدین سے یہ روایت پہنچی ہے کہ جو شخص انسانی و جناتی و ہوائی و ہر قسم کی حفاظت کا طالب ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد سورت اخلاص قل ہو اللہ احد مکمل سورت چھ مرتبہ اس طرح پڑھا کرے کہ ایک مرتبہ پڑھ کر سینہ کی جانب دم کرے دوسرے مرتبہ پڑھ کر سیدھے کندھے داہنی طرف دم کرے تیسری مرتبہ پڑھ کر بائیں طرف دم کرے۔ چوتھی مرتبہ پڑھ کر آسمان کی جانب دم کرے پانچویں مرتبہ پڑھ کر نیچے زمین پاؤں کی طرف دم کرے۔ چھٹی مرتبہ پڑھ کر پیچھے کی جانب دم

کرے۔ اس عمل سے انشاء اللہ الحفیظ ہر قسم کی ہوائی و آسمانی و زمینی ماروں و بلاؤں سے یہاں تک کہ لاٹھی و بندوق کی ضربوں سے بھی حفاظت میں رہے گا۔

دشمنوں کی نگاہوں سے پوشیدہ رہنے کا عمل:

جو شخص خوف کھاتا ہو اپنے سفر یا حضر میں چوروں سے یا دشمنوں سے تو اس کو چاہئے کہ اس عمل کے ذریعہ اپنی حفاظت کرلے اس طرح پر کہ قبلہ رخ کھڑا ہو اور یوں پڑھے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم. صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا لَا لَا پھر اپنی داہنی جانب منہ کرکے پڑھے اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنَاکُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا لَا لَا پھر اپنی پیٹھ کی طرف منہ کرکے کہے وَجَعَلْنَا مِنْ م بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا لَا لَا پھر اپنی بائیں طرف منہ کرکے کہے یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا لَا لَا پھر اپنی انگلی سے فضا میں قبلہ کی جانب یہ کلمات لکھے قَوْلُہُ الْحَقَّ وَلَہُ الْمُلْکُ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ. (نوٹ) فضا یعنی جس قدر حصہ زمین و آسمان کے درمیان ہے اس کو فضا کہتے ہیں۔

کھیت و باغ کی حفاظت کے لئے:



اگر کسی کھیت وغیرہ میں جانور زیادہ پریشان کرتے ہوں کہ جس کی وجہ سے کھیتی خراب ہوجاتی ہو تو اس نقش کو لکھ کر ایک کاغذ پر بطور تعویذ کے ایک مٹی کی کلیا میں رکھ کر ڈھکن سے بند کردیں اور چاروں طرف کھیت یا

باغ کے کنارے ایک بالشت گڈھا کر کے دفن کر دیں۔

سانپوں کو بھگانے کا مجرب عمل:

کاغذ کے چار ٹکڑوں پر نیچے والے حروف و اعداد لکھ کر گھر مکان وغیرہ کے چاروں کونوں میں رکھدیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے سانپ بھاگ جائیں گے اور کوئی بھی سانپ گھر وغیرہ میں نہیں آئے گا۔ حروف واعداد یہ ہیں۔

۱۷۸۱۱۱۶۱۱ رح ۵۱۱۷۵۵ ۱۱ ۱۱ و و ۷ و و اہ بـــرو۱۱ م
۱۱ ح ۱۱۱ ح ط ۵۵ ۸ سَلَامٌ عَلیٰ نوحٍ فِی الْعالَمِیْنَ.

نوٹ: پاؤ بھر نوشادر کو پانچ کلو پانی میں گھول کر مکان وغیرہ میں بہادیں اور اگر کہیں سانپ وغیرہ کے سوراخ ہوں تو ان سوراخوں میں پانی بھر دیں۔ اس عمل سے آپ کو سانپ دیکھنے کو بھی نہیں ملے گا بلکہ جو سانپ ہوں گے بھی وہ مر جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہی حفاظت فرمانے والے ہیں۔

ہر قسم کی بڑی آفتوں اور بلاؤں سے حفاظت کا وظیفہ:

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح و شام اس دعا کو تین مرتبہ پڑھ لے تو وہ بڑی بلاؤں و آفتوں سے حفاظت میں رہے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم.

بدخوابی سے حفاظت کا تعویذ و عمل:

اگر کوئی شخص سوتے میں ورغلاتا ہو اور ناپاک ہو جاتا ہو تو اس کیلئے یہ تعویذ مفید ہے اسے لکھ کر گلے میں ڈالدیں۔ بسم الله الرحمن الرحیم لهم البشری فی الحیوة الدنیا وفی الآخرة لا تبدیل لکلمات الله. ذالك هُوَ الْفَوْز العظیم.

الٰہی بحرمت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نگاہ دار (مجربات صحیح)

کھیت وغیرہ میں چوہے بہت ہو گئے ہوں اور کھیتی کو نقصان پہنچاتے ہوں:

یہ شکایت اور پریشانی کے لئے پانچ کاغذوں پر یہ الفاظ لکھیں، اور اس کھیت یا باغ میں کلیہ رکھ کر زمین کے چاروں کونوں میں اور ایک بیچ درمیان زمین میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حفاظت میں رہے گی۔ الفاظ یہ ہیں: یَـا اَیُّهَـا الحشـرات الارض اخرجوا من ههنا فان وجدنا کم لنقتلنکم ولنهلکنکم.

درندوں اور سانپوں کیڑے مکوڑوں سے حفاظت کے لئے:

جو شخص کلام اللہ شریف کی اس آیت شریفہ کو اپنا ورد رکھے گا تو وہ شخص زمین کے تمام تکلیف دینے والے جانوروں سے حفاظت میں رہے گا مستند و مدلل ہے۔ (فردوس الحکمۃ) آیت یہ ہے۔ اِنِّیْ تَـوَکَّـلْـتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ مَامِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَا صِيَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ.

سانپوں اور تکلیف دینے والے جانوروں سے حفاظت:

حضرت علامہ دمیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ افریقہ کے گورنر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے پاس یہ شکایت آئی کہ سانپوں اور بچھوؤں وغیرہ سے پریشانی ہے۔ تو حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے جواب لکھ کر روانہ فرمایا کہ تم لوگ صبح و شام یہ پڑھ لیا کرو۔ مَالَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ.

حفاظت کے لئے مجرب مستند تعویذ:

کھیتی کی حفاظت میں اصحاب کہف کے ناموں کو لکھ کر زمین کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ اگر جانور شرارت کرتا ہو تو اصحاب کہف کے ناموں کو لکھ کر اس کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالیں انشاء اللہ شرارت چھوڑ دے گا۔ اگر کشتی یا جہاز میں اصحاب کہف

کے ناموں کو لکھ کر رکھ دیں تو غرق ہونے سے حفاظت میں رہے گی۔ اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔ یَملیخا کمسلمینا کشفوطط طیونس کشا فطیونس اذا فطیونس یوانس بوس قطمیر۔

آسمان یا زمین کے جانور باغ یا کھیت کو نقصان پہنچاتے ہوں:

چار عدد کاغذ پر یہ لکھیں: صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَایَرْجِعُوْنَ. صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَایعلمون. صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَایعقلون. صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَایشعرون. اور پھر ایک عدد کاغذ کو چاروں گوشوں میں کانچ کی شیشی میں رکھ کر دفن کر دیں انشاء اللہ حفاظت میں رہے گا۔

حفاظت کا عجیب وغریب عمل:

حضرت ابن عباس اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے نقل ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن یا رات میں سورت کہف پڑھے گا اس کے پڑھنے کی جگہ سے لے کر مکۃ المکرمہ تک نور حاصل ہوگا اور دوسرے جمعہ تک تین دن زیادہ کر کے مغفرت کی جائے گی اور اس پر ستر ہزار فرشتے صبح ہونے تک رحمت بھیجتے رہیں گے۔ اور پیٹ کے درد اور پسلی کے درد اور جزام، برص کی بیماری اور دجال کے فتنہ سے محفوظ رہتا ہے۔ یہ روایت بیہقی سے حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

جان ومال اسباب اولاد کی حفاظت کے لئے:

حضرت عبدالرحمٰن ابن عوف رضی اللہ عنہ اپنے مال واسباب اور اولاد کی حفاظت کے لئے حروف مقطعات لکھ دیا کرتے تھے حروف مقطعات وہ حروف کہلاتے ہیں جو کلام اللہ شریف میں بعض سورتوں کے شروع میں الگ الگ حروف آئے ہیں جو کہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے الگ الگ پڑھے جانے والے ہیں۔ حروف مقطعات چودہ حروف ہیں۔

اور انتیس سورتوں کے اول میں آئے ہیں۔

مثلاً الٓمٓ الٓمٓرٰ الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ. وغیرہ وغیرہ

آیات حفاظت قرآن کریم میں سے:

یہ قرآن کریم کی منتخب شدہ آیات حفاظت کے لئے ہیں۔ اگر ان آیتوں کولکھ کر انسان یا کسی کے لئے بھی تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں۔ چاہے جنات یا آسیب یا جادو کا خوف ہوتو یہ آیات حفاظت کا قلعہ بن جاتی ہیں۔ ایک اللہ کے ولی سے ثابت ہے کہ انہوں نے جنگل میں بھیڑیوں کے ساتھ بکری کو کھیلتے ہوئے دیکھا ان کو بڑا تعجب ہوا کہ بھیڑیہ تو بکری کا کھلا ہوا جانی دشمن ہے اور یہاں پر ملی بھگت ہے کہ بھیڑیا بکری سے کھیل رہا ہے۔ یہ بزرگ قریب گئے تو بھیڑیا تو فرار ہوگیا اور بکری وہیں پر کھڑی رہی۔ ان بزرگ نے اس بکری کے گلے میں ایک تعویذ پڑا ہوا دیکھا۔ اس تعویذ کو کھول کر دیکھا تو اس میں یہ قرآنِ کریم کی آیات حفاظت لکھی ہوئی تھیں۔ اسی آیات حفاظت سے وہ بکری بھیڑیوں کے ستانے سے محفوظ رہی وہ آیات حفاظت یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمِ. يُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً اِنَّ رَبِّىْ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ حَفِيْظٌ فَا اللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ. لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفِظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ. حَفِظْنَا هَامِنْ كُلِّ شَيْطَانِ الرَّجِيْمِ. وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفاً مَّحْفُوْظًا وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ وحِفْظًا ذَالِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ. وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ حَفِيْظٌ اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِيْنَ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ. يَعْلَمُوْنَ مَاتَفْعَلُوْنَ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَا عَلَيْهَا حَافِظٌ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ. فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ

الْجُنُوْدُ. فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدُ. بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَائِهِمْ مُحِيْطٌ. بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ. فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٌ.

عذاب قبر سے حفاظت کا عمل:

حدیث شریف میں آیا ہے کہ مرنے والے آدمی کی قبر میں عذاب دینے والے فرشتے آتے ہیں تو اس کے پاؤں کہتے ہیں کہ تم اس طرف سے نہیں آسکتے اس لئے کہ یہ شخص ہمارے ذریعہ نماز میں سورت ملک پڑھتا تھا۔ پھر وہ فرشتے سینہ اور دل کی طرف سے آتے ہیں اور پیٹ کی طرف سے آتے ہیں وہ بھی اسی طرح جواب دے دیتے ہیں۔ پھر عذاب کے فرشتے سر کی جانب سے آتے ہیں۔ غرض ہر عضو بدن کا حصہ یہی کہتا ہے کہ تم اس راستہ سے نہیں آسکتے ہو اس لئے کہ یہ شخص ہمارے ذریعہ سورۃ ملک پڑھا کرتا تھا۔ پس یہ سورت اس کو عذاب قبر سے بچاتی ہے۔ ایک حدیث شریف میں ہے کہ سورۃ ملک کی تیس آیتیں آدمی کی اتنی شفاعت کرتی ہیں کہ اس کی مغفرت کردی جاتی ہے اور ایک حدیث شریف میں ہے کہ یہ اپنے پڑھنے والے کی مغفرت کا اس وقت تک سوال کرتی رہتی ہے جب تک کہ اس کو بخش نہ دیا جائے اسی لئے ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرا جی چاہتا ہے کہ یہ سورۃ ملک ہر ایمان والے کے دل میں ہو۔

سورۃ ملک کے فوائد:

سورت ملک کے فائدوں میں سے ایک یہ بھی روایت ہے کہ ایک صحابیؓ نے نہ جانتے ہوئے ایک قبر پر اپنا خیمہ لگایا اس خیمہ میں ان صحابیؓ نے سنا کہ ایک شخص زمین کے اندر اپنی قبر میں سورت ملک پڑھتا ہے اور اس نے سورۃ ملک پوری پڑھی۔ ان صحابیؓ نے فرمایا کہ یہ سورۃ عذابِ قبر سے نجات دینے والی ہے۔ بعض بزرگانِ دین اولیاء اللہ وعلماء کرام سے روایت ہے کہ جو شخص سورت ملک چاند دیکھنے کے وقت پڑھے اسے اس مہینہ میں ہر طرح کی خیر و برکت حاصل ہو اور ہر شر سے محفوظ رہے۔







Rasheed Publications

H.O. 4/203, Lalita Park, Laxmi Nagar New Delhi- 92.
PH 011-22507486, 22428786, Telefax 23289571
B.O. 419, Matia Mahal Jama Masjid, Delhi-6
E-mail rasheedpublications@gmail.com